زمین کی طرف	کتنے	ہم نے اگائے	اس میں	ہر (قسم کے) اچھے جوڑوں سے	بیشک	اس میں

زمین کی طرف نہ دیکھا کہ ہم نے اس میں کتنی قسموں کے اچھے جوڑے اگائے ○ بیشک اس میں

اوصافِ باری تعالیٰ

لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۸﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ

لَاٰيَةً	وَ	مَا كَانَ	اَكْثَرُهُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۸﴾	وَ	اِنَّ	رَبَّكَ
ضرور نشانی (ہے)	اور	نہیں ہیں	ان کے اکثر	ایمان والے	اور	بیشک	تمہارا رب

ضرور نشانی ہے اور ان کے اکثر ایمان والے نہیں ○ اور بیشک تمہارا رب ہی

(1) ان آیتوں میں کفارِ مکہ کی تین بری صفات بیان ہوئیں: (1) نصیحت سے منہ پھیرنا۔ (2) قرآن کو جھٹلانا۔ (3) عذابِ الٰہی کا مذاق اڑانا۔ ان میں ہر بعد والی صفت پہلی سے زیادہ قبیح اور اللہ تعالیٰ کی ناراضی کا موجب ہے۔ مگر اہی اور بدبختی میں آگے بڑھنے والے شخص کا ایسا ہی حال ہوتا ہے کہ پہلے وہ حق اور سچائی سے منہ موڑتا ہے، پھر صراحت کے ساتھ جھٹلاتا اور اس کا انکار کرتا ہے، پھر تکذیب و مخالفت میں مزید آگے بڑھتے ہوئے حق کا مذاق اڑانے پر تل جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس حال سے محفوظ رکھے، اٰمین۔

www.dawateislami.net

حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو حکم الٰہی

لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۹﴾ وَ اِذْ نَادٰى رَبُّكَ

لَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الرَّحِيْمُ ﴿۹﴾	وَ	اِذْ	نَادٰى	رَبُّكَ
ضرور وہی	عزت والا	مہربان (ہے)	اور	(یاد کرو) جب	ندا فرمائی	تمہارے رب (نے)

یقیناً بہت عزت والا، مہربان ہے ○ اور یاد کرو جب تمہارے رب نے موسیٰ کو

مُوْسٰۤى اَنِ ائْتِ الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۰﴾ۙ قَوْمَ فِرْعَوْنَ ؕ اَلَا يَتَّقُوْنَ ﴿۱۱﴾

مُوْسٰۤى	اَنِ ائْتِ	الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۰﴾	قَوْمَ فِرْعَوْنَ (۱)	اَلَا يَتَّقُوْنَ ﴿۱۱﴾
موسیٰ (کو)	کہ جاؤ	ظالم لوگوں (کے پاس)	(جو) فرعون کی قوم (ہے)	کیا وہ نہیں ڈریں گے

ندا فرمائی کہ ظالم لوگوں کے پاس جاؤ ○ جو فرعون کی قوم ہے، کیا وہ نہیں ڈریں گے؟ ○

حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہِ الٰہی میں معروضات

قَالَ رَبِّ اِنِّيْۤ اَخَافُ اَنْ

قَالَ	رَبِّ	اِنِّيْۤ	اَخَافُ (2)	اَنْ
(موسیٰ نے) عرض کی	اے میرے رب	بیشک میں	ڈرتا ہوں	(اس بات سے) کہ

عرض کی: اے میرے رب! میں اس بات سے ڈرتا ہوں کہ

يُّكَذِّبُوْنِ ﴿۱۲﴾ ؕ وَ يَضِيْقُ صَدْرِيْ وَ لَا يَنْطَلِقُ لِسَانِيْ

يُّكَذِّبُوْنِ ﴿۱۲﴾	وَ	يَضِيْقُ	صَدْرِيْ	وَ	لَا يَنْطَلِقُ	لِسَانِيْ (3)
وہ جھٹلائیں گے مجھے	اور	تنگ ہو گا	میرا سینہ	اور	نہیں چلتی	میری زبان

وہ مجھے جھٹلائیں گے ○ اور میرا سینہ تنگ ہو گا اور میری زبان نہیں چلتی

فَاَرْسِلْ اِلٰى هٰرُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَ لَهُمْ عَلَيَّ

فَاَرْسِلْ (4)	اِلٰى هٰرُوْنَ ﴿۱۳﴾	وَ	لَهُمْ	عَلَيَّ
تو تو (جبرئیل کو) بھیج دے	ہارون کی طرف (اور اسے رسول بنادے)	اور	ان (فرعونیوں) کا	مجھ پر

تو تُو ہارون کو بھی رسول بنادے ○ اور ان کا مجھ پر

1 ..... حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو بنی اسرائیل کی طرف بھی رسول بنا کر بھیجا گیا تھا مگر یہاں جو پیغام مذکور ہے وہ خاص فرعون کی قوم قبط کی طرف ہے تاکہ انہیں اُن کی بد کرداری پر زجر و توبیخ اور تنبیہ و نصیحت فرمائیں۔ 2 ..... یہاں خوف سے مراد تبلیغِ نبوت میں رکاوٹ کھڑی ہونے کا خوف ہے۔ 3 ..... بچپن میں فرعون کے گھر پر آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے آگ کا انگارہ منہ میں رکھ لیا تھا جس کی وجہ سے زبان مبارک متاثر ہو گئی اور لکنت پیدا ہو گئی تھی۔ 4 ..... اس کا ترجمہ کنزالعرفان میں یہ کیا ہے کہ "تو تو ہارون کو بھی رسول بنادے" اور لفظی ترجمہ یہ کیا ہے "تو تو (جبریل کو) بھیج دے ہارون کی طرف (اور اسے رسول بنادے)"۔

www.dawateislami.net

ذَنْۢبٌ فَاَخَافُ اَنْ يَّقْتُلُوْنِ ﴿۱۴﴾ قَالَ كَلَّا ۚ

ذَنْۢبٌ (1)	فَاَخَافُ	اَنْ	يَّقْتُلُوْنِ ﴿۱۴﴾	قَالَ	كَلَّا
ایک الزام (ہے)	تو میں ڈرتا ہوں	کہ	وہ قتل کر دیں گے مجھے	(اللہ نے) فرمایا	ہرگز نہیں

ایک الزام ہے تو میں ڈرتا ہوں کہ کہیں وہ مجھے قتل نہ کر دیں ○ (اللہ نے) فرمایا: ہرگز نہیں،

فَاذْهَبَا بِاٰيٰتِنَآ اِنَّا مَعَكُمْ مُّسْتَمِعُوْنَ ﴿۱۵﴾

فَاذْهَبَا	بِاٰيٰتِنَآ	اِنَّا	مَعَكُمْ	مُّسْتَمِعُوْنَ ﴿۱۵﴾
تو تم دونوں جاؤ	ہماری آیتوں (یعنی معجزات) کے ساتھ	بیشک ہم	تمہارے ساتھ	خوب سننے والے (ہیں)

تم دونوں ہمارے معجزات لے کر جاؤ، ہم تمہارے ساتھ ہیں، خوب سننے والے ہیں ○

فَاْتِيَا فِرْعَوْنَ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ﴿۱۶﴾

فَاْتِيَا	فِرْعَوْنَ	فَقُوْلَآ	اِنَّا	رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶﴾
تو تم دونوں جاؤ	فرعون (کے پاس)	پھر (اس سے) کہو	بیشک ہم	تمام جہانوں کے رب کے رسول (ہیں)

تو فرعون کے پاس جاؤ پھر اس سے کہو: بیشک ہم دونوں اس کے رسول ہیں جو تمام جہانوں کا مالک ہے ○

اَنْ اَرْسِلْ مَعَنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۱۷﴾ قَالَ اَلَمْ نُرَبِّكَ

اَنْ	اَرْسِلْ	مَعَنَا	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۱۷﴾	قَالَ	اَلَمْ نُرَبِّكَ
کہ	تو بھیج دے	ہمارے ساتھ	بنی اسرائیل (کو)	(فرعون نے) کہا	کیا ہم نے نہ پالا تجھے

کہ تو ہمارے ساتھ بنی اسرائیل کو بھیج دے ○ (فرعون نے) کہا: کیا ہم نے تمہیں اپنے ہاں

فِيْنَا وَلِيْدًا وَّلَبِثْتَ فِيْنَا مِنْ عُمُرِكَ سِنِيْنَ ۙ﴿۱۸﴾ وَ

فِيْنَا	وَلِيْدًا	وَّ	لَبِثْتَ	فِيْنَا	مِنْ عُمُرِكَ	سِنِيْنَ ﴿۱۸﴾	وَ
اپنے (گھر) میں	بچپن (میں)	اور	تم رہے	ہم میں	اپنی عمر سے	کئی سال	اور

بچپن میں نہ پالا؟ اور تم نے ہمارے یہاں اپنی عمر کے کئی سال گزارے ○ اور

(1) .....اس سے یہ مراد نہیں کہ معاذاللہ حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے کوئی گناہ کیا تھا بلکہ مراد یہ ہے کہ فرعونیوں کا حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام پر الزام ہے کہ انہوں نے قبطی کو قتل کیا ہے اور حقیقت یہ ہے کہ حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے اسے جان بوجھ کر قتل نہیں کیا تھا بلکہ تادیباً اسے مکّا مارا اور وہ قضاءِ الٰہی سے مرگیا تھا اور اس میں حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام پر کوئی الزام نہیں اور نہ ہی آپ کا یہ فعل کسی طرح گناہ کے زمرے میں آتا ہے کیونکہ قبطی ظلم کر رہا تھا اور ظالم کو موقع محل کے مناسب تدبیر اختیار کر کے ادب سکھانا اور مظلوم کو ظلم سے بچانا ایک مستحسن کام ہے۔

www.dawateislami.net

حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا جواب

فَعَلْتَ فَعْلَتَكَ الَّتِیْ فَعَلْتَ وَ اَنْتَ مِنَ الْكٰفِرِیْنَ ﴿۱۹﴾ قَالَ

فَعَلْتَ	فَعْلَتَكَ	الَّتِیْ	فَعَلْتَ	وَ	اَنْتَ	مِنَ الْكٰفِرِیْنَ ﴿۱۹﴾	قَالَ
تم نے کیا	اپنا کام	وہ جو	تم نے کیا	اور	تم	ناشکروں میں سے (ہو)	(موسیٰ نے) فرمایا

تم نے اپنا وہ کام کیا جو تم نے کیا اور تم شکریہ ادا کرنے والوں میں سے نہیں ہو ○ موسیٰ نے فرمایا:

فَعَلْتُهَاۤ اِذًا وَّ اَنَا مِنَ الضَّآلِّیْنَ ﴿۲۰﴾

فَعَلْتُهَاۤ	اِذًا	وَّ	اَنَا	مِنَ الضَّآلِّیْنَ ﴿۲۰﴾ (۱)
میں نے کیا تھا وہ کام	اس وقت	اور (جبکہ)	میں	راہ کی خبر نہ رکھنے والوں میں سے (تھا)

میں نے وہ کام اس وقت کیا تھا جبکہ مجھے راہ کی خبر نہ تھی ○

فَفَرَرْتُ مِنْكُمْ لَمَّا خِفْتُكُمْ فَوَهَبَ لِیْ رَبِّیْ

فَفَرَرْتُ	مِنْكُمْ	لَمَّا	خِفْتُكُمْ	فَوَهَبَ	لِیْ	رَبِّیْ
تو میں نکل گیا	تمہارے (پاس) سے	جب	میں ڈرا تم سے	تو عطا کی	مجھے	میرے رب (نے)

پھر جب میں نے تم لوگوں سے ڈر محسوس کیا تو میں تمہارے پاس سے نکل گیا تو میرے رب نے مجھے

فرعون کے احسان جتانے کا جواب

حُكْمًا وَّ جَعَلَنِیْ مِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ﴿۲۱﴾ وَ تِلْكَ نِعْمَةٌ

حُكْمًا	وَّ	جَعَلَنِیْ	مِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ﴿۲۱﴾	وَ	تِلْكَ	نِعْمَةٌ
حکمت	اور	کر دیا مجھے	رسولوں میں سے	اور	یہ (پالنا)	(کون سی) نعمت (ہے جو)

حکمت عطا فرمائی اور مجھے رسولوں میں سے کر دیا ○ اور یہ کون سی نعمت ہے

تَمُنُّهَا عَلَیَّ اَنْ عَبَّدْتَّ بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ ﴿۲۲﴾

تَمُنُّهَا (2)	عَلَیَّ	اَنْ	عَبَّدْتَّ	بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ ﴿۲۲﴾
تو احسان جتا رہا ہے اس کا	مجھ پر	کہ	تو نے غلام بنا رکھا تھا	بنی اسرائیل (کو)

جس کا تو مجھ پر احسان جتا رہا ہے کہ تو نے بنی اسرائیل کو غلام بنا کر رکھا ○

1 ..... فرعون نے پہلے اپنے احسانات گنوائے، پھر قبطی کے قتل کو حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی ناشکری قرار دیا، اس کے جواب میں حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے اپنے فعل کی وضاحت فرمائی کہ میں نے جب قبطی کو گھونسہ مارا تو اس وقت مجھے معلوم نہ تھا کہ یہ اس سے مر جائے گا کیونکہ میرا مارنا تو اسے ظلم سے روکنے کیلئے تھا نہ کہ قتل کرنے کیلئے اور یہ کوئی ناشکری نہیں۔ 2 ..... فرعون نے جو احسان جتایا تھا اس کے جواب میں فرمایا کہ میری تربیت اور پرورش تیرا کوئی احسان نہیں کیونکہ تو نے بنی اسرائیل کو غلام بنایا اور اُن کی اولادوں کو قتل کیا، تیرے اس ظلم کی وجہ سے میرے والدین میری پرورش نہ کر سکے، اس

www.dawateislami.net

فرعون کا ربُّ العالمین سے متعلق سوال حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کا جواب

قَالَ فِرْعَوْنُ وَمَا رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۲۳﴾ قَالَ

قَالَ	فِرْعَوْنُ	وَ	مَا	رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۲۳﴾	قَالَ
کہا	فرعون (نے)	اور	کیا چیز ہے	سارے جہانوں کا رب	(موسیٰ نے) فرمایا

فرعون نے کہا: اور سارے جہان کا رب کیا چیز ہے؟ ○ موسیٰ نے فرمایا:

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا ؕ اِنْ كُنْتُمْ

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (1)	وَ	مَا	بَیْنَهُمَا	اِنْ	كُنْتُمْ
(وہ) آسمانوں اور زمین کا رب (ہے)	اور	جو کچھ	ان کے درمیان (ہے)	اگر	تم ہو

آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان میں ہے وہ سب کا رب ہے، اگر تم

فرعون کا درباریوں سے اظہارِ تعجب

مُّوْقِنِیْنَ ﴿۲۴﴾ قَالَ لِمَنْ حَوْلَهٗۤ

مُّوْقِنِیْنَ ﴿۲۴﴾	قَالَ	لِمَنْ	حَوْلَهٗۤ
یقین کرنے والے	(فرعون نے) کہا	(ان) سے جو	اس کے آس پاس (تھے)

یقین کرنے والے ہو ○ (فرعون نے) اپنے آس پاس والوں سے کہا:

حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کا حاضر و غائب چیزوں سے استدلال

اَلَا تَسْتَمِعُوْنَ ﴿۲۵﴾ قَالَ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَآىِٕكُمُ الْاَوَّلِیْنَ ﴿۲۶﴾

اَلَا تَسْتَمِعُوْنَ ﴿۲۵﴾	قَالَ	رَبُّكُمْ	وَ	رَبُّ اٰبَآىِٕكُمُ الْاَوَّلِیْنَ ﴿۲۶﴾	
کیا تم غور سے نہیں سن رہے	(موسیٰ نے) فرمایا	(وہ) تمہارا رب	اور	تمہارے پہلے باپ دادا کا رب (ہے)	

کیا تم غور سے نہیں سن رہے؟ ○ موسیٰ نے فرمایا: وہ تمہارا رب ہے اور تمہارے پہلے باپ داداؤں کا رب ہے ○

فرعون کی گستاخی

قَالَ اِنَّ رَسُوْلَكُمُ الَّذِیْۤ اُرْسِلَ اِلَیْكُمْ لَمَجْنُوْنٌ ﴿۲۷﴾

قَالَ	اِنَّ	رَسُوْلَكُمُ	الَّذِیْۤ	اُرْسِلَ	اِلَیْكُمْ	لَمَجْنُوْنٌ ﴿۲۷﴾ (2)
(فرعون نے) کہا	بیشک	تمہارا رسول	جسے	بھیجا گیا ہے	تمہاری طرف	ضرور دیوانہ (ہے)

(فرعون نے) کہا: بیشک تمہارا یہ رسول جو تمہاری طرف بھیجا گیا ہے ضرور دیوانہ ہے ○

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) لئے یہ بات احسان جتانے کے قابل ہی نہیں۔

1 ..... بعض مفسرین کے نزدیک فرعون کا سوال چیز کی جنس کے بارے میں تھا اور اللہ تعالیٰ چونکہ جنس اور ماہیت سے پاک ہے اس لئے حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے اس کے سوال کا جواب دینے کی بجائے اللہ تعالیٰ کے افعال اور اس کی قدرت کے وہ آثار ذکر فرمائے جن کی مثل لانے سے مخلوق عاجز ہے۔

2 ..... فرعون نے حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی طرف جنون کی نسبت اس لئے کی کہ وہ اپنے سوا کسی معبود کے وجود کا قائل نہ تھا اور جو اس کے معبود

www.dawateislami.net

قدرتِ الٰہی کے آثار سے استدلال کی دعوت

قَالَ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَمَا بَيْنَهُمَا ؕ اِنْ

قَالَ	رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ	وَ	مَا	بَيْنَهُمَا	اِنْ
(موسیٰ نے) فرمایا	(وہ) مشرق اور مغرب کا رب (ہے)	اور	جو کچھ	ان کے درمیان (ہے)	اگر

موسیٰ نے فرمایا: وہ مشرق اور مغرب اور جو کچھ ان کے درمیان ہے سب کا رب ہے اگر

فرعون کی دھمکی اور حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا جواب

كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۲۸﴾ قَالَ لَئِنِ اتَّخَذْتَ اِلٰهًا غَيْرِيْ

كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۲۸﴾	قَالَ	لَئِنِ	اتَّخَذْتَ	اِلٰهًا	غَيْرِيْ
تم عقل رکھتے ہو	(فرعون نے) کہا	ضرور اگر	تم نے بنایا	کوئی معبود	میرے سوا

تمہیں عقل ہو ○ (فرعون نے) کہا: (اے موسیٰ!) اگر تم نے میرے سوا کسی اور کو معبود بنایا

لَاَجْعَلَنَّكَ مِنَ الْمَسْجُوْنِيْنَ ﴿۲۹﴾ قَالَ اَوَلَوْ

لَاَجْعَلَنَّكَ	مِنَ الْمَسْجُوْنِيْنَ ﴿۲۹﴾ (۱)	قَالَ	اَوَلَوْ
(تو) ضرور میں کر ڈالوں گا تجھے	قیدیوں میں سے	(موسیٰ نے) فرمایا	کیا اگرچہ

تو میں ضرور تمہیں قید کر دوں گا ○ موسیٰ نے فرمایا: کیا اگرچہ

فرعون کی طرف سے نشانی کا طلب

جِئْتُكَ بِشَيْءٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۰﴾ قَالَ فَاْتِ بِهٖۤ اِنْ كُنْتَ

جِئْتُكَ بِشَيْءٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۰﴾	قَالَ	فَاْتِ بِهٖۤ	اِنْ	كُنْتَ
میں لے آؤں تمہارے پاس کوئی روشن چیز	(فرعون نے) کہا	تو لے آ اسے	اگر	تم ہو

میں تیرے پاس کوئی روشن چیز لے آؤں ○ (فرعون نے) کہا: (اے موسیٰ!) اگر تم سچوں میں سے ہو

حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اظہارِ معجزات

مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۳۱﴾ فَاَلْقٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ

مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۳۱﴾	فَاَلْقٰى	عَصَاهُ	فَاِذَا	هِيَ
سچوں میں سے	تو (موسیٰ نے) ڈال دیا	اپنا عصا	تو اچانک	وہ (ہو گیا)

تو وہ نشانی لے آؤ ○ تو موسیٰ نے اپنا عصا ڈال دیا تو اچانک وہ

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) ہونے کا اعتقاد نہ رکھتا اسے وہ خارج از عقل کہتا تھا اور حقیقۃً اس طرح کی گفتگو آدمی کی زبان پر اس وقت آتی ہے جب وہ عاجز ہو چکا ہو۔

(1) ..... جب فرعون جواب دینے سے عاجز ہو گیا تو اس نے دھمکی دی کہ اے موسیٰ! عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام، اگر تم نے میرے سوا کسی اور کو معبود بنایا تو میں ضرور تمہیں قید کر دوں گا۔ فرعون کی قید قتل سے بدتر تھی، اس کا جیل خانہ تنگ و تاریک اور گہرا گڑھا تھا، اس میں اکیلا ڈال دیتا، نہ وہاں کوئی آواز سنائی دیتی اور نہ کچھ نظر آتا تھا۔

www.dawateislami.net

ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ﴿٣٢﴾ وَّنَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا هِيَ بَيْضَآءُ

ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ﴿٣٢﴾	وَّ	نَزَعَ	يَدَهٗ	فَاِذَا	هِيَ	بَيْضَآءُ
بالکل واضح ایک بہت بڑا سانپ	اور	اس نے نکالا	اپنا ہاتھ	تو اچانک	وہ (ہو گیا)	روشن

بالکل واضح ایک بہت بڑا سانپ ہو گیا ○ اور اپنا ہاتھ نکالا تو اچانک وہ دیکھنے والوں کی نگاہ میں

فرعون کی سیاسی چالبازی اور سرداروں سے مشورہ

ع ۲۴

لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿٣٣﴾ قَالَ لِلْمَلَاِ حَوْلَهٗٓ اِنَّ هٰذَا

لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿٣٣﴾	قَالَ	لِلْمَلَاِ حَوْلَهٗٓ	اِنَّ	هٰذَا
دیکھنے والوں کے لئے	(فرعون نے) کہا	اپنے ارد گرد کے سرداروں سے	بیشک	یہ

جگمگانے لگا ○ (فرعون نے) اپنے ارد گرد موجود سرداروں سے کہا: بیشک یہ

لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ ﴿٣٤﴾ يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ

لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ ﴿٣٤﴾	يُّرِيْدُ	اَنْ	يُّخْرِجَكُمْ	مِّنْ اَرْضِكُمْ
ضرور بڑے علم والا جادوگر (ہے)	وہ چاہتا ہے	کہ	نکال دے تمہیں	تمہاری زمین سے

بڑے علم والا جادوگر ہے ○ یہ چاہتا ہے کہ تمہیں اپنے جادو کے زور سے

سرداروں کا جواب

بِسِحْرِهٖ ۖ فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ ﴿٣٥﴾ قَالُوْٓا اَرْجِهْ

بِسِحْرِهٖ (۱)	فَمَاذَا	تَاْمُرُوْنَ ﴿٣٥﴾	قَالُوْٓا	اَرْجِهْ
اپنے جادو کے ذریعے	تو (اب) کیا	تم مشورہ دیتے ہو	انہوں نے کہا	تم مہلت دو اسے

تمہارے ملک سے نکال دے تو (اب) تم کیا مشورہ دیتے ہو؟ ○ انہوں نے کہا: اسے

وَاَخَاهُ وَابْعَثْ فِي الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿٣٦﴾

وَ	اَخَاهُ	وَ	ابْعَثْ	فِي الْمَدَآئِنِ	حٰشِرِيْنَ ﴿٣٦﴾
اور	اس کے بھائی (کو)	اور	بھیجو	شہروں میں	جمع کرنے والے

اور اس کے بھائی کو مہلت دو اور شہروں میں جمع کرنے والے بھیجو ○

(۱) ..... حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے معجزات دیکھ کر فرعون ڈر گیا اور اہلِ دربار پر حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی حقانیت واضح ہو گئی تو اس نے اس تاثر کو زائل کرنے کے لئے حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو جادوگر کہہ کر یہ الزام لگا دیا کہ وہ اپنے جادو کے ذریعے تمہیں تمہاری سرزمین سے بے دخل کرنا چاہتے ہیں۔ یہ حقیقت میں وہی طریقہ ہے جسے ہم سیاسی چالبازی کہتے ہیں کہ جھوٹا پروپیگنڈا کر کے کسی کو بدنام اور غیر مقبول کرنے کی کوشش کی جائے تاکہ کوئی اس کی بات نہ سنے۔ ہمارے معاشرے میں اس کے مناظر عام ہیں۔ حدیثِ پاک میں ہے: جو شخص کسی مسلمان کو ذلیل کرنے کی غرض سے اس پر

www.dawateislami.net

فرعون کی حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام سے مقابلے کی تیاری

فرعون کی طرف سے جادوگروں کی حوصلہ افزائی

يَاْتُوْكَ بِكُلِّ سَحَّارٍ عَلِيْمٍ ﴿٣٧﴾ فَجُمِعَ السَّحَرَةُ

يَاْتُوْكَ بِكُلِّ سَحَّارٍ عَلِيْمٍ ﴿٣٧﴾	فَجُمِعَ	السَّحَرَةُ
وہ لے آئیں گے تمہارے پاس تمام بڑے علم والے جادوگر (کو)	تو جمع کر لیا گیا	جادوگروں (کو)

وہ تمہارے پاس ہر بڑے علم والے جادوگر کو لے آئیں گے ○ تو جادوگروں کو

لِمِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿٣٨﴾ وَّقِيْلَ لِلنَّاسِ هَلْ اَنْتُمْ مُّجْتَمِعُوْنَ ﴿٣٩﴾

لِمِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿٣٨﴾	وَّ	قِيْلَ	لِلنَّاسِ	هَلْ	اَنْتُمْ	مُّجْتَمِعُوْنَ ﴿٣٩﴾
ایک مقرر دن کے وعدے پر	اور	کہا گیا	لوگوں سے	کیا	تم	جمع ہونے والے (ہو)

ایک مقرر دن کے وعدے پر جمع کر لیا گیا ○ اور لوگوں سے کہا گیا: کیا تم جمع ہو گے؟ ○

لَعَلَّنَا نَتَّبِعُ السَّحَرَةَ اِنْ كَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿٤٠﴾ فَلَمَّا

لَعَلَّنَا	نَتَّبِعُ (1)	السَّحَرَةَ	اِنْ	كَانُوْا	هُمُ	الْغٰلِبِيْنَ ﴿٤٠﴾	فَلَمَّا
شاید ہم	پیروی کریں	جادوگروں (کی)	اگر	وہ ہوں	وہی	غالب آنے والے	پھر جب

شاید ہم ان جادوگروں ہی کی پیروی کریں اگر یہ غالب ہو جائیں ○ پھر جب

جَآءَ السَّحَرَةُ قَالُوْا لِفِرْعَوْنَ اَئِنَّ لَنَا لَاَجْرًا

جَآءَ	السَّحَرَةُ	قَالُوْا	لِفِرْعَوْنَ	اَئِنَّ	لَنَا	لَاَجْرًا
آئے	جادوگر	(تو) انہوں نے کہا	فرعون سے	کیا بیشک	ہمارے لئے	ضرور کوئی معاوضہ (ہے)

جادوگر آئے تو انہوں نے فرعون سے کہا: کیا ہمارے لئے کوئی معاوضہ بھی ہے

اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿٤١﴾ قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ اِذًا

اِنْ	كُنَّا	نَحْنُ	الْغٰلِبِيْنَ ﴿٤١﴾	قَالَ	نَعَمْ	وَ	اِنَّكُمْ	اِذًا
اگر	ہو گئے	ہم	غالب آنے والے	(فرعون نے) کہا	ہاں	اور	بیشک تم	اس وقت

اگر ہم غالب ہو گئے ○ (فرعون نے) کہا: ہاں اور اس وقت تم

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) الزام عائد کرے تو اللہ تعالیٰ جہنم کے پل پر اسے روک لے گا یہاں تک کہ وہ اپنے کہنے کے مطابق عذاب پالے۔ (ابو داود، ۴/۳۵۴، الحدیث: ۴۸۸۳)

1 ..... اس بات سے سرداروں کا مقصود واقعی جادوگروں کی پیروی کرنا نہ تھا بلکہ غرض یہ تھی کہ وہ کسی طرح لوگوں کو حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پیروی کرنے سے روک لیں۔

www.dawateislami.net

حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام اور جادوگروں میں مقابلے کی ابتداء

لَّمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿٤٢﴾ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا مَآ

لَّمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿٤٢﴾	قَالَ	لَهُمْ	مُّوْسٰٓى	اَلْقُوْا (1)	مَآ
ضرور قریبی لوگوں میں سے (ہو جاؤ گے)	فرمایا	ان (جادوگروں) سے	موسیٰ (نے)	تم ڈالو	جو

میرے نہایت قریبی لوگوں میں سے ہو جاؤ گے ○ موسیٰ نے ان سے فرمایا: تم ڈالو جو

اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ﴿٤٣﴾ فَاَلْقَوْا حِبَالَهُمْ وَعِصِيَّهُمْ وَ

اَنْتُمْ	مُّلْقُوْنَ ﴿٤٣﴾	فَاَلْقَوْا	حِبَالَهُمْ	وَ	عِصِيَّهُمْ	وَ
تم	ڈالنے والے ہو	تو انہوں نے (زمین پر) ڈال دیں	اپنی رسیاں	اور	اپنی لاٹھیاں	اور

تم ڈالنے والے ہو ○ تو انہوں نے اپنی رسیاں اور لاٹھیاں (زمین پر) ڈال دیں اور

حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے عصا کا کمال

قَالُوْا بِعِزَّةِ فِرْعَوْنَ اِنَّا لَنَحْنُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿٤٤﴾ فَاَلْقٰى

قَالُوْا	بِعِزَّةِ فِرْعَوْنَ (2)	اِنَّا	لَنَحْنُ	الْغٰلِبُوْنَ ﴿٤٤﴾	فَاَلْقٰى
کہنے لگے	فرعون کی عزت کی قسم	بیشک	ضرور ہم (ہی)	غالب آنے والے (ہوں گے)	تو ڈالا

کہنے لگے: فرعون کی عزت کی قسم! بیشک ہم ہی غالب ہوں گے ○ تو موسیٰ نے

مُوْسٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ﴿٤٥﴾

مُوْسٰى	عَصَاهُ	فَاِذَا	هِيَ	تَلْقَفُ	مَا يَاْفِكُوْنَ ﴿٤٥﴾
موسیٰ (نے)	اپنا عصا	تو جبھی	وہ	نگلنے لگا	ان کی شعبدہ بازیوں (کو)

اپنا عصا (زمین پر) ڈالا تو جبھی وہ ان کی جعلسازیوں کو نگلنے لگا ○

جادوگروں کا سجدہ اور اعلانِ ایمان

فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿٤٦﴾ قَالُوْٓا اٰمَنَّا

فَاُلْقِيَ	السَّحَرَةُ	سٰجِدِيْنَ ﴿٤٦﴾	قَالُوْٓا	اٰمَنَّا
تو ڈال دیے گئے	جادوگر	سجدہ کرنے والے (سجدے میں)	انہوں نے کہا	ہم ایمان لائے

تو جادوگر سجدے میں گرا دیے گئے ○ انہوں نے کہا: ہم ایمان لائے

1 ..... حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کا جادوگروں سے یہ فرمانا جادو کی اجازت دینے کے طور پر نہ تھا بلکہ اس لئے تھا کہ اُن کے پاس جادو کے جو مکر و حیلے ہیں پہلے وہ سب ظاہر کر لیں اس کے بعد آپ اپنا معجزہ دکھائیں اور جب حق باطل کو مٹائے اور معجزہ جادو کو باطل کر دے تو دیکھنے والوں کو بصیرت و عبرت حاصل ہو۔ 2 ..... جادوگروں نے فرعون کی عزت کی قسم اس لئے کھائی کہ انہیں اپنے غلبہ کا اطمینان تھا کیونکہ جادو کے اعمال میں سے جو انتہا کے عمل تھے یہ اُن کو کام میں لائے تھے اور انہیں کامل یقین تھا کہ اب کوئی جادو اس کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔

www.dawateislami.net

فرعون کی جادوگروں کو دھمکی

بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ﴿۴۷﴾ رَبِّ مُوْسٰى وَ هٰرُوْنَ ﴿۴۸﴾ قَالَ اٰمَنْتُمْ

بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۷﴾	رَبِّ مُوْسٰى وَ هٰرُوْنَ ﴿۴۸﴾	قَالَ	اٰمَنْتُمْ
تمام جہانوں کے رب پر	(جو) موسیٰ اور ہارون کا رب (ہے)	(فرعون نے) کہا	تم ایمان لے آئے

اس پر جو سارے جہان کا رب ہے ○ جو موسیٰ اور ہارون کا رب ہے ○ فرعون نے کہا: کیا تم

لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ؕ اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ

لَهٗ	قَبْلَ	اَنْ	اٰذَنَ	لَكُمْ	اِنَّهٗ	لَكَبِيْرُكُمُ
اس پر	(اس سے) پہلے	کہ	میں اجازت دوں	تمہیں	بیشک وہ (موسیٰ)	ضرور تمہارا بڑا (ہے)

اس پر ایمان لے آئے اس سے پہلے کہ میں تمہیں اجازت دوں۔ بیشک یہ (موسیٰ) تمہارا بڑا ہے

الَّذِيْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ فَلَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۬ؕ

الَّذِيْ	عَلَّمَكُمُ	السِّحْرَ	فَلَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ
جس نے	سکھایا تمہیں	جادو	تو ضرور جلد تم جان جاؤ گے

جس نے تمہیں جادو سکھایا تو جلد تم جان جاؤ گے

لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَ اَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ وَّ

لَاُقَطِّعَنَّ	اَيْدِيَكُمْ	وَ	اَرْجُلَكُمْ	مِّنْ خِلَافٍ	وَّ
مجھے قسم ہے بیشک میں کاٹوں گا	تمہارے ہاتھ	اور	تمہارے پاؤں	مخالف طرف سے	اور

تو مجھے قسم ہے میں ضرور ضرور تمہارے ایک طرف کے ہاتھ اور دوسری طرف کے پاؤں کاٹ دوں گا اور

جادوگروں کی توبہ، ایمان اور ایمان افروز جواب

لَاُوصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۴۹﴾ قَالُوْا لَا ضَيْرَ ۫ اِنَّاۤ

لَاُوصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۴۹﴾ (1)	قَالُوْا	لَا ضَيْرَ (2)	اِنَّاۤ
مجھے قسم ہے میں ضرور سولی دوں گا تم سب کو	انہوں نے کہا	کوئی نقصان نہیں	بیشک ہم

تم سب کو پھانسی دوں گا ○ جادوگروں نے کہا: کچھ نقصان نہیں، بیشک ہم

1 ..... اس گفتگو سے فرعون کا ایک مقصد یہ تھا کہ لوگ شبہ میں پڑ جائیں اور وہ یہ نہ سمجھیں کہ جادوگروں پر حق ظاہر ہو گیا اسی لئے وہ ایمان لے آئے اور دوسرا مقصد یہ تھا کہ عام مخلوق ڈر جائے اور لوگ جادوگروں کو دیکھ کر حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام پر ایمان نہ لائیں۔

2 ..... جادوگروں نے فرعون کی دھمکی کی کوئی پرواہ نہ کی اور کلمۂ حق کہہ دیا۔ اس سے معلوم ہوا کہ مسلمانوں کو حق کا اظہار کرنا چاہئے اور ظالموں کے ظلم اور ان کی دھمکیوں کی پرواہ نہ کر کے کلمۂ حق سنا دینا چاہئے۔

www.dawateislami.net

اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ﴿۵۰﴾ اِنَّا نَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ

اِلٰى رَبِّنَا	مُنْقَلِبُوْنَ ﴿۵۰﴾	اِنَّا	نَطْمَعُ	اَنْ	يَّغْفِرَ
اپنے رب کی طرف	پلٹنے والے (ہیں)	بیشک ہم	لالچ کرتے ہیں	(اس کا) کہ	بخش دے

اپنے رب کی طرف پلٹنے والے ہیں ○ ہم اس بات کی لالچ کرتے ہیں کہ ہمارا رب

لَنَا رَبُّنَا خَطٰيٰنَآ اَنْ كُنَّآ اَوَّلَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۱﴾ وَ

لَنَا	رَبُّنَا	خَطٰيٰنَآ	اَنْ	كُنَّآ	اَوَّلَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۱﴾ (1)	وَ
ہمارے لئے	ہمارا رب	ہماری خطائیں	(اس بنا پر) کہ	ہم ہیں	پہلے ایمان لانے والے	اور

ہماری خطائیں بخش دے اس بنا پر کہ ہم سب سے پہلے ایمان لانے والے ہیں ○ اور

اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْٓ اِنَّكُمْ

اَوْحَيْنَآ	اِلٰى مُوْسٰٓى	اَنْ	اَسْرِ	بِعِبَادِيْٓ	اِنَّكُمْ
ہم نے وحی بھیجی	موسیٰ کی طرف	کہ	راتوں رات لے چلو	میرے بندوں کو	بیشک تمہارا

ہم نے موسیٰ کی طرف وحی بھیجی کہ راتوں رات میرے بندوں کو لے چلو، بیشک تمہارا

مُّتَّبَعُوْنَ ﴿۵۲﴾ فَاَرْسَلَ فِرْعَوْنُ فِي الْمَدَآىِٕنِ حٰشِرِيْنَ ﴿۵۳﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ

مُّتَّبَعُوْنَ ﴿۵۲﴾	فَاَرْسَلَ	فِرْعَوْنُ	فِي الْمَدَآىِٕنِ	حٰشِرِيْنَ ﴿۵۳﴾	اِنَّ	هٰٓؤُلَآءِ
پیچھا کیا جائے گا	تو بھیجے	فرعون (نے)	شہروں میں	جمع کرنے والے	بیشک	یہ لوگ

پیچھا کیا جائے گا ○ تو فرعون نے شہروں میں جمع کرنے والے بھیجے ○ (اور کہا:) یہ لوگ

لَشِرْذِمَةٌ قَلِيْلُوْنَ ﴿۵۴﴾ وَ اِنَّهُمْ لَنَا لَغَآىِٕظُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَ اِنَّا

لَشِرْذِمَةٌ قَلِيْلُوْنَ ﴿۵۴﴾ (2)	وَ	اِنَّهُمْ	لَنَا	لَغَآىِٕظُوْنَ ﴿۵۵﴾	وَ	اِنَّا
ضرور ایک تھوڑی سی جماعت (ہیں)	اور	بیشک وہ	ہمیں	ضرور غصہ دلانے والے (ہیں)	اور	بیشک ہم

ایک تھوڑی سی جماعت ہیں ○ اور بیشک یہ ہمیں غصہ دلانے والے ہیں ○ اور بیشک ہم

حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ہجرت کا حکم

فرعون کا تعاقب کرنا

ع ۱۸ ۷

1 ..... اس سے مراد یہ ہے کہ ہم فرعون کی رعایا میں سے یا اس مجمع کے حاضرین میں سے سب سے پہلے حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام پر ایمان لانے والے ہیں۔

2 ..... بنی اسرائیل کی تعداد اگرچہ لاکھوں میں تھی لیکن یہ بہت دبے ہوئے، کمزور اور غریب لوگ تھے، اس لئے فرعون نے انہیں حقیر سمجھتے ہوئے کہا کہ یہ لوگ تھوڑی سی جماعت ہیں۔

www.dawateislami.net

فرعونیوں کا فرعون اور بنی اسرائیل پر انعام

لَجَمِيْعٌ حٰذِرُوْنَ ﴿٥٦﴾ فَاَخْرَجْنٰهُمْ مِّنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿٥٧﴾

لَجَمِيْعٌ	حٰذِرُوْنَ ﴿٥٦﴾	فَاَخْرَجْنٰهُمْ	مِّنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿٥٧﴾ (1)
ضرور سب	ہوشیار ہیں	تو ہم نے باہر نکالا ان (فرعون اور اس کی قوم) کو	باغوں اور چشموں (کی زمین) سے

سب ہوشیار ہیں ○ تو ہم نے انہیں (فرعون اور اس کی قوم کو) باغوں اور چشموں (کی زمین) سے باہر نکالا ○

وَّكُنُوْزٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ﴿٥٨﴾ كَذٰلِكَ ؕ وَاَوْرَثْنٰهَا

وَّ	كُنُوْزٍ	وَّ	مَقَامٍ كَرِيْمٍ ﴿٥٨﴾	كَذٰلِكَ	وَ	اَوْرَثْنٰهَا
اور	خزانوں	اور	عزت والی جگہ (سے)	اسی طرح (کیا)	اور	ہم نے وارث بنادیا ان کا

اور خزانوں اور عمدہ مکانوں سے ○ ہم نے ایسے ہی کیا اور بنی اسرائیل کو

بنی اسرائیل کو فرعونیوں اور حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تسلی

بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ ﴿٥٩﴾ فَاَتْبَعُوْهُمْ مُّشْرِقِيْنَ ﴿٦٠﴾ فَلَمَّا

بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ ﴿٥٩﴾	فَاَتْبَعُوْهُمْ	مُّشْرِقِيْنَ ﴿٦٠﴾	فَلَمَّا
بنی اسرائیل (کو)	تو (فرعونیوں نے) پیچھا کیا ان کا	سورج نکلتے ہوئے	پھر جب

ان کا وارث بنادیا ○ تو دن نکلنے کے وقت فرعونیوں نے ان کا تعاقب کیا ○ پھر جب

تَرَآءَ الْجَمْعٰنِ قَالَ اَصْحٰبُ مُوْسٰۤى اِنَّا

تَرَآءَ	الْجَمْعٰنِ	قَالَ	اَصْحٰبُ مُوْسٰۤى	اِنَّا
ایک دوسرے کو دیکھا	دونوں گروہوں (نے)	(تو) کہا	موسیٰ کے ساتھیوں (نے)	بیشک ہم

دونوں گروہوں کا آمنا سامنا ہوا تو موسیٰ کے ساتھیوں نے کہا: بیشک

لَمُدْرَكُوْنَ ﴿٦١﴾ قَالَ كَلَّا ۚ اِنَّ مَعِيَ رَبِّيْ

لَمُدْرَكُوْنَ ﴿٦١﴾	قَالَ	كَلَّا	اِنَّ	مَعِيَ	رَبِّيْ
ضرور پالئے گئے (ہیں)	(موسیٰ نے) فرمایا	ہرگز نہیں	بیشک	میرے ساتھ	میرا رب (ہے)

ہمیں پالیا گیا ○ موسیٰ نے فرمایا: ہرگز نہیں، بیشک میرے ساتھ میرا رب ہے

(1) .....باغات سے مراد دریائے نیل کے دونوں کناروں پر اگے ہوئے درخت ہیں اور چشموں سے مراد دریائے نیل سے نکلنے والی نہریں ہیں۔ حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام اور بنی اسرائیل کے مصر سے نکلنے کی اطلاع پاکر فرعون نے اپنا لشکر جمع کیا اور سورج نکلتے ہی اُن کے تعاقب میں نکل گیا۔ حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے ساتھیوں نے فرعونی لشکر دیکھ کر پریشانی کا اظہار کیا تو آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے انہیں تسلی دی۔ پھر حکمِ الٰہی سے دریا پر عصا مارا تو اس میں بارہ راستے بن گئے، ان راستوں سے گزر کر بنی اسرائیل دریا پار کر گئے اور جب فرعون اور اس کا لشکر ان راستوں میں داخل ہوا تو اللہ تعالیٰ نے اسے لشکر سمیت غرق کر دیا۔

www.dawateislami.net

نصرتِ الٰہی اور معجزۂ موسوی کا اظہار

سَيَهْدِيْنِ ﴿٦٢﴾ فَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ

سَيَهْدِيْنِ ﴿٦٢﴾	فَاَوْحَيْنَآ	اِلٰى مُوْسٰٓى	اَنِ	اضْرِبْ	بِّعَصَاكَ
وہ ابھی راستہ دکھادے گا مجھے	تو ہم نے وحی بھیجی	موسیٰ کی طرف	کہ	مارو	اپنا عصا

وہ ابھی مجھے راستہ دکھادے گا ○ تو ہم نے موسیٰ کی طرف وحی بھیجی کہ دریا پر

بنی اسرائیل کی نجات اور فرعونیوں کا انجام

الْبَحْرَ ؕ فَانْفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِيْمِ ﴿٦٣﴾ وَ

الْبَحْرَ	فَانْفَلَقَ	فَكَانَ	كُلُّ فِرْقٍ	كَالطَّوْدِ الْعَظِيْمِ ﴿٦٣﴾	وَ
دریا (پر)	(جب عصا مارا) تو دریا پھٹ گیا	تو ہو گیا	ہر حصہ، راستہ	بڑے پہاڑ جیسا	اور

اپنا عصا مارو تو اچانک وہ دریا پھٹ گیا تو ہر راستہ بڑے پہاڑ جیسا ہو گیا ○ اور

اَزْلَفْنَا ثَمَّ الْاٰخَرِيْنَ ﴿٦٤﴾ وَ اَنْجَيْنَا مُوْسٰى وَمَنْ

اَزْلَفْنَا	ثَمَّ	الْاٰخَرِيْنَ ﴿٦٤﴾	وَ	اَنْجَيْنَا	مُوْسٰى	وَ	مَنْ
ہم قریب لے آئے	وہاں	دوسروں (کو)	اور	ہم نے بچالیا	موسیٰ (کو)	اور	جو

وہاں ہم دوسروں کو قریب لے آئے ○ اور ہم نے موسیٰ اور اس کے

قدرتِ الٰہی کی نشانی اور فرعونیوں کا حال

مَّعَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ﴿٦٥﴾ ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿٦٦﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

مَّعَهٗٓ	اَجْمَعِيْنَ ﴿٦٥﴾	ثُمَّ	اَغْرَقْنَا	الْاٰخَرِيْنَ ﴿٦٦﴾	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ
اس کے ساتھ (تھا)	سب (کو)	پھر	غرق کر دیا	دوسروں (کو)	بیشک	اس میں

سب ساتھ والوں کو بچالیا ○ پھر دوسروں کو غرق کر دیا ○ بیشک اس میں

عظمتِ باری تعالیٰ

لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٦٧﴾ وَاِنَّ

لَاٰيَةً	وَ	مَا كَانَ	اَكْثَرُهُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٦٧﴾ (1)	وَ	اِنَّ
ضرور نشانی (ہے)	اور	نہیں تھے	ان (فرعونیوں) میں اکثر	ایمان والے	اور	بیشک

ضرور نشانی ہے اور ان (فرعونیوں) میں اکثر مسلمان نہ تھے ○ اور بیشک

1 ..... فرعونیوں میں سے صرف تین حضرات ایمان لائے تھے۔ (1) فرعون کی بیوی حضرت آسیہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا۔ (2) حِزْقِیْل۔ انہیں آلِ فرعون کا مومن کہتے ہیں، یہ اپنا ایمان چھپائے رہتے تھے اور فرعون کے چچازاد تھے۔ (3) مریم۔ یہ ایک بوڑھی خاتون تھیں، انہوں نے حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام سے جنت کا وعدہ لے کر دریائے نیل میں حضرت یوسف عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی قبرِ انور کا محلِّ وقوع بتایا تھا۔

www.dawateislami.net

حضرت ابراہیم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کا چچا اور قوم سے سوال و جواب

ع ٧ ٨

وقف لازم

رَبُّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿٦٨﴾ ع وَاتْلُ عَلَيْهِمْ

رَبُّكَ	لَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الرَّحِيْمُ ﴿٦٨﴾	وَ	اتْلُ	عَلَيْهِمْ
تمہارا رب	ضرور وہی	عزت والا، غلبے والا	مہربان (ہے)	اور	پڑھو	ان پر (کے سامنے)

تمہارا رب وہی غالب، مہربان ہے ○ اور ان کے سامنے

نَبَاَ اِبْرٰهِيْمَ ﴿٦٩﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَا

نَبَاَ اِبْرٰهِيْمَ ﴿٦٩﴾	اِذْ	قَالَ	لِاَبِيْهِ (1)	وَ	قَوْمِهٖ	مَا
ابراہیم کی خبر	جب	اس نے کہا	اپنے (عرفی) باپ سے	اور	اپنی قوم (سے)	کس کی

ابراہیم کی خبر پڑھو ○ جب اس نے اپنے باپ اور اپنی قوم سے فرمایا: تم کس کی

تَعْبُدُوْنَ ﴿٧٠﴾ قَالُوْا نَعْبُدُ اَصْنَامًا فَنَظَلُّ

تَعْبُدُوْنَ ﴿٧٠﴾ (2)	قَالُوْا	نَعْبُدُ	اَصْنَامًا	فَنَظَلُّ
تم عبادت کرتے ہو	انہوں نے کہا	ہم عبادت کرتے ہیں	بتوں (کی)	پھر ہم رہتے ہیں

عبادت کرتے ہو؟ ○ انہوں نے کہا: ہم بتوں کی عبادت کرتے ہیں پھر ان کے سامنے

لَهَا عٰكِفِيْنَ ﴿٧١﴾ قَالَ هَلْ يَسْمَعُوْنَكُمْ اِذْ

لَهَا	عٰكِفِيْنَ ﴿٧١﴾	قَالَ	هَلْ	يَسْمَعُوْنَكُمْ	اِذْ
ان کیلئے (کے سامنے)	جم کر بیٹھے ہوئے	(ابراہیم نے) فرمایا	کیا	وہ سنتے ہیں تمہاری	جب

جم کر بیٹھے رہتے ہیں ○ فرمایا: جب تم پکارتے ہو تو کیا

تَدْعُوْنَ ﴿٧٢﴾ اَوْ يَنْفَعُوْنَكُمْ اَوْ يَضُرُّوْنَ ﴿٧٣﴾ قَالُوْا بَلْ

تَدْعُوْنَ ﴿٧٢﴾	اَوْ	يَنْفَعُوْنَكُمْ	اَوْ	يَضُرُّوْنَ ﴿٧٣﴾	قَالُوْا	بَلْ
تم پکارتے ہو	یا	وہ نفع دیتے ہیں تمہیں	یا	نقصان پہنچاتے ہیں	انہوں نے کہا	بلکہ

وہ تمہاری سنتے ہیں؟ ○ یا تمہیں کوئی نفع یا نقصان دیتے ہیں؟ ○ انہوں نے کہا: بلکہ

1 ..... یہاں باپ سے حضرت ابراہیم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے حقیقی والد نہیں بلکہ چچا آزر مراد ہے جو بتوں کا پجاری تھا۔

2 ..... قوم کی بت پرستی جاننے کے باوجود حضرت ابراہیم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کا یہ سوال فرمانے سے مقصود قوم پر اس چیز کو واضح کرنا تھا کہ جن چیزوں کو وہ لوگ پوجتے ہیں وہ کسی طرح بھی مستحقِ عبادت نہیں جو نہ سنتے ہیں اور نہ نفع و نقصان پہنچا سکتے ہیں۔

www.dawateislami.net

حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی قوم کو دعوتِ غور و فکر

وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا كَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ﴿۷۴﴾ قَالَ اَفَرَءَيْتُمْ

وَجَدْنَآ	اٰبَآءَنَا	كَذٰلِكَ	يَفْعَلُوْنَ ﴿۷۴﴾	قَالَ	اَفَرَءَيْتُمْ (1)
ہم نے پایا	اپنے باپ دادا (کو)	ایسا ہی	کرتے ہوئے	(ابراہیم نے) فرمایا	تو کیا تم نے دیکھا

ہم نے اپنے باپ دادا کو ایسا ہی کرتے پایا ہے ○ ابراہیم نے فرمایا: کیا تم نے ان (بتوں) کے بارے میں غور کیا

حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا بتوں سے اعلانِ براءت

مَّا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ﴿۷۵﴾ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمُ الْاَقْدَمُوْنَ ﴿۷۶﴾ فَاِنَّهُمْ عَدُوٌّ

مَّا	كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ﴿۷۵﴾	اَنْتُمْ	وَ	اٰبَآؤُكُمُ الْاَقْدَمُوْنَ ﴿۷۶﴾	فَاِنَّهُمْ	عَدُوٌّ
جن کی	تم عبادت کر رہے ہو	تم	اور	تمہارے پہلے باپ دادا	تو بیشک وہ	دشمن (ہیں)

جن کی تم اور تمہارے پہلے آباؤ اَجداد عبادت کرتے رہے ہیں؟ ○○ (2) بیشک وہ سب میرے

حقیقی رب تعالیٰ کے اوصاف کا بیان

اِلَّا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۷﴾ الَّذِيْ خَلَقَنِيْ فَهُوَ يَهْدِيْنِ ﴿۷۸﴾

لِّيْٓ	اِلَّا	رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۷﴾	الَّذِيْ	خَلَقَنِيْ	فَهُوَ	يَهْدِيْنِ ﴿۷۸﴾
میرے	سوائے	تمام جہانوں کو پالنے والے کے	جس نے	پیدا کیا مجھے	تو وہ	ہدایت دیتا ہے مجھے

دشمن ہیں سوائے سارے جہانوں کے پالنے والے کے ○ جس نے مجھے پیدا کیا تو وہ مجھے ہدایت دیتا ہے ○

وَالَّذِيْ هُوَ يُطْعِمُنِيْ وَيَسْقِيْنِ ﴿۷۹﴾ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ

وَ	الَّذِيْ هُوَ	يُطْعِمُنِيْ	وَ	يَسْقِيْنِ ﴿۷۹﴾	وَ	اِذَا	مَرِضْتُ	فَهُوَ
اور	وہ جو	کھلاتا ہے مجھے	اور	پلاتا ہے مجھے	اور	جب	میں بیمار ہوتا ہوں	تو وہی

اور وہ جو مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے ○ اور جب میں بیمار ہوں تو وہی

يَشْفِيْنِ ﴿۸۰﴾ وَالَّذِيْ يُمِيْتُنِيْ ثُمَّ يُحْيِيْنِ ﴿۸۱﴾ وَالَّذِيْٓ

يَشْفِيْنِ ﴿۸۰﴾	وَ	الَّذِيْ	يُمِيْتُنِيْ	ثُمَّ	يُحْيِيْنِ ﴿۸۱﴾	وَ	الَّذِيْٓ
شفا دیتا ہے مجھے	اور	وہ جو	وفات دے گا مجھے	پھر	زندہ کرے گا مجھے	اور	وہ جس سے

مجھے شفا دیتا ہے ○ اور وہ جو مجھے وفات دے گا پھر مجھے زندہ کرے گا ○ اور وہ جس سے

1 ..... حضرت ابراہیم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے قوم کو بتوں کی پوجا پر غور و فکر کرنے کی طرف توجہ دلائی اور ان پر واضح کیا کہ اگر وہ حقیقی طور پر غور کر لیں تو جان جائیں گے کہ بتوں کی عبادت کرنا پرانی گمراہی اور باطل کام ہے اور کوئی باطل کام پرانا ہو یا نیا، یونہی اس باطل کام کو کرنے والے تھوڑے ہوں یا زیادہ، اس سے اس کام کے باطل ہونے میں کوئی فرق نہیں پڑتا۔ فی زمانہ ہمارے معاشرے میں بھی غمی خوشی کی غیر شرعی رسموں کے جواز پر آباؤ اجداد کے عمل کو بطورِ دلیل پیش کیا جاتا ہے ایسے لوگوں کو بھی شرعی احکام سامنے رکھتے ہوئے اپنے طرزِ عمل پر غور کرنے کی حاجت ہے۔ 2 ..... یہاں دو گول دائرے اس لئے لگائے گئے ہیں کہ (باقی اگلے صفحہ پر)

www.dawateislami.net

اَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لِيْ خَطِيْٓـَٔتِيْ يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿٨٢﴾

اَطْمَعُ	اَنْ	يَّغْفِرَ(1)	لِيْ	خَطِيْٓـَٔتِيْ	يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿٨٢﴾
میں امید رکھتا ہوں	کہ	وہ بخش دے گا	میرے لئے	میری خطائیں	بدلے کے دن

مجھے امید ہے کہ قیامت کے دن میری خطائیں بخش دے گا ○

حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعائیں

رَبِّ هَبْ لِيْ حُكْمًا وَّ اَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ﴿٨٣﴾

رَبِّ	هَبْ	لِيْ	حُكْمًا	وَّ	اَلْحِقْنِيْ	بِالصّٰلِحِيْنَ ﴿٨٣﴾
اے میرے رب	عطا کر	مجھے	حکمت	اور	ملا دے مجھے	نیک بندوں کے ساتھ

اے میرے رب! مجھے حکمت عطا کر اور مجھے ان سے ملا دے جو تیرے خاص قرب کے لائق بندے ہیں ○

وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿٨٤﴾ وَاجْعَلْنِيْ

وَ	اجْعَلْ	لِّيْ	لِسَانَ صِدْقٍ	فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿٨٤﴾	وَ	اجْعَلْنِيْ
اور	رکھ دے	میرے لئے	سچ کی زبان (یعنی اچھی شہرت)	بعد والوں میں	اور	کر دے مجھے

اور بعد والوں میں میری اچھی شہرت رکھ دے ○ اور مجھے

مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيْمِ ﴿٨٥﴾ وَاغْفِرْ لِاَبِيْٓ اِنَّهٗ كَانَ

مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيْمِ ﴿٨٥﴾	وَ	اغْفِرْ	لِاَبِيْٓ(2)	اِنَّهٗ	كَانَ
نعمتوں کے باغ کے وارثوں میں سے	اور	بخش دے	میرے (عرفی) باپ کو	بیشک وہ	ہے

ان میں سے کر دے جو چین کے باغوں کے وارث ہیں ○ اور میرے باپ کو بخش دے بیشک وہ

قیامت میں کیا چیز نفع دے گی

مِنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿٨٦﴾ وَلَا تُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ ﴿٨٧﴾ يَوْمَ

مِنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿٨٦﴾	وَ	لَا تُخْزِنِيْ(3)	يَوْمَ	يُبْعَثُوْنَ ﴿٨٧﴾	يَوْمَ
گمراہوں میں سے	اور	تو رسوا نہ کرنا مجھے	(جس) دن	لوگ اٹھائے جائیں گے	(جس) دن

گمراہوں میں سے ہے ○ اور مجھے اس دن رسوا نہ کرنا جس دن سب اٹھائے جائیں گے ○ جس دن

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) اس مقام پر دو آیات کا ترجمہ ایک ساتھ کیا گیا ہے۔ 1 ..... انبیاءِ کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام معصوم ہیں، اُن سے گناہ صادر نہیں ہوتے۔ اُن کا استغفار کرنا دراصل اپنے رب تعالیٰ کی بارگاہ میں عاجزی وانکساری کا اظہار ہے اور اس میں امت کو یہ تعلیم دینا مقصود ہے کہ وہ یوں مغفرت طلب کیا کریں۔ 2 ..... یہاں بھی باپ سے مراد حضرت ابراہیم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کا چچا آزر ہے نیز آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے یہ دعا اس لئے فرمائی تھی کہ چچا نے ایمان لانے کا وعدہ کیا تھا اور جب یہ ظاہر ہو گیا کہ وہ خدا کا دشمن ہے اور اس کا وعدہ جھوٹا تھا تو آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے اس سے بیزاری کا اعلان کر دیا۔ 3 ..... حضرت ابراہیم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی اس دعا میں

www.dawateislami.net

لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّ لَا بَنُوْنَ ﴿۸۸﴾ اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ

لَا يَنْفَعُ	مَالٌ	وَّ	لَا	بَنُوْنَ ﴿۸۸﴾ (1)	اِلَّا	مَنْ	اَتَى	اللّٰهَ
نفع نہ دے گا	مال	اور	نہ	بیٹے	مگر	وہ جو	حاضر ہو گا	اللہ (کے حضور)

نہ مال کام آئے گا اور نہ بیٹے ○ مگر وہ جو اللہ کے حضور

بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ﴿۸۹﴾ وَ اُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۹۰﴾ وَ

بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ﴿۸۹﴾	وَ	اُزْلِفَتِ	الْجَنَّةُ	لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۹۰﴾	وَ
سلامت دل کے ساتھ	اور	قریب لائی جائے گی	جنت	پرہیز گاروں کے	اور

سلامت دل کے ساتھ حاضر ہو گا ○ اور جنت پرہیز گاروں کے قریب لائی جائے گی ○ اور

بُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِلْغٰوِيْنَ ﴿۹۱﴾ وَ قِيْلَ لَهُمْ اَيْنَمَا

بُرِّزَتِ	الْجَحِيْمُ	لِلْغٰوِيْنَ ﴿۹۱﴾	وَ	قِيْلَ	لَهُمْ	اَيْنَمَا
ظاہر کر دی جائے گی	دوزخ	گمراہوں کے لیے	اور	کہا جائے گا	ان سے	کہاں ہیں جن کی

دوزخ گمراہوں کے لیے ظاہر کر دی جائے گی ○ اور ان سے کہا جائے گا: وہ (بت) کہاں ہیں

كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ﴿۹۲﴾ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ هَلْ يَنْصُرُوْنَكُمْ اَوْ

كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ﴿۹۲﴾	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	هَلْ	يَنْصُرُوْنَكُمْ	اَوْ
تم عبادت کرتے تھے	اللہ کے سوا	کیا	وہ مدد کریں گے تمہاری	یا

جن کی تم اللہ کے سوا عبادت کرتے تھے؟ کیا وہ تمہاری مدد کریں گے یا

يَنْتَصِرُوْنَ ﴿۹۳﴾ فَكُبْكِبُوْا فِيْهَا هُمْ وَ الْغَاوٗنَ ﴿۹۴﴾ وَ

يَنْتَصِرُوْنَ ﴿۹۳﴾	فَكُبْكِبُوْا	فِيْهَا	هُمْ (2)	وَ	الْغَاوٗنَ ﴿۹۴﴾	وَ
وہ بدلہ لے سکتے ہیں	تو اوندھا کر دیا جائے گا	اس (جہنم) میں	انہیں (یعنی بتوں)	اور	گمراہوں (کو)	اور

کیا وہ بدلہ لے سکتے ہیں؟ ○○ (3) تو انہیں اور گمراہوں کو اور ابلیس کے سارے لشکروں کو

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) خوفِ خدا بھی ہے اور لوگوں کی تعلیم بھی تاکہ لوگ روزِ قیامت کی رسوائی سے بچنے کی کوشش کریں اور بارگاہِ الٰہی میں دعا بھی مانگیں۔ (1) ..... کافر و مشرک کا نیک کاموں میں خرچ کیا ہوا مال اور اس کی اولاد قیامت کے دن اس کے کام نہ آئیں گے البتہ مسلمان کا راہِ خدا میں خرچ کیا ہوا مال اور نیک اولاد بروزِ قیامت اس کے کام آئیں گے اور اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے مسلمان کو اس کے صدقات و خیرات کا ثواب عطا فرمائے گا۔ حدیثِ پاک میں ہے "جب آدمی مر جاتا ہے تو اس کے تین اعمال کے علاوہ باقی عمل منقطع ہو جاتے ہیں۔ (1) صدقۂ جاریہ۔ (2) وہ علم جس سے لوگ نفع اٹھائیں۔ (3) نیک اولاد جو اس کے لئے دعا کرے۔ (مسلم، ↑

www.dawateislami.net

جہنم میں گمراہوں کا باہمی جھگڑا

جُنُوْدُ اِبْلِيْسَ اَجْمَعُوْنَ ﴿۹۵﴾ قَالُوْا وَهُمْ فِيْهَا

جُنُوْدُ اِبْلِيْسَ اَجْمَعُوْنَ ﴿۹۵﴾ (1)	قَالُوْا	وَ	هُمْ	فِيْهَا
ابلیس کے سارے لشکروں (کو)	وہ (گمراہ) کہیں گے	اور (جبکہ)	وہ	اس (جہنم) میں

جہنم میں اوندھے کر دیا جائے گا ○○ (2) وہ گمراہ کہیں گے اس حال میں کہ وہ اس میں

يَخْتَصِمُوْنَ ﴿۹۶﴾ تَاللّٰهِ اِنْ كُنَّا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۹۷﴾ اِذْ

يَخْتَصِمُوْنَ ﴿۹۶﴾	تَاللّٰهِ	اِنْ	كُنَّا	لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۹۷﴾	اِذْ
باہم جھگڑ رہے ہوں گے	اللہ کی قسم	بیشک	ہم تھے	ضرور کھلی گمراہی میں	جب

باہم جھگڑ رہے ہوں گے ○ خدا کی قسم، بیشک ہم کھلی گمراہی میں تھے ○ جب

نُسَوِّيْكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۸﴾ وَمَآ اَضَلَّنَآ اِلَّا

نُسَوِّيْكُمْ	بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۸﴾	وَ	مَآ اَضَلَّنَآ	اِلَّا
ہم برابر قرار دیتے تھے تمہیں	تمام جہانوں کے رب کے	اور	گمراہ نہ کیا ہمیں	مگر

ہم تمہیں تمام جہانوں کے پروردگار کے برابر قرار دیتے تھے ○ اور ہمیں مجرموں نے ہی

الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۹۹﴾ فَمَا لَنَا مِنْ شَافِعِيْنَ ﴿۱۰۰﴾ وَلَا

الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۹۹﴾ (3)	فَمَا	لَنَا	مِنْ شَافِعِيْنَ ﴿۱۰۰﴾	وَ	لَا
مجرموں (نے)	تو نہیں	ہمارے لئے	کوئی سفارش کرنے والے	اور	نہ

گمراہ کیا ○ تو اب ہمارے لئے کوئی سفارشی نہیں ○ اور نہ ہی

صَدِيْقٍ حَمِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾ فَلَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَكُوْنَ

صَدِيْقٍ حَمِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾ (4)	فَلَوْ	اَنَّ	لَنَا	كَرَّةً	فَنَكُوْنَ
کوئی غم خوار دوست	تو اگر	یہ کہ	ہمارے لئے	ایک بار لوٹ کر جانا (ہوتا)	تو ہم ہو جاتے

کوئی غم خوار دوست ہے ○ تو اگر کسی طرح ہمارے لئے ایک مرتبہ لوٹ کر جانا ہوتا تو ہم

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) ص ۸۸۶، الحدیث: ۱۴(۲۶۳۱)) 2 ..... بت جہنم میں عذاب پانے کے لئے نہیں بلکہ اپنے پجاریوں کو عذاب دینے کے لئے ڈالے جائیں گے۔ 3 ..... یہاں دو گول دائرے اس لئے لگائے گئے ہیں کہ اس مقام پر دو آیات کا ترجمہ ایک ساتھ کیا گیا ہے۔ 1 ..... ابلیس کے لشکروں سے مراد اس کی پیروی کرنے والے ہیں چاہے وہ جن ہوں یا انسان اور بعض مفسرین کے نزدیک اس سے ابلیس کی ذریت مراد ہے۔ 2 ..... یہاں دو گول دائرے اس لئے لگائے گئے ہیں کہ اس مقام پر دو آیات کا ترجمہ ایک ساتھ کیا گیا ہے۔ 3 ..... مجرموں سے مراد وہ ہیں جنہوں نے بت پرستی کی دعوت دی یا وہ پہلے لوگ مراد ہیں جن کی ان گمراہوں نے پیروی کی یا ان سے ابلیس اور (اگلے صفحے کا حاشیہ)

www.dawateislami.net

قومِ ابراہیم کا واقعہ عبرت کی نشانی ہے

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۰۳﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۰۳﴾	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	وَ	مَا كَانَ	اَكْثَرُهُمْ
ایمان والوں میں سے	بیشک	اس میں	ضرور نشانی (ہے)	اور	نہ تھے	ان میں اکثر

مسلمان ہو جاتے ○ بیشک اس بیان میں ضرور نشانی ہے اور ان میں اکثر

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۰۴﴾ كَذَّبَتْ

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۰۳﴾	وَ	اِنَّ	رَبَّكَ	لَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الرَّحِيْمُ ﴿۱۰۴﴾	كَذَّبَتْ
ایمان والے	اور	بیشک	تمہارا رب	ضرور وہی	عزت والا	مہربان (ہے)	جھٹلایا

ایمان والے نہ تھے ○ اور بیشک تمہارا رب وہی عزت والا مہربان ہے ○ نوح کی قوم نے

حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام کی قوم کو تبلیغ

قَوْمُ نُوْحِ ِالْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۰۵﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ نُوْحٌ

قَوْمُ نُوْحِ ِالْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۰۵﴾	اِذْ	قَالَ	لَهُمْ	اَخُوْهُمْ	نُوْحٌ
نوح کی قوم (نے) رسولوں (کو)	جب	کہا	ان سے	ان کے (قومی) بھائی	نوح (نے)

رسولوں کو جھٹلایا ○ جب ان سے ان کے ہم قوم نوح نے فرمایا:

اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۰۶﴾ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۰۷﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ

اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۰۶﴾	اِنِّيْ	لَكُمْ	رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۰۷﴾	فَاتَّقُوا	اللّٰهَ
کیا تم ڈرتے نہیں	بیشک میں	تمہارے لیے	ایک امانتدار رسول (ہوں)	تو ڈرو	اللہ (سے)

کیا تم ڈرتے نہیں؟ ○ بیشک میں تمہارے لیے ایک امانتدار رسول ہوں ○ تو اللہ سے ڈرو

وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۰۸﴾ وَمَا اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ

وَ	اَطِيْعُوْنِ ﴿۱۰۸﴾	وَ	مَا اَسْـَٔلُكُمْ	عَلَيْهِ	مِنْ اَجْرٍ	اِنْ	اَجْرِيَ
اور	اطاعت کرو میری	اور	میں نہیں مانگتا تم سے	اس (تبلیغ) پر	کوئی اجرت	نہیں	میرا اجر

اور میری اطاعت کرو ○ اور میں اس (تبلیغ) پر تم سے کوئی معاوضہ نہیں مانگتا۔ میرا اجر

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) اس کی ذریت مراد ہے۔ ④ ..... بروزِ قیامت کفار کا نہ تو کوئی سفارشی ہوگا اور نہ ہی کوئی غم خوار دوست جبکہ گناہگار مسلمانوں میں سے جس کے لئے اللہ تعالیٰ چاہے گا اس کے لئے شفاعت اور غم خواری کرنے والے دوست ہوں گے۔ حضرت حسن بصری رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں "ایماندار دوست بڑھاؤ کیونکہ وہ روزِ قیامت شفاعت کریں گے۔ (خازن، الشعراء، تحت الآیۃ: ۱۰۱، ۳/۳۹۱)

www.dawateislami.net

اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۹﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوْنِ ﴿۱۱۰﴾

اِلَّا	عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۹﴾	فَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَ	اَطِيْعُوْنِ ﴿۱۱۰﴾
مگر	تمام جہانوں کے رب (کے ذمہِ کرم) پر	تو ڈرو	اللہ (سے)	اور	اطاعت کرو میری

تو اسی پر ہے جو سارے جہان کا رب ہے ○ تو اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو ○

قوم کا تکبر انہ جواب

قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ لَكَ وَ اتَّبَعَكَ الْاَرْذَلُوْنَ ﴿۱۱۱﴾

قَالُوْٓا	اَنُؤْمِنُ	لَكَ	وَ	اتَّبَعَكَ	الْاَرْذَلُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ (1)
(قوم نے) کہا	کیا ہم ایمان لے آئیں	تم پر	اور (حالانکہ)	پیری کی تیری	گھٹیا لوگوں (نے)

(قوم نے) کہا: کیا ہم تم پر ایمان لے آئیں حالانکہ تمہاری پیروی گھٹیا لوگوں نے کی ہے ○

حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام کا قوم کو جواب

قَالَ وَ مَا عِلْمِيْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ اِنْ حِسَابُهُمْ

قَالَ	وَ	مَا	عِلْمِيْ	بِمَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۱۲﴾	اِنْ	حِسَابُهُمْ
(نوح نے) فرمایا	اور	نہیں	مجھے علم	(اس) کا جو	وہ کام کرتے تھے	نہیں	ان کا حساب

نوح نے فرمایا: مجھے ان کے کاموں کا علم نہیں ○ ان کا حساب تو

اِلَّا عَلٰى رَبِّيْ لَوْ تَشْعُرُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ وَ مَآ اَنَا

اِلَّا	عَلٰى رَبِّيْ	لَوْ	تَشْعُرُوْنَ ﴿۱۱۳﴾	وَ	مَآ	اَنَا
مگر	میرے رب (ہی کے ذمہ) پر	اگر	تم سمجھ رکھتے ہو	اور	نہیں	میں

میرے رب ہی (کے ذمہ) پر ہے اگر تمہیں شعور ہو ○ اور میں

قوم کی حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام کو دھمکی

بِطَارِدِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۱۵﴾ قَالُوْا لَىِٕنْ

بِطَارِدِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ (2)	اِنْ	اَنَا	اِلَّا	نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۱۵﴾	قَالُوْا	لَىِٕنْ
ایمان والوں کو دور کرنے والا	نہیں	میں	مگر	صاف ڈر سنانے والا	(قوم نے) کہا	ضرور اگر

مسلمانوں کو دور کرنے والا نہیں ○ میں تو صرف صاف صاف ڈر سنانے والا ہوں ○ قوم نے کہا:

1 ..... کمینے اور گھٹیا لوگوں سے ان کی مراد غریب اور پیشہ ور لوگ تھے اور انہیں رذیل اور کمین کہنا کفار کا متکبرانہ فعل تھا ورنہ درحقیقت صنعت اور روزی پیشہ ایسی چیز نہیں جس سے آدمی دین میں ذلیل ہو جائے۔ نیز مومن کو گھٹیا کہنا جائز نہیں خواہ وہ کتنا ہی محتاج و نادار ہو یا وہ کسی بھی نسب کا ہو۔ 2 ..... کفار نے غریب مسلمانوں کو مجلس سے نکال دینے کا مطالبہ کیا جسے حضرت نوح عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے تسلیم نہ کیا اور ان پر واضح کر دیا کہ میں تمہارے ایمان کے لالچ میں غریب مسلمانوں کو خود سے دور نہیں کروں گا۔ اس سے معلوم ہوا کہ غریبوں فقیروں کے ساتھ بیٹھنا اور ان کی دلجوئی کرنا انبیاء کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کا طریقہ ہے۔

www.dawateislami.net

حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعا

لَّمْ تَنْتَهِ يٰنُوْحُ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمَرْجُوْمِيْنَ ﴿۱۱۶﴾ قَالَ

لَّمْ تَنْتَهِ	يٰنُوْحُ	لَتَكُوْنَنَّ	مِنَ الْمَرْجُوْمِيْنَ ﴿۱۱۶﴾	قَالَ
تم باز نہ آئے	اے نوح	(تو) ضرور ہو جاؤ گے	سنگسار کئے جانے والوں میں سے	(نوح نے) عرض کی

اے نوح! اگر تم باز نہ آئے تو ضرور تم سنگسار کئے جانے والوں میں سے ہو جاؤ گے ○ نوح نے عرض کی:

النصف

رَبِّ اِنَّ قَوْمِیْ كَذَّبُوْنِ ﴿۱۱۷﴾ فَافْتَحْ

رَبِّ	اِنَّ	قَوْمِیْ	كَذَّبُوْنِ ﴿۱۱۸﴾ (۱)	فَافْتَحْ
اے میرے رب	بیشک	میری قوم	انہوں نے جھٹلایا مجھے	تو تو فیصلہ کر دے

اے میرے رب! بیشک میری قوم نے مجھے جھٹلایا ○ تو مجھ میں

بَیْنِیْ وَ بَیْنَهُمْ فَتْحًا وَّ نَجِّنِیْ وَ مَنْ مَّعِیَ

بَیْنِیْ وَ بَیْنَهُمْ	فَتْحًا	وَّ	نَجِّنِیْ	وَ	مَنْ	مَّعِیَ
میرے اور ان کے درمیان	(پورا) فیصلہ	اور	نجات دے مجھے	اور	جو	میرے ساتھ (ہیں)

اور ان میں پورا فیصلہ کر دے اور مجھے اور میرے ساتھ والے مسلمانوں کو

حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مع اہل ایمان نجات اور کفار کی ہلاکت

مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۱۱۸﴾ فَاَنْجَیْنٰهُ وَ مَنْ مَّعَهٗ

مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۱۱۸﴾	فَاَنْجَیْنٰهُ	وَ	مَنْ	مَّعَهٗ
ایمان والوں میں سے	تو ہم نے بچالیا اسے	اور	جو	اس کے ساتھ (تھا)

نجات دے ○ تو ہم نے اسے اور اس کے ساتھ والوں کو

قوم نوح کا واقعہ عبرت کی نشانی ہے

فِی الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۱۱۹﴾ ثُمَّ اَغْرَقْنَا بَعْدُ الْبٰقِیْنَ ﴿۱۲۰﴾ اِنَّ

فِی الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۱۱۹﴾	ثُمَّ	اَغْرَقْنَا	بَعْدُ	الْبٰقِیْنَ ﴿۱۲۰﴾	اِنَّ
بھری ہوئی کشتی میں	پھر	ہم نے غرق کر دیا	(اس کے) بعد	باقی لوگوں (کو)	بیشک

بھری ہوئی کشتی میں بچالیا ○ پھر اس کے بعد ہم نے باقی لوگوں کو غرق کر دیا ○ بیشک

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) کی سنت ہے۔ حدیثِ پاک میں ہے: ”(اگر تم مجھے ڈھونڈنا چاہو تو) مجھے اپنے کمزور اور غریب لوگوں میں تلاش کرو کیونکہ تمہیں کمزور اور غریب لوگوں کے سبب رزق دیا جاتا اور تمہاری مدد کی جاتی ہے۔“ (ترمذی، ۳/۲۶۸، الحدیث: ۱۷۰۸)

1 ..... یہاں حضرت نوح عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے قوم کی ہلاکت کی دعا کا سبب بیان فرمایا ہے کہ انہوں نے اللہ کے کلام کو جھٹلایا اور سچے رسول کی رسالت کو ماننے سے انکار کیا ہے۔

www.dawateislami.net

دو اوصاف باری تعالیٰ

فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۱﴾ وَاِنَّ

فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	وَ	مَا كَانَ	اَكْثَرُهُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۱﴾	وَ	اِنَّ
اس میں	ضرور نشانی (ہے)	اور	نہ تھے	ان میں اکثر	ایمان والے	اور	بیشک

اس میں ضرور نشانی ہے اور ان میں اکثر مسلمان نہ تھے ○ اور بیشک

رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۲۲﴾ ع كَذَّبَتْ عَادُ ِۨ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۲۳﴾

رَبَّكَ	لَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الرَّحِيْمُ ﴿۱۲۲﴾	كَذَّبَتْ	عَادُ ِۨ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۲۳﴾ (۱)
تمہارا رب	ضرور وہی	عزت والا، غلبے والا	مہربان (ہے)	جھٹلایا	عاد (نے) رسولوں (کو)

تمہارا رب ہی غلبے والا، مہربان ہے ○ عاد نے رسولوں کو جھٹلایا ○

حضرت ہود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی قوم کو تبلیغ

اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ هُوْدٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ ج اِنِّيْ

اِذْ	قَالَ	لَهُمْ	اَخُوْهُمْ	هُوْدٌ	اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۲۴﴾	اِنِّيْ
جب	فرمایا	ان سے	ان کے (قومی) بھائی	ہود (نے)	کیا تم ڈرتے نہیں	بیشک میں

جب ان سے ان کے ہم قوم ہود نے فرمایا: کیا تم ڈرتے نہیں ○ بیشک میں

لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۲۵﴾ لا فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۲۶﴾ ج وَ

لَكُمْ	رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۲۵﴾	فَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَ	اَطِيْعُوْنِ ﴿۱۲۶﴾	وَ
تمہارے لئے	ایک امانتدار رسول (ہوں)	تو تم ڈرو	اللہ (سے)	اور	اطاعت کرو میری	اور

تمہارے لیے امانتدار رسول ہوں ○ تو اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو ○ اور

مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا

مَآ اَسْـَٔلُكُمْ	عَلَيْهِ	مِنْ اَجْرٍ	اِنْ	اَجْرِيَ	اِلَّا
میں نہیں مانگتا تم سے	اس (تبلیغ) پر	کوئی اجرت	نہیں	میرا اجر	مگر

میں تم سے اِس (تبلیغ) پر کچھ اجرت نہیں مانگتا، میرا اجر تو اسی پر ہے

(۱) ..... عاد ایک شخص کا نام تھا، پھر اس کی اولاد سے ایک قبیلہ کا نام "عاد" پڑ گیا اور اسی قبیلے کی طرف حضرت ہود علیہ الصلوٰۃ والسلام مبعوث ہوئے۔

www.dawateislami.net

عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۷﴾ اَتَبْنُوْنَ بِكُلِّ رِيْعٍ اٰيَةً

عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۷﴾	اَتَبْنُوْنَ	بِكُلِّ رِيْعٍ	اٰيَةً
تمام جہانوں کے رب (کے ذمہِ کرم) پر	کیا تم بناتے ہو	ہر بلند جگہ پر	ایک نشان

جو سارے جہان کا رب ہے ○ کیا تم ہر بلند جگہ پر ایک نشان بناتے ہو

تَعْبَثُوْنَ ﴿۱۲۸﴾ وَتَتَّخِذُوْنَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُوْنَ ﴿۱۲۹﴾ وَ

تَعْبَثُوْنَ ﴿۱۲۸﴾ (۱)	وَ	تَتَّخِذُوْنَ	مَصَانِعَ	لَعَلَّكُمْ	تَخْلُدُوْنَ ﴿۱۲۹﴾	وَ
(جہاں راہگیروں کا) مذاق اڑاتے ہو	اور	تم بناتے ہو	مضبوط محل	شاید تم	ہمیشہ رہو گے	اور

(راہگیروں کا) مذاق اڑاتے ہو ○ اور مضبوط محل بناتے ہو اس امید پر کہ تم ہمیشہ رہو گے ○ اور

اِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ ﴿۱۳۰﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ

اِذَا	بَطَشْتُمْ	بَطَشْتُمْ	جَبَّارِيْنَ ﴿۱۳۰﴾	فَاتَّقُوْا	اللّٰهَ	وَ
جب	تم پکڑتے ہو	(تو) پکڑتے ہو	بڑی بیدردی سے	توڈرو	اللہ (سے)	اور

جب کسی کو پکڑتے ہو تو بڑی بیدردی سے پکڑتے ہو ○ تو اللہ سے ڈرو اور

اَطِيْعُوْنِ ﴿۱۳۱﴾ وَاتَّقُوا الَّذِيْٓ اَمَدَّكُمْ بِمَا

اَطِيْعُوْنِ ﴿۱۳۱﴾	وَ	اتَّقُوْا	الَّذِيْٓ	اَمَدَّكُمْ	بِمَا
اطاعت کرو میری	اور	ڈرو	(اس سے) جس نے	مدد کی تمہاری	(ان چیزوں) سے جو

میری اطاعت کرو ○ اور اس سے ڈرو جس نے تمہاری ان چیزوں سے مدد کی جو

تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾ اَمَدَّكُمْ بِاَنْعَامٍ وَّبَنِيْنَ ﴿۱۳۳﴾ وَجَنّٰتٍ وَّ

تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾	اَمَدَّكُمْ	بِاَنْعَامٍ وَّبَنِيْنَ ﴿۱۳۳﴾	وَ	جَنّٰتٍ	وَّ
تم جانتے ہو	اس نے مدد کی تمہاری	چوپایوں اور بیٹوں کے ساتھ	اور	باغوں	اور

تمہیں معلوم ہیں ○ اس نے جانوروں اور بیٹوں کے ساتھ تمہاری مدد کی ○ اور باغوں اور

(۱) ..... یہ لوگ سرِ راہ بلند عمارتیں بناتے، وہاں بیٹھ کر راہ چلنے والوں کو پریشان کرتے اور ان کا مذاق اڑاتے تھے۔ قومِ عاد کی اس روش کے نظارے ہمارے آج کے معاشرے میں بھی بکثرت دیکھے جا رہے ہیں، جیسے چوراہوں یا گلیوں میں کھڑے ہو کر گزرنے والوں کو تنگ کرنا، کسی معذور شخص کو آتا دیکھ کر اس کا مذاق اڑانا، راہ چلتی خواتین پر آوازیں کسنا اور ان سے ٹکرانا، راستہ معلوم کرنے والے کو غلط راستہ بتا دینا، راستے میں کوڑا کرکٹ پھینک دینا، گلیوں میں گندا پانی چھوڑ دینا، کھدائی کر کے کئی دنوں تک بلاوجہ چھوڑے رکھنا، راستوں میں غیر قانونی تعمیرات کرنا وغیرہ۔ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو ہدایت عطا فرمائے۔

www.dawateislami.net

عُيُوْنٍ ﴿۱۳۴﴾ اِنِّیْۤ اَخَافُ عَلَیْكُمْ عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ ﴿۱۳۵﴾

عُيُوْنٍ ﴿۱۳۴﴾	اِنِّیْۤ	اَخَافُ	عَلَيْكُمْ	عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۳۵﴾
چشموں (سے)	بیشک میں	خوف کرتا ہوں	تم پر	ایک بڑے دن کے عذاب (کا)

چشموں سے ○ بیشک مجھے تم پر ایک بڑے دن کے عذاب کا ڈر ہے ○

قَالُوْا سَوَآءٌ عَلَیْنَاۤ اَوَعَظْتَ اَمْ لَمْ تَكُنْ

قَالُوْا	سَوَآءٌ	عَلَيْنَآ (۱)	اَوَعَظْتَ	اَمْ	لَمْ تَكُنْ
(قوم نے) کہا	برابر (ہے)	ہمارے اوپر	کیا تم نصیحت کرو	یا	تم نہ ہو

قوم نے کہا: ہمارے اوپر برابر ہے کہ آپ ہمیں نصیحت کریں یا آپ نصیحت کرنے والوں

مِّنَ الْوٰعِظِیْنَ ﴿۱۳۶﴾ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا خُلُقُ الْاَوَّلِیْنَ ﴿۱۳۷﴾ وَ

مِّنَ الْوٰعِظِيْنَ ﴿۱۳۶﴾	اِنْ	هٰذَآ	اِلَّا	خُلُقُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۳۷﴾	وَ
نصیحت کرنے والوں میں سے	نہیں	یہ	مگر	پہلے لوگوں کی عادت، گھڑی ہوئی باتیں	اور

میں سے نہ ہوں ○ وہ تو صرف پہلے لوگوں کی بنائی ہوئی جھوٹی باتیں ہیں ○ اور

مَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِیْنَ ﴿۱۳۸﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاَهْلَكْنٰهُمْ ؕ اِنَّ

مَا	نَحْنُ	بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿۱۳۸﴾	فَكَذَّبُوْهُ	فَاَهْلَكْنٰهُمْ	اِنَّ
نہیں	ہم	عذاب دیئے جانے والے	تو انہوں نے جھٹلایا اسے	تو ہم نے ہلاک کر دیا انہیں	بیشک

ہمیں عذاب نہیں دیا جائے گا ○ تو انہوں نے اسے جھٹلایا تو ہم نے انہیں ہلاک کر دیا، بیشک

فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ﴿۱۳۹﴾ وَاِنَّ

فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	وَ	مَا كَانَ	اَكْثَرُهُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۹﴾	وَ	اِنَّ
اس میں	ضرور نشانی (ہے)	اور	نہ تھے	ان میں اکثر	ایمان والے	اور	بیشک

اس میں ضرور نشانی ہے اور ان میں اکثر مسلمان نہ تھے ○ اور بیشک

قومِ عاد کا جواب

قومِ عاد کی ہٹ دھرمی

اللہ تعالیٰ کی عظمت و شان

1 ..... قومِ عاد نے حضرت ہود عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی نصیحتوں کا جواب یہ دیا کہ ”آپ ہمیں نصیحت کریں یا نہ کریں، ہمارے لئے دونوں چیزیں برابر ہیں، ہم کسی طرح آپ کی نہ بات مانیں گے اور نہ دعوت دین قبول کریں گے۔ اس سے معلوم ہوا کہ یہ کافرانہ روش ہے۔ افسوس کہ فی زمانہ ہمارے معاشرے کی حالت ایسی ہو چکی ہے کہ اگر کسی کو سمجھایا جائے تو وہ ماننے کو تیار نہیں ہوتا اور اگر سمجھانے والا مرتبے میں کم ہو تو جسے سمجھایا جائے وہ اپنی بات پر اڑ جاتا ہے اور دوسرے کی بات ماننا اپنے لئے توہین سمجھتا ہے اور نصیحت کرنے کو اپنی عزت کا مسئلہ بنالیتا ہے۔

www.dawateislami.net

حضرت صالح علیہ الصلوٰۃ والسلام کی قوم کو تبلیغ

رَبُّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۴۰﴾ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ

رَبُّكَ	لَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الرَّحِيْمُ ﴿۱۴۰﴾	كَذَّبَتْ	ثَمُوْدُ
تمہارا رب	ضرور وہی	عزت والا، غلبے والا	مہربان (ہے)	جھٹلایا	ثمود (نے)

تمہارا رب ہی غلبے والا مہربان ہے ○ قومِ ثمود نے رسولوں کو

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۴۱﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ صٰلِحٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۴۲﴾

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۴۱﴾	اِذْ	قَالَ	لَهُمْ	اَخُوْهُمْ	صٰلِحٌ	اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۴۲﴾
رسولوں (کو)	جب	کہا	ان سے	ان کے (قومی) بھائی	صالح (نے)	کیا تم ڈرتے نہیں

جھٹلایا ○ جب ان سے ان کے ہم قوم صالح نے فرمایا: کیا تم ڈرتے نہیں؟ ○

اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۴۳﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ

اِنِّيْ	لَكُمْ	رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۴۳﴾ (۱)	فَاتَّقُوْا	اللّٰهَ	وَ
بیشک میں	تمہارے لیے	ایک امانتدار رسول (ہوں)	تو ڈرو	اللہ (سے)	اور

بیشک میں تمہارے لیے امانتدار رسول ہوں ○ تو اللہ سے ڈرو اور

اَطِيْعُوْنِ ﴿۱۴۴﴾ وَمَا اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ

اَطِيْعُوْنِ ﴿۱۴۴﴾	وَ	مَا اَسْـَٔلُكُمْ	عَلَيْهِ	مِنْ اَجْرٍ	اِنْ	اَجْرِيَ
اطاعت کرو میری	اور	میں نہیں مانگتا تم سے	اس (تبلیغ) پر	کوئی اجرت	نہیں	میرا اجر

میری اطاعت کرو ○ اور میں تم سے اس پر کوئی اجرت نہیں مانگتا، میرا اجر تو

حضرت صالح علیہ الصلوٰۃ والسلام کی قوم کو نصیحت

اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۴۵﴾ اَتُتْرَكُوْنَ فِيْ مَا

اِلَّا	عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۴۵﴾	اَتُتْرَكُوْنَ	فِيْ مَا
مگر	تمام جہانوں کے رب (کے ذمہ کرم) پر	کیا تمہیں چھوڑ دیا جائے گا	(ان نعمتوں) میں جو

اسی پر ہے جو سارے جہان کا رب ہے ○ کیا تم یہاں (دنیا) کی نعمتوں میں امن و امان کی حالت میں

(1) ..... حضراتِ انبیاء عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام وحی، اسرارِ الٰہیہ اور لوگوں کی عزت، مال آبرو وغیرہ سب کے امین ہوتے ہیں۔ خیانت اور نبوت جمع نہیں ہو سکتیں۔ ہمارے حضور پر نور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو اہلِ مکہ بچپن شریف سے محمد امین پکارتے تھے اور اعلانِ نبوت سے پہلے اور بعد میں بھی آپ کے پاس امانتیں رکھتے رہے اور اپنے فیصلے آپ سے کرواتے تھے۔ حدیثِ پاک میں ہے: جسے یہ پسند ہو کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اس سے محبت کریں تو اسے چاہئے کہ سچ بولے اور امانت ادا کرے اور اپنے پڑوسی کو تکلیف نہ دے۔ (شعب الایمان، ۷/۸۱، الحدیث: ۹۵۵۱)

www.dawateislami.net

هٰهُنَآ اٰمِنِيْنَ ﴿۱۴۶﴾ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۱۴۷﴾ وَّزُرُوْعٍ وَّ

هٰهُنَآ	اٰمِنِيْنَ ﴿۱۴۶﴾	فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۱۴۷﴾	وَّ	زُرُوْعٍ	وَّ
یہاں (دنیا میں ہیں)	امن وامان والے (ہوتے ہوئے)	باغوں اور چشموں میں	اور	کھیتوں	اور

چھوڑ دیئے جاؤ گے ؟ ○ باغوں اور چشموں میں ○ اور کھیتوں اور

نَخْلٍ طَلْعُهَا هَضِيْمٌ ﴿۱۴۸﴾ وَتَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ

نَخْلٍ	طَلْعُهَا	هَضِيْمٌ ﴿۱۴۸﴾	وَ	تَنْحِتُوْنَ	مِنَ الْجِبَالِ
کھجوروں (میں)	جن کا شگوفہ	نرم ونازک (ہوتا ہے)	اور	تم تراشتے ہو	پہاڑوں میں سے

کھجوروں میں جن کا شگوفہ نرم ونازک ہوتا ہے ○ اور تم بڑی مہارت دکھاتے ہوئے

بُيُوْتًا فٰرِهِيْنَ ﴿۱۴۹﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۵۰﴾ وَ

بُيُوْتًا	فٰرِهِيْنَ ﴿۱۴۹﴾	فَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَ	اَطِيْعُوْنِ ﴿۱۵۰﴾	وَ
گھر	بڑی مہارت رکھتے ہوئے	تو ڈرو	اللہ (سے)	اور	اطاعت کرو میری	اور

پہاڑوں میں سے گھر تراشتے ہو ○ تو اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو ○ اور

فرعونیوں کی اطاعت نہ کرنے کی تلقین

وَلَا تُطِيْعُوْٓا اَمْرَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۱۵۱﴾ الَّذِيْنَ يُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَ

وَلَا تُطِيْعُوْٓا	اَمْرَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۱۵۱﴾ (1)	الَّذِيْنَ	يُفْسِدُوْنَ	فِي الْاَرْضِ	وَ
نہ مانو	حد سے بڑھنے والوں کا حکم	وہ لوگ جو	فساد پھیلاتے ہیں	زمین میں	اور

حد سے بڑھنے والوں کے کہنے پر نہ چلو ○ وہ جو زمین میں فساد پھیلاتے ہیں اور

قوم کا جواب

لَا يُصْلِحُوْنَ ﴿۱۵۲﴾ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ ﴿۱۵۳﴾ مَآ

لَا يُصْلِحُوْنَ ﴿۱۵۲﴾	قَالُوْٓا	اِنَّمَآ اَنْتَ	مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ ﴿۱۵۳﴾	مَآ
اصلاح نہیں کرتے	(قوم نے) کہا	تم صرف	جادو کے شکار لوگوں میں سے (ہو)	نہیں

اصلاح نہیں کرتے ○ قوم نے کہا: تم ان میں سے ہو جن پر جادو ہوا ہے ○ تم تو

1 ..... مُسْرِفِین سے مراد مشرکین ہیں یا ان سے مراد وہ نو شخص ہیں جنہوں نے اونٹنی کو قتل کیا تھا۔

www.dawateislami.net

اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۙ فَاْتِ بِاٰيَةٍ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۵۴﴾

اَنْتَ	اِلَّا	بَشَرٌ	مِّثْلُنَا	فَاْتِ بِاٰيَةٍ	اِنْ	كُنْتَ	مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۵۴﴾
تم	مگر	ایک آدمی	ہمارے جیسے	تو لے آؤ کوئی نشانی	اگر	تم ہو	سچوں میں سے

ہم جیسے ہی ایک آدمی ہو، اگر تم سچے ہو تو کوئی نشانی لاؤ ○

اونٹنی سے متعلق قوم کو ہدایت اور تنبیہ

قَالَ هٰذِهٖ نَاقَةٌ لَّهَا شِرْبٌ وَّلَكُمْ

قَالَ	هٰذِهٖ	نَاقَةٌ (1)	لَّهَا	شِرْبٌ	وَّ	لَكُمْ
(صالح نے) فرمایا	یہ	اونٹنی (ہے)	(ایک دن) اس کیلئے	پینے کی باری	اور	تمہارے لئے

صالح نے فرمایا: یہ ایک اونٹنی ہے، ایک دن اس کے پینے کی باری ہے اور ایک معیّن دن

شِرْبُ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۱۵۵﴾ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ

شِرْبُ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۱۵۵﴾	وَ	لَا تَمَسُّوْهَا	بِسُوْٓءٍ	فَيَاْخُذَكُمْ
ایک معیّن دن کی پینے کی باری (ہے)	اور	تم نہ چھونا اسے	برائی کے ساتھ	(اگر ایسا کیا) تو پکڑ لے گا تمہیں

تمہارے پینے کی باری ہے ○ اور تم اس اونٹنی کو برائی کے ساتھ نہ چھونا ورنہ تمہیں بڑے دن کا

قوم کا اونٹنی کے پاؤں کی رگیں کاٹنا اور ان پر نزولِ عذاب

عَذَابُ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۵۶﴾ فَعَقَرُوْهَا فَاَصْبَحُوْا نٰدِمِيْنَ ﴿۱۵۷﴾

عَذَابُ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۵۶﴾	فَعَقَرُوْهَا (2)	فَاَصْبَحُوْا	نٰدِمِيْنَ ﴿۱۵۷﴾
بڑے دن کا عذاب	تو انہوں نے پاؤں کی رگیں کاٹ دیں اس کی	تو وہ رہ گئے	پچھتانے والے

عذاب پکڑ لے گا ○ تو انہوں نے اس کے پاؤں کی رگیں کاٹ دیں پھر صبح کو پچھتاتے رہ گئے ○

فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ

فَاَخَذَهُمُ	الْعَذَابُ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ (3)	لَاٰيَةً	وَ	مَا كَانَ
تو پکڑ لیا انہیں	عذاب (نے)	بیشک	اس میں	ضرور نشانی (ہے)	اور	نہ تھے

تو انہیں عذاب نے پکڑ لیا، بیشک اس میں ضرور نشانی ہے اور ان کے اکثر لوگ

(1) ..... یہ اونٹنی قوم کے معجزہ طلب کرنے پر، ان کی خواہش کے مطابق، حضرت صالح عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی دعا سے پتھر سے نکلی تھی۔ اس کا سینہ ساٹھ گز کا تھا، جب اس کے پینے کا دن ہوتا تو وہ وہاں کا تمام پانی پی جاتی اور جب لوگوں کے پینے کا دن ہوتا تو اس دن نہ پیتی۔ (2) ..... اونٹنی کے پاؤں کی رگیں کاٹنے والے شخص کا نام قدار تھا اور چونکہ دیگر لوگ اس کے فعل سے راضی تھے اس لئے رگیں کاٹنے کی نسبت سب کی طرف کی گئی اور یہ اپنی سرکشی پر توبہ کرتے ہوئے نادم نہیں ہوئے تھے بلکہ نزولِ عذاب کے خوف سے پچھتا رہے تھے یا عذاب کا معاینہ کرکے نادم ہوئے تھے اور ایسے وقت کی ندامت کا کوئی فائدہ نہیں۔ (3) ..... یعنی قوم ثمود ↑ (رکوع ۸ پارہ ۱۹)

www.dawateislami.net

عظمت وشان الٰہی

اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۵۸﴾ وَ اِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ

اَكْثَرُهُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۵۸﴾	وَ	اِنَّ	رَبَّكَ	لَهُوَ	الْعَزِيْزُ
ان میں اکثر	ایمان والے	اور	بیشک	تمہارا رب	ضرور وہی	عزت والا، غلبے والا

مسلمان نہ تھے ○ اور بیشک تمہارا رب ہی غلبے والا،

الرَّحِيْمُ ﴿۱۵۹﴾ كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطِ ِالْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۶۰﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ

الرَّحِيْمُ ﴿۱۵۹﴾	كَذَّبَتْ	قَوْمُ لُوْطِ ِالْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۶۰﴾	اِذْ	قَالَ	لَهُمْ
مہربان (ہے)	جھٹلایا	لوط کی قوم (نے) رسولوں (کو)	جب	فرمایا	ان سے

مہربان ہے ○ لوط کی قوم نے رسولوں کو جھٹلایا ○ جب ان سے ان کے ہم قوم

حضرت لوط علیہ الصلوٰۃ والسلام کی قوم کو فحاشی سے تبلیغ

اَخُوْهُمْ لُوْطٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۶۱﴾ اِنِّيْ لَكُمْ

اَخُوْهُمْ	لُوْطٌ	اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۶۱﴾	اِنِّيْ	لَكُمْ
ان کے (قومی) بھائی	لوط (نے)	کیا تم ڈرتے نہیں	بیشک میں	تمہارے لیے

لوط نے فرمایا: کیا تم نہیں ڈرتے؟ ○ بیشک میں تمہارے لیے

رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۶۲﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوْنِ ﴿۱۶۳﴾ وَ

رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۶۲﴾	فَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَ	اَطِيْعُوْنِ ﴿۱۶۳﴾	وَ
ایک امانتدار رسول (ہوں)	تو ڈرو	اللہ (سے)	اور	اطاعت کرو میری	اور

امانتدار رسول ہوں ○ تو اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو ○ اور

مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا

مَآ اَسْـَٔلُكُمْ	عَلَيْهِ	مِنْ اَجْرٍ	اِنْ	اَجْرِيَ	اِلَّا
میں نہیں مانگتا تم سے	اس (تبلیغ) پر	کوئی اجرت	نہیں	میرا اجر	مگر

میں اس پر تم سے کچھ اجرت نہیں مانگتا، میرا اجر تو صرف

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) پر آنے والے عذاب میں ضرور عبرت کی نشانی ہے کہ نبی عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی صداقت پر نشانی ظاہر ہو جانے کے بعد بھی کفر پر قائم رہنا نزولِ عذاب کا سبب ہے۔

www.dawateislami.net

مردوں سے بدفعلی کرنے پر قوم کو سخت تنبیہ

عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶۴﴾ اَتَاْتُوْنَ الذُّكْرَانَ

عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶۴﴾	اَتَاْتُوْنَ	الذُّكْرَانَ (۱)
تمام جہانوں کے رب (کے ذمہِ کرم) پر	کیا تم (برا کام کرنے) آتے ہو	مردوں (کے پاس)

ربُّ العٰلمین کے ذمے ہے ○ کیا تم لوگوں میں سے مردوں سے

مِنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶۵﴾ وَ تَذَرُوْنَ مَا خَلَقَ لَكُمْ رَبُّكُمْ

مِنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶۵﴾	وَ	تَذَرُوْنَ	مَا	خَلَقَ	لَكُمْ	رَبُّكُمْ
جہان والوں میں سے	اور	چھوڑتے ہو	(انہیں) جو	بنائیں	تمہارے لیے	تمہارے رب نے

بدفعلی کرتے ہو ○ اور اپنی بیویوں کو چھوڑتے ہو جو تمہارے لیے تمہارے رب نے

قوم کی حضرت لوط علیہ الصلوٰۃ والسلام کو دھمکی اور آپ کا جواب

مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ عٰدُوْنَ ﴿۱۶۶﴾ قَالُوْا لَئِنْ

مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ	بَلْ	اَنْتُمْ	قَوْمٌ عٰدُوْنَ ﴿۱۶۶﴾	قَالُوْا	لَئِنْ
تمہاری بیویاں	بلکہ	تم	حد سے بڑھنے والے لوگ (ہو)	انہوں نے کہا	ضرور اگر

بنائی ہیں بلکہ تم لوگ حد سے بڑھنے والے ہو ○ انہوں نے کہا: اے لوط!

لَّمْ تَنْتَهِ يٰلُوْطُ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُخْرَجِيْنَ ﴿۱۶۷﴾ قَالَ

لَّمْ تَنْتَهِ	يٰلُوْطُ	لَتَكُوْنَنَّ	مِنَ الْمُخْرَجِيْنَ ﴿۱۶۷﴾	قَالَ
تم باز نہ آئے	اے لوط	(تو) ضرور ہو جاؤ گے	نکال دیئے جانے والوں میں سے	(لوط نے) فرمایا

اگر تم باز نہ آئے تو ضرور نکال دیئے جاؤ گے ○ لوط نے فرمایا:

حضرت لوط علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعا اور اس کی قبولیت

اِنِّيْ لِعَمَلِكُمْ مِّنَ الْقَالِيْنَ ﴿۱۶۸﴾ رَبِّ نَجِّنِيْ

اِنِّيْ	لِعَمَلِكُمْ	مِّنَ الْقَالِيْنَ ﴿۱۶۸﴾	رَبِّ	نَجِّنِيْ
بیشک میں	تمہارے کام سے	شدید نفرت کرنے والوں میں سے (ہوں)	اے میرے رب	بچا کر رکھنا مجھے

میں تمہارے کام سے شدید نفرت کرنے والوں میں سے ہوں ○ اے میرے رب! مجھے اور

(۱) ..... اس آیت کا ایک معنی یہ بھی ہو سکتا ہے کہ کیا مخلوق میں ایسے قبیح اور ذلیل فعل کے لئے تمہیں رہ گئے ہو، دنیا جہاں کے اور لوگ بھی تو ہیں، انہیں دیکھ کر تمہیں شرمانا چاہئے۔ اور یہ معنی بھی ہو سکتا ہے کہ کثیر عورتیں موجود ہوتے ہوئے بھی تم مردوں کے ساتھ خبیث فعل کے مرتکب ہوتے ہو۔ مروی ہے کہ اس قوم کو یہ خبیث عمل شیطان نے سکھایا تھا۔ حدیثِ پاک میں ہے کہ ”اللہ تعالیٰ (قیامت کے دن) اس شخص کی طرف رحمت کی نظر نہیں فرمائے گا جو کسی مرد یا عورت کے پچھلے مقام میں وطی کرے۔ (ترمذی، ۲/۳۸۸، الحدیث: ۱۱۶۸)

www.dawateislami.net

وَ اَهْلِيْ مِمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶۹﴾ فَنَجَّيْنٰهُ وَ

وَ	اَهْلِيْ	مِمَّا	يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶۹﴾	فَنَجَّيْنٰهُ	وَ
اور	میرے گھر والوں (کو)	(اس کام) سے جو	وہ لوگ کرتے ہیں	تو ہم نے نجات دی اسے	اور

میرے گھر والوں کو ان کے اعمال سے محفوظ رکھ ○ تو ہم نے اسے

اَهْلَهٗۤ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۷۰﴾ اِلَّا عَجُوْزًا فِي الْغٰبِرِيْنَ ﴿۱۷۱﴾ ثُمَّ

قومِ لوط پر عذابِ الٰہی

اَهْلَهٗۤ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۷۰﴾	اِلَّا	عَجُوْزًا[1]	فِي الْغٰبِرِيْنَ ﴿۱۷۱﴾	ثُمَّ
اس کے سب گھر والوں (کو)	مگر	ایک بڑھیا	(جو) پیچھے رہ جانے والوں میں سے (تھی)	پھر

اور اس کے سب گھر والوں کو نجات بخشی ○ مگر ایک بڑھیا جو پیچھے رہ جانے والوں میں سے تھی ○ پھر

دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿۱۷۲﴾ وَ اَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا فَسَآءَ

دَمَّرْنَا	الْاٰخَرِيْنَ ﴿۱۷۲﴾	وَ	اَمْطَرْنَا	عَلَيْهِمْ	مَّطَرًا[2]	فَسَآءَ
ہم نے ہلاک کر دیا	دوسروں (کو)	اور	ہم نے برسائی	ان پر	ایک بارش	تو کتنی بری (تھی)

ہم نے دوسروں کو ہلاک کر دیا ○ اور ہم نے ان پر ایک خاص بارش برسائی تو

مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۱۷۳﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ

قومِ لوط کی تباہی نشانِ عبرت ہے

مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۱۷۳﴾	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	وَ	مَا كَانَ	اَكْثَرُهُمْ
ڈرائے جانے والوں کی بارش	بیشک	اس میں	ضرور نشانی (ہے)	اور	نہ تھے	ان میں اکثر

ڈرائے جانے والوں کی بارش کتنی بری تھی ○ بیشک اس میں ضرور نشانی ہے اور ان میں اکثر

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷۴﴾ وَ اِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۷۵﴾ ع

عظمت و شانِ الٰہی

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷۴﴾	وَ	اِنَّ	رَبَّكَ	لَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الرَّحِيْمُ ﴿۱۷۵﴾
ایمان والے	اور	بیشک	تمہارا رب	ضرور وہی	عزت والا، غلبے والا	مہربان (ہے)

مسلمان نہ تھے ○ اور بیشک تمہارا رب ہی غلبے والا، مہربان ہے ○

ع ۱۲/۱۲

1 ..... یہ بڑھیا حضرت لوط عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی بیوی تھی، یہ چونکہ اپنی قوم کے فعل پر راضی تھی اور جو گناہ پر راضی ہو وہ بھی گناہ کرنے والے کے حکم میں ہوتا ہے اسی لئے یہ بڑھیا بھی عذاب میں گرفتار ہوئی۔ 2 ..... قومِ لوط پر پتھروں کی یا گندھک اور آگ کی خاص بارش برسائی گئی تھی۔

www.dawateislami.net

كَذَّبَ اَصْحٰبُ لْـَٔيْكَةِ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۷۶﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ شُعَيْبٌ

كَذَّبَ	اَصْحٰبُ لْـَٔيْكَةِ	الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۷۶﴾	اِذْ	قَالَ	لَهُمْ	شُعَيْبٌ
جھٹلایا	ایکہ (جنگل) والوں (نے)	رسولوں (کو)	جب	فرمایا	ان سے	شعیب (نے)

ایکہ (جنگل) والوں نے رسولوں کو جھٹلایا○ جب ان سے شعیب نے فرمایا:

اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۷۷﴾ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۷۸﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ

اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۷۷﴾	اِنِّيْ	لَكُمْ	رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۷۸﴾	فَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَ
کیا تم ڈرتے نہیں	بیشک میں	تمہارے لیے	امانتدار رسول (ہوں)	تو ڈرو	اللہ (سے)	اور

کیا تم ڈرتے نہیں ؟○ بیشک میں تمہارے لیے امانتدار رسول ہوں○ تو اللہ سے ڈرو اور

اَطِيْعُوْنِ ﴿۱۷۹﴾ وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ اِنْ اَجْرِيَ

اَطِيْعُوْنِ ﴿۱۷۹﴾	وَ	مَآ اَسْـَٔلُكُمْ	عَلَيْهِ	مِنْ اَجْرٍ (1)	اِنْ	اَجْرِيَ
اطاعت کرو میری	اور	میں نہیں مانگتا تم سے	اس (تبلیغ) پر	کوئی اجرت	نہیں	میرا اجر

میری اطاعت کرو○ اور میں اس (تبلیغ) پر تم سے کچھ اجرت نہیں مانگتا، میرا اجر تو

اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۸۰﴾ اَوْفُوا الْكَيْلَ وَلَا تَكُوْنُوْا

اِلَّا	عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۸۰﴾	اَوْفُوا	الْكَيْلَ	وَ	لَا تَكُوْنُوْا
مگر	تمام جہانوں کے رب (کے ذمہ کرم) پر	(اے لوگو) پورا کرو	ناپ	اور	نہ ہو جاؤ

اسی پر ہے جو سارے جہان کا رب ہے○ (اے لوگو!) ناپ پورا کرو اور ناپ تول کو

مِنَ الْمُخْسِرِيْنَ ﴿۱۸۱﴾ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ﴿۱۸۲﴾ وَلَا تَبْخَسُوا

مِنَ الْمُخْسِرِيْنَ ﴿۱۸۱﴾ (2)	وَزِنُوْا	بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ﴿۱۸۲﴾	وَ	لَا تَبْخَسُوا
گھٹانے والوں میں سے	اور تولو	بالکل درست ترازو سے	اور	کم کر کے نہ دو

گھٹانے والوں میں سے نہ ہو جاؤ○ اور بالکل درست ترازو سے تولو○ اور لوگوں کو

1 ..... تمام انبیاء کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام اللہ تعالیٰ کے خوف اور اس کی اطاعت اور عبادت میں اخلاص کا حکم دیتے اور رسالت کی تبلیغ پر کوئی اجرت نہیں لیتے تھے، اس لئے سب نے ہی اجرت لینے کی نفی فرمائی۔ 2 ..... ناپ تول میں کمی کرنا، لوگوں کو ان کی چیزیں کم کر کے دینا، رہزنی اور لوٹ مار نیز کھیتیاں برباد کر کے زمین میں فساد پھیلانا ان لوگوں کی عادت تھی اس لئے حضرت شعیب عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے انہیں ان کاموں سے منع فرمایا اور عذابِ الٰہی سے ڈرایا۔ اس سے معلوم ہوا کہ نبی عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام صرف عبادات ہی سکھانے نہیں آتے بلکہ معاملات، اخلاقیات اور سیاسیات سب کی صحیح تعلیم بھی ان کے منصبِ نبوت میں داخل ہے۔

www.dawateislami.net

النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿۱۸۳﴾ وَاتَّقُوا

النَّاسَ	اَشْيَآءَهُمْ	وَ	لَا تَعْثَوْا	فِي الْاَرْضِ	مُفْسِدِيْنَ ﴿۱۸۳﴾	وَ	اتَّقُوا
لوگوں (کو)	ان کی چیزیں	اور	نہ پھرو	زمین میں	فساد پھیلاتے ہوئے	اور	ڈرو

ان کی چیزیں کم کر کے نہ دو اور زمین میں فساد پھیلاتے نہ پھرو ○ اور اس سے ڈرو

الَّذِيْ خَلَقَكُمْ وَالْجِبِلَّةَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۸۴﴾ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ

الَّذِيْ	خَلَقَكُمْ	وَ	الْجِبِلَّةَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۸۴﴾	قَالُوْٓا	اِنَّمَآ اَنْتَ
(اس سے) جس نے	پیدا کیا تمہیں	اور	پہلی مخلوق (کو)	(قوم نے) کہا	تم صرف

جس نے تمہیں اور پہلی مخلوق کو پیدا کیا ○ قوم نے کہا: (اے شعیب!) تم تو

مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ ﴿۱۸۵﴾ وَمَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا

مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ ﴿۱۸۵﴾	وَ	مَآ	اَنْتَ	اِلَّا	بَشَرٌ	مِّثْلُنَا (1)
جادو کے شکار لوگوں میں سے (ہو)	اور	نہیں	تم	مگر	ایک آدمی	ہمارے جیسے

ان میں سے ہو جن پر جادو ہوا ہے ○ تم تو ہمارے جیسے ایک آدمی ہی ہو

وَاِنْ نَّظُنُّكَ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۱۸۶﴾ فَاَسْقِطْ عَلَيْنَا كِسَفًا

وَ	اِنْ	نَّظُنُّكَ	لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۱۸۶﴾	فَاَسْقِطْ	عَلَيْنَا	كِسَفًا
اور	بیشک	ہم سمجھتے ہیں تجھے	ضرور جھوٹوں میں سے	تو گرا دو	ہم پر	کوئی ٹکڑا

اور بیشک ہم تمہیں جھوٹوں میں سے سمجھتے ہیں ○ تو ہم پر آسمان کا کوئی ٹکڑا

مِّنَ السَّمَآءِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۸۷﴾ قَالَ رَبِّيْٓ

مِّنَ السَّمَآءِ	اِنْ	كُنْتَ	مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۸۷﴾	قَالَ	رَبِّيْٓ (2)
آسمان سے (کا)	اگر	تم ہو	سچوں میں سے	(شعیب نے) فرمایا	میرا رب

گرا دو اگر تم سچے ہو ○ شعیب نے فرمایا: میرا رب

قوم کی طرف سے عذاب کا مطالبہ اور انبیاء کا جواب

قوم کا گستاخانہ جواب

1 ..... انبیاء عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو اپنے جیسا بشر کہہ کر ان کی تحقیر کرنا کافروں کا عمومی طریقہ رہا ہے۔

2 ..... حضرت شعیب عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے ان لوگوں کا جواب سن کر فرمایا: میرا رب عَزَّوَجَلَّ تمہارے اعمال کو اور جس عذاب کے تم مستحق ہو اسے خوب جانتا ہے، وہ اگر چاہے گا تو آسمان کا کوئی ٹکڑا تم پر گرا دے گا یا تم پر کوئی اور عذاب نازل کرنا اس کی مشیت میں ہو گا تو وہ تم پر عذاب نازل فرما دے گا۔

www.dawateislami.net

قومِ شعیب کا جھٹلانا اور ان پر عذابِ الٰہی

اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸۸﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمْ

اَعْلَمُ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸۸﴾	فَكَذَّبُوْهُ	فَاَخَذَهُمْ
خوب جانتا ہے	(اس) کو جو	تم عمل کرتے ہو	تو انہوں نے جھٹلایا اسے	تو پکڑ لیا انہیں

تمہارے اعمال کو خوب جانتا ہے ○ تو انہوں نے اسے جھٹلایا تو انہیں شامیانے والے

قومِ شعیب کا واقعہ عبرت کی نشانی ہے

عَذَابُ يَوْمِ الظُّلَّةِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۸۹﴾ اِنَّ

عَذَابُ يَوْمِ الظُّلَّةِ (۱)	اِنَّهٗ	كَانَ	عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۸۹﴾	اِنَّ
شامیانے والے دن کے عذاب (نے)	بیشک وہ	تھا	بڑے دن کا عذاب	بیشک

دن کے عذاب نے پکڑ لیا بیشک وہ بڑے دن کا عذاب تھا ○ بیشک

اللہ تعالیٰ کی عظمت و شان

فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۹۰﴾ وَ

فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	وَ	مَا كَانَ	اَكْثَرُهُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۹۰﴾	وَ
اس میں	ضرور نشانی (ہے)	اور	نہ تھے	ان میں اکثر	ایمان والے	اور

اس میں ضرور نشانی ہے اور ان کے اکثر لوگ مسلمان نہ تھے ○ اور

قرآن مجید کا تعارف

اِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۹۱﴾ ع وَ اِنَّهٗ

اِنَّ	رَبَّكَ	لَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الرَّحِيْمُ ﴿۱۹۱﴾	وَ	اِنَّهٗ
بیشک	تمہارا رب	ضرور وہی	عزت والا، غلبے والا	مہربان (ہے)	اور	بیشک وہ (قرآن)

بیشک تمہارا رب ہی غلبے والا، مہربان ہے ○ اور بیشک یہ قرآن

لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۹۲﴾ ؕ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ ﴿۱۹۳﴾ ۙ عَلٰى قَلْبِكَ

لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۹۲﴾	نَزَلَ بِهِ	الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ ﴿۱۹۳﴾ (2)	عَلٰى قَلْبِكَ
ضرور تمام جہانوں کے رب کا اتارا ہوا (ہے)	اتارا ہے اسے	روح الامین (نے)	تمہارے دل پر

ربُّ العالمین کا اتارا ہوا ہے ○ اسے روحُ الامین لے کر نازل ہوئے ○ تمہارے دل پر

1 ..... اس عذاب کی صورت یہ ہوئی کہ انہیں شدید گرمی پہنچی، ہوا بند ہوئی اور سات دن گرمی کے عذاب میں گرفتار رہے۔ تہ خانوں میں جاتے وہاں اور زیادہ گرمی پاتے۔ اس کے بعد ایک بادل آیا سب اس کے نیچے آ کے جمع ہو گئے تو اس سے آگ برسی اور سب جل گئے۔ 2 ..... حضرت جبریل عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو ''روح'' اس لئے کہا گیا کہ جس طرح روح بدن کی زندگی کا سبب ہوتی ہے اسی طرح حضرت جبریل عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام مکلف لوگوں کے دلوں کی زندگی کا سبب ہیں کیونکہ یہ وحی لے کر نازل ہوتے ہیں جس سے جہالت کے سبب مردہ دل علم و معرفت پا کر زندہ ہوتے ہیں اور آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو امین اس لئے (خزائن العرفان، الشعراء، تحت الآیۃ: ۱۹۳، ص۷۳۰)

www.dawateislami.net

لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ﴿۱۹۴﴾ بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ ﴿۱۹۵﴾ وَ اِنَّهٗ

لِتَكُوْنَ	مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ﴿۱۹۴﴾	بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ ﴿۱۹۵﴾	وَ	اِنَّهٗ
تاکہ تم ہو جاؤ	ڈر سنانے والوں میں سے	روشن عربی زبان میں	اور	بیشک وہ (یعنی اس کا ذکر)

تاکہ تم ڈر سنانے والوں میں سے ہو جاؤ ○ روشن عربی زبان میں ○ اور بیشک

نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صداقت کی ایک دلیل

لَفِيْ زُبُرِ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۹۶﴾ اَوَ لَمْ يَكُنْ لَّهُمْ اٰيَةً اَنْ

لَفِيْ زُبُرِ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۹۶﴾	اَوَ لَمْ يَكُنْ	لَّهُمْ	اٰيَةً	اَنْ
ضرور پہلی کتابوں میں (موجود) ہے	اور کیا نہ تھی	ان کے لیے	نشانی	(یہ بات) کہ

اس کا ذکر پہلی کتابوں میں موجود ہے ○ اور کیا یہ بات ان کے لیے نشانی نہ تھی کہ

انکارِ قرآن میں کفارِ مکہ کا حال

يَّعْلَمَهٗ عُلَمٰٓؤُا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۱۹۷﴾ وَ لَوْ نَزَّلْنٰهُ

يَّعْلَمَهٗ	عُلَمٰٓؤُا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۱۹۷﴾	وَ	لَوْ	نَزَّلْنٰهُ
جانتے ہیں اس (نبی) کو	بنی اسرائیل کے علماء	اور	اگر	ہم اتارتے اس (قرآن) کو

اس نبی کو بنی اسرائیل کے علماء جانتے ہیں ○ اور اگر ہم اسے

عَلٰى بَعْضِ الْاَعْجَمِيْنَ ﴿۱۹۸﴾ فَقَرَاَهٗ عَلَيْهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ

عَلٰى بَعْضِ الْاَعْجَمِيْنَ ﴿۱۹۸﴾	فَقَرَاَهٗ	عَلَيْهِمْ	مَّا كَانُوْا	بِهٖ
غیر عربیوں میں سے کسی پر	پھر وہ پڑھتا اسے	ان پر (کے سامنے)	(تب بھی) وہ نہ تھے	اس پر

کسی غیر عربی شخص پر اتارتے ○ پھر وہ ان کے سامنے قرآن کو پڑھتا جب بھی وہ اس پر

ازلی کفار کا حال

مُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۹۹﴾ كَذٰلِكَ سَلَكْنٰهُ فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۲۰۰﴾

مُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۹۹﴾ (1)	كَذٰلِكَ	سَلَكْنٰهُ	فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۲۰۰﴾
ایمان لانے والے	اسی طرح	ہم نے داخل کر دیا اس (جھٹلانے) کو	مجرموں کے دلوں میں

ایمان لانے والے نہ تھے ○ یونہی ہم نے مجرموں کے دلوں میں اس قرآن کے جھٹلانے کو داخل کر دیا ہے ○

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے وحی کی امانت لے کر انبیاء عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام تک آپ ہی پہنچاتے تھے۔

1 ..... کفارِ مکہ کے کفر و انکار کا ایک بنیادی سبب ان کا عناد تھا اس لئے وہ کسی طرح بھی قرآنِ مجید کو ماننے پر تیار نہ تھے۔ عناد، قبولِ حق کی راہ میں بہت بڑی رکاوٹ ہے کیونکہ جس کے دل میں عناد بھرا ہو اسے کتنے ہی تسلی بخش جوابات دیدیں اور دلائل پیش کر دیں، وہ قبول نہیں کرے گا۔ دنیاوی زندگی میں بھی عناد کا رویہ نقصان دہ ہے۔

www.dawateislami.net

کفارِ مکہ کو وعیدِ عذاب

لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿۲۰۱﴾

لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِهٖ	حَتّٰى	يَرَوُا	الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿۲۰۱﴾
وہ ایمان نہ لائیں گے	اس پر	یہاں تک کہ	وہ دیکھ لیں	دردناک عذاب

وہ اس پر ایمان نہ لائیں گے یہاں تک کہ دردناک عذاب دیکھ لیں ○

فَيَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۰۲﴾ فَيَقُوْلُوْا هَلْ

فَيَاْتِيَهُمْ	بَغْتَةً	وَّ	هُمْ	لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۰۲﴾	فَيَقُوْلُوْا	هَلْ
تو وہ (عذاب) آجائے گا ان پر	اچانک	اور	وہ	انہیں خبر نہ ہوگی	پھر وہ کہیں گے	کیا

تو وہ (عذاب) اچانک ان پر آجائے گا اور انہیں خبر (بھی) نہ ہوگی ○ پھر کہیں گے: کیا

نزولِ عذاب کی جلدی مچانے والوں کو تنبیہ

نَحْنُ مُنْظَرُوْنَ ﴿۲۰۳﴾ اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۲۰۴﴾ اَفَرَءَيْتَ اِنْ

نَحْنُ	مُنْظَرُوْنَ ﴿۲۰۳﴾	اَفَبِعَذَابِنَا	يَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۲۰۴﴾	اَفَرَءَيْتَ	اِنْ
ہم	مہلت دیئے جائیں گے	تو کیا ہمارے عذاب کو	وہ جلدی مانگتے ہیں	بھلا دیکھو	اگر

ہمیں کچھ مہلت ملے گی؟ ○ تو کیا ہمارے عذاب کو جلدی مانگتے ہیں؟ ○ بھلا دیکھو تو کہ اگر

مَتَّعْنٰهُمْ سِنِيْنَ ﴿۲۰۵﴾ ثُمَّ جَآءَهُمْ مَّا

مَتَّعْنٰهُمْ	سِنِيْنَ ﴿۲۰۵﴾	ثُمَّ	جَآءَهُمْ	مَّا
ہم فائدہ اٹھانے دیں انہیں	کچھ سال	پھر	آجائے ان پر	(وہ عذاب) جس کا

ہم کچھ سال انہیں فائدہ اٹھانے دیں ○ پھر ان پر وہ (عذاب) آجائے جس کا

كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ﴿۲۰۶﴾ مَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يُمَتَّعُوْنَ ﴿۲۰۷﴾

كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ﴿۲۰۶﴾	مَآ	اَغْنٰى	عَنْهُمْ	مَّا	كَانُوْا يُمَتَّعُوْنَ ﴿۲۰۷﴾ (1)
ان سے وعدہ کیا گیا تھا	(تو) کیا	کام آئے گا	ان سے (کے)	وہ جس سے	انہیں فائدہ اٹھانے دیا گیا تھا

ان سے وعدہ کیا گیا تھا ○ تو کیا وہ سامان ان کے کام آئے گا جس سے انہیں فائدہ اٹھانے (کا موقع) دیا گیا تھا ○

1 .....یعنی دنیا کی طویل زندگی اور عیش و عشرت کی بہتات کفار سے نہ تو عذابِ الٰہی دور کر سکے گی اور نہ ہی اس کی شدت میں کوئی کمی کر سکے گی۔ ان آیات میں ان مسلمانوں کے لئے بھی عبرت ہے جو دنیا کی آسائشوں کے حصول میں مگن ہو کر اللہ تعالیٰ کی عبادت، اس کی یاد اور اس کے ذکر سے غافل ہیں۔ انہیں بھی ڈر جانا چاہئے کہ کہیں یہ چیز ان کی آخرت تباہ نہ کر دے۔ حدیثِ پاک میں ہے ”جو شخص اپنی دنیا سے محبت کرتا ہے وہ اپنی آخرت کو نقصان پہنچاتا ہے اور جو اپنی آخرت سے محبت کرتا ہے وہ اپنی دنیا کو نقصان پہنچاتا ہے لہٰذا فنا ہونے والی پر باقی رہنے والی کو ترجیح دو۔ (مسند امام احمد، ۷/۱۶۵، الحدیث: ۱۹۷۱۷)

www.dawateislami.net

مع

نزولِ عذاب کا سبب اور اس کا مقصد

وَمَآ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ اِلَّا لَهَا مُنْذِرُوْنَ ﴿۲۰۸﴾ قف

وَ	مَآ اَهْلَكْنَا	مِنْ قَرْيَةٍ	اِلَّا	لَهَا	مُنْذِرُوْنَ ﴿۲۰۸﴾
اور	ہم نے ہلاک نہیں کی	کوئی بستی	مگر	اس کے لئے	ڈر سنانے والے (تھے)

اور ہم نے جو بستی بھی ہلاک کی اس کیلئے ڈر سنانے والے تھے ○

قرآن پر شیاطین کو دسترس نہیں

ذِكْرٰى قف وَمَا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۲۰۹﴾ وَمَا تَنَزَّلَتْ بِهِ

ذِكْرٰى	وَ	مَا كُنَّا	ظٰلِمِيْنَ ﴿۲۰۹﴾	وَ	مَا تَنَزَّلَتْ بِهِ
نصیحت کرنے (کے لیے)	اور	ہم نہ تھے	ظلم کرنے والے	اور	لے کر نہیں اترے اسے

نصیحت کرنے کے لیے اور ہم ظالم نہ تھے ○ اور اس قرآن کو لے کر

الشَّيٰطِيْنُ ﴿۲۱۰﴾ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهُمْ وَمَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿۲۱۱﴾ ط

الشَّيٰطِيْنُ ﴿۲۱۰﴾	وَ	مَا يَنْۢبَغِيْ	لَهُمْ	وَ	مَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿۲۱۱﴾
شیاطین	اور	(قرآن لانے کی) لیاقت نہ تھی	ان کو	اور	نہ وہ (اس کی) طاقت رکھتے تھے

شیطان نہ اترے ○ اور نہ ہی وہ اس قابل تھے اور نہ وہ (اس کی) طاقت رکھتے ہیں ○

غیر اللہ کی عبادت پر نزولِ عذاب کی وعید

اِنَّهُمْ عَنِ السَّمْعِ لَمَعْزُوْلُوْنَ ﴿۲۱۲﴾ ط فَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ

اِنَّهُمْ	عَنِ السَّمْعِ	لَمَعْزُوْلُوْنَ ﴿۲۱۲﴾ (1)	فَلَا تَدْعُ (2)	مَعَ اللّٰهِ
بیشک وہ	سننے سے	ضرور دور کر دیئے گئے ہیں	تو تم عبادت نہ کرنا	اللہ کے ساتھ

وہ تو سننے کی جگہ سے دور کر دیئے گئے ہیں ○ تو اللہ کے سوا کسی دوسرے معبود کی

قریبی رشتہ داروں کو ڈر سنانے کا حکم

اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَكُوْنَ مِنَ الْمُعَذَّبِيْنَ ﴿۲۱۳﴾ ج وَاَنْذِرْ

اِلٰهًا اٰخَرَ	فَتَكُوْنَ	مِنَ الْمُعَذَّبِيْنَ ﴿۲۱۳﴾	وَ	اَنْذِرْ
دوسرے معبود (کی)	(اگر ایسا کیا) تو تو ہو جائے گا	عذاب والوں میں سے	اور	(اے حبیب) تم ڈراؤ

عبادت نہ کرنا ورنہ تو عذاب والوں میں سے ہو جائے گا ○ اور اے محبوب!

1 ..... اس سے مراد یہ ہے کہ انبیاءِ کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی طرف جو وحی ہوتی ہے، اسے اللہ تعالیٰ نے محفوظ کر دیا ہے۔ جب تک کہ فرشتہ اسے نبی تک پہنچا نہ دے اس سے پہلے شیاطین اس کو نہیں سن سکتے۔

2 ..... اس آیت میں حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے خطاب کے ذریعے آپ کی امت کو حکم دیا گیا کہ جب تم نے کافروں کا حال جان لیا تو تم اللہ تعالیٰ کے سوا کسی دوسرے معبود کی عبادت نہ کرنا ورنہ تم بھی عذاب پانے والوں میں سے ہو جاؤ گے۔

www.dawateislami.net

عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ ﴿۲۱۴﴾ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِمَنِ

عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ ﴿۲۱۴﴾ (1)	وَ	اخْفِضْ	جَنَاحَكَ	لِمَنِ
اپنے قریبی رشتہ داروں (کو)	اور	جھکاؤ، بچھاؤ	اپنی (رحمت کا) بازو	(اس) کے لیے جس نے

اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈراؤ ○ اور اپنے پیروکار مسلمانوں کے لیے

اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۱۵﴾ فَاِنْ عَصَوْكَ فَقُلْ

اتَّبَعَكَ	مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۱۵﴾	فَاِنْ	عَصَوْكَ	فَقُلْ
پیروی کی تمہاری	ایمان والوں میں سے	پھر اگر	وہ نافرمانی کریں تمہاری	تو تم کہہ دو

اپنی رحمت کا بازو بچھاؤ ○ پھر اگر وہ تمہارا حکم نہ مانیں تو فرمادو

اِنَّنِيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۱۶﴾ وَتَوَكَّلْ

اِنَّنِيْ	بَرِيْٓءٌ	مِّمَّا	تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۱۶﴾	وَ	تَوَكَّلْ (2)
بیشک میں	بری، بیزار (ہوں)	(اس) سے جو	تم عمل کرتے ہو	اور	تم بھروسہ کرو

میں تمہارے اعمال سے بیزار ہوں ○ اور اس پر بھروسہ کرو

عَلَى الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ﴿۲۱۷﴾ الَّذِيْ يَرٰىكَ حِيْنَ تَقُوْمُ ﴿۲۱۸﴾ وَ

عَلَى الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ﴿۲۱۷﴾	الَّذِيْ	يَرٰىكَ	حِيْنَ	تَقُوْمُ ﴿۲۱۸﴾	وَ
عزت والے، رحم فرمانے والے پر	جو	دیکھتا ہے تمہیں	جب	تم کھڑے ہوتے ہو	اور

جو عزت والا، رحم فرمانے والا ہے ○ جو تمہیں دیکھتا ہے جب تم کھڑے ہوتے ہو ○ اور

وَتَقَلُّبَكَ فِي السّٰجِدِيْنَ ﴿۲۱۹﴾ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۲۲۰﴾

وَتَقَلُّبَكَ	فِي السّٰجِدِيْنَ ﴿۲۱۹﴾	اِنَّهٗ	هُوَ	السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ ﴿۲۲۰﴾
تمہارے دورہ کرنے (کو)	نمازیوں میں	بیشک وہ	وہی	سننے والا	جاننے والا (ہے)

نمازیوں میں تمہارے دورہ فرمانے کو (دیکھتا ہے۔) ○ بیشک وہی سننے والا جاننے والا ہے ○

1 ..... ابتداء میں دینِ اسلام کی دعوت پوشیدہ طور پر جاری تھی، پھر اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو حکم دیا کہ قریبی رشتہ داروں کو اسلام کی تبلیغ کریں۔ حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے قریبی رشتہ دار بنی ہاشم اور بنی مطلب ہیں۔ انہیں آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اعلانیہ عذابِ الٰہی سے ڈرایا اور خدا کا خوف دلایا۔ 2 ..... توکل کا معنی یہ ہے کہ آدمی اپنا کام اس کے سپرد کردے جو اس کے کام کا حقیقی مالک اور اسے نفع و نقصان پہنچانے پر حقیقتاً قادر ہے اور وہ حقیقت میں صرف اللہ تعالیٰ ہے۔

www.dawateislami.net

شیطان کس پر اترتے ہیں؟

هَلْ اُنَبِّئُكُمْ عَلٰى مَنْ تَنَزَّلُ الشَّيٰطِيْنُ ﴿۲۲۱﴾ تَنَزَّلُ

هَلْ	اُنَبِّئُكُمْ	عَلٰى مَنْ	تَنَزَّلُ	الشَّيٰطِيْنُ ﴿۲۲۱﴾	تَنَزَّلُ
کیا	میں بتادوں تمہیں	کس پر	اترتے ہیں	شیاطین	وہ اترتے ہیں

کیا میں تمہیں بتادوں کہ شیطان کس پر اترتے ہیں؟ ○ شیطان

عَلٰى كُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ﴿۲۲۲﴾ يُّلْقُوْنَ السَّمْعَ وَ اَكْثَرُهُمْ

عَلٰى كُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ﴿۲۲۲﴾	يُّلْقُوْنَ	السَّمْعَ	وَ	اَكْثَرُهُمْ
ہر بڑے بہتان باندھنے والے، گناہگار پر	وہ (ان پر) ڈالتے ہیں	(اپنی) سنی ہوئی باتیں	اور	ان میں اکثر

بڑے بہتان باندھنے والے، گناہگار پر اترتے ہیں ○ شیطان اپنی سنی ہوئی باتیں (ان پر) ڈالتے ہیں اور ان میں اکثر

شاعروں کا حال

كٰذِبُوْنَ ﴿۲۲۳﴾ وَ الشُّعَرَآءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ ﴿۲۲۴﴾ اَلَمْ تَرَ

كٰذِبُوْنَ ﴿۲۲۳﴾	وَ	الشُّعَرَآءُ (۱)	يَتَّبِعُهُمُ	الْغَاوٗنَ ﴿۲۲۴﴾	اَلَمْ تَرَ
جھوٹے (ہیں)	اور	شاعر	پیروی کرتے ہیں ان کی	گمراہ لوگ	کیا تم نے نہ دیکھا

جھوٹے ہیں ○ اور شاعروں کی پیروی تو گمراہ لوگ کرتے ہیں ○ کیا تم نے نہ دیکھا

اَنَّهُمْ فِيْ كُلِّ وَادٍ يَّهِيْمُوْنَ ﴿۲۲۵﴾ وَ اَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ ﴿۲۲۶﴾

اَنَّهُمْ	فِيْ كُلِّ وَادٍ	يَّهِيْمُوْنَ ﴿۲۲۵﴾	وَ	اَنَّهُمْ	يَقُوْلُوْنَ	مَا	لَا يَفْعَلُوْنَ ﴿۲۲۶﴾
کہ وہ	ہر وادی میں	بھٹکتے پھرتے ہیں	اور	یہ کہ وہ	کہتے ہیں	جو	وہ نہیں کرتے

کہ شاعر ہر وادی میں بھٹکتے پھرتے ہیں ○ اور یہ کہ وہ ایسی بات کہتے ہیں جو کرتے نہیں ○

مسلمان شاعروں کے اچھے کلام مذموم نہیں

اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ ذَكَرُوا

اِلَّا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	وَ	ذَكَرُوا
مگر	وہ لوگ جو	ایمان لائے	اور	انہوں نے عمل کئے	اچھے، نیک	اور	انہوں نے یاد کیا

مگر وہ جو ایمان لائے اور انہوں نے اچھے اعمال کئے اور اللہ کو

(۱) ..... کفار کے کچھ شاعر رسول کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے خلاف شعر بناتے اور یہ کہتے تھے کہ جیسا محمد صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کہتے ہیں ایسا ہم بھی کہہ لیتے ہیں اور اُن کی قوم کے گمراہ لوگ اُن سے ان اشعار کو نقل کرتے تھے۔ چنانچہ ان آیات میں ان لوگوں کی مذمت فرمائی گئی ہے اور اس سے واضح ہوا کہ شاعروں کا جھوٹے اور باطل اشعار لکھنا، انہیں پڑھنا، دوسروں کو سنانا اور انہیں معاشرے میں رائج کرنا گمراہ لوگوں کا کام ہے۔ حدیثِ پاک میں ہے: ”اگر تم میں سے کسی شخص کا پیٹ پیپ سے بھر جائے تو یہ اس سے بہتر ہے کہ وہ (مذموم) شعروں سے بھرا ہوا ہو۔ (بخاری، ۴/۱۴۲، الحدیث: ۶۱۵۴)

www.dawateislami.net

اللّٰهَ	كَثِيْرًا	وَّ	انْتَصَرُوْا	مِنْۢ بَعْدِ	مَا	ظُلِمُوْا (۱)
اللہ (کو)	کثرت (سے)	اور	بدلہ لیا	(اس کے) بعد	کہ	ان پر ظلم کیا گیا

کثرت سے یاد کیا اور مظلوم ہونے کے بعد بدلہ لیا

وَ	سَيَعْلَمُ	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْۤا	اَیَّ مُنْقَلَبٍ	يَّنْقَلِبُوْنَ ﴿۲۲۷﴾
اور	عنقریب جان لیں گے	وہ لوگ جنہوں نے	ظلم کیا	کس کروٹ (پر)	وہ پلٹا کھائیں گے

اور عنقریب ظالم جان لیں گے کہ کس کروٹ پر پلٹا کھائیں گے ○

ع ۲۲ ۱۵

آیات: 93 — رکوع: 07

سُوْرَةُ النَّمْلِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
نام سے (شروع)	اللہ	نہایت مہربان	رحمت والا

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحمت والا ہے۔

اوصافِ قرآن

طٰسٓ	تِلْكَ	اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ وَكِتَابٍ مُّبِيْنٍ ۙ﴿۱﴾	هُدًى	وَّ	بُشْرٰى
حروف مقطعات	یہ	قرآن اور روشن کتاب کی آیتیں (ہیں)	ہدایت	اور	خوشخبری

طٰسٓ، یہ قرآن اور روشن کتاب کی آیتیں ہیں ○ ایمان والوں کیلئے ہدایت

(۱) ..... اس آیت میں مسلمان شاعروں کا استثناء فرمایا گیا کیونکہ ان کے کلام میں کافر شاعروں کی طرح مذموم باتیں نہیں ہوتیں بلکہ وہ اشعار کی صورت میں اللہ تعالیٰ کی حمد، حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی نعت، دینِ اسلام کی تعریف، وعظ و نصیحت اور کفار کی بدگوئیوں کا جواب لکھتے ہیں اور اس پر اجر و ثواب پاتے ہیں۔ یاد رہے کہ اشعار فی نفسہٖ برے نہیں کیونکہ وہ ایک کلام ہے، اگر اشعار اچھے ہیں تو وہ اچھا کلام ہے اور برے اشعار ہیں تو وہ برا کلام ہے، جیسا کہ حدیثِ پاک میں ہے: ”شعر ایک کلام ہے، اچھے اشعار اچھے کلام کی طرح ہیں اور برے اشعار برے کلام کی طرح ہیں۔“ (سنن الکبریٰ للبیہقی، ۵/۱۱۰، الحدیث: ۹۱۸۱)

www.dawateislami.net

لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ﴿۲﴾ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ

لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲﴾	الَّذِيْنَ	يُقِيْمُوْنَ	الصَّلٰوةَ	وَ	يُؤْتُوْنَ	الزَّكٰوةَ	وَ	هُمْ
ایمان والوں کیلئے	وہ لوگ جو	قائم رکھتے ہیں	نماز	اور	دیتے ہیں	زکوٰۃ	اور	وہ

اور خوشخبری ہے ○ وہ جو نماز قائم رکھتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور وہ

بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ﴿۳﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ

بِالْاٰخِرَةِ	هُمْ	يُوْقِنُوْنَ ﴿۳﴾	اِنَّ	الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ
آخرت پر	وہ	یقین رکھتے ہیں	بیشک	وہ لوگ جو	ایمان نہیں لاتے	آخرت پر

آخرت پر یقین رکھتے ہیں ○ بیشک وہ لوگ جو آخرت پر ایمان نہیں لاتے

زَيَّنَّا لَهُمْ اَعْمَالَهُمْ فَهُمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۴﴾ اُولٰٓئِكَ

زَيَّنَّا	لَهُمْ	اَعْمَالَهُمْ	فَهُمْ	يَعْمَهُوْنَ ﴿۴﴾	اُولٰٓئِكَ
ہم نے خوشنما بنادیئے ہیں	ان کے لیے	ان کے اعمال	تو وہ	بھٹک رہے ہیں	یہی

ہم نے ان کے برے اعمال ان کی نگاہ میں خوشنما بنادیئے ہیں تو وہ بھٹک رہے ہیں ○ یہی وہ لوگ ہیں

الَّذِيْنَ لَهُمْ سُوْٓءُ الْعَذَابِ وَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ

الَّذِيْنَ	لَهُمْ	سُوْٓءُ الْعَذَابِ	وَ	هُمْ	فِي الْاٰخِرَةِ	هُمُ
وہ لوگ ہیں جو	ان کے لیے	برا عذاب (ہے)	اور	وہ	آخرت میں	وہی

جن کے لیے برا عذاب ہے اور یہی آخرت میں

الْاَخْسَرُوْنَ ﴿۵﴾ وَاِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْاٰنَ

الْاَخْسَرُوْنَ ﴿۵﴾	وَ	اِنَّكَ	لَتُلَقَّى (1)	الْقُرْاٰنَ
سب سے زیادہ نقصان اٹھانے والے (ہیں)	اور	بیشک تجھے	ضرور سکھایا جاتا ہے	قرآن

سب سے زیادہ نقصان اٹھانے والے ہیں ○ اور (اے محبوب!) بیشک آپ کو قرآن سکھایا جاتا ہے

1 ..... اس آیت میں بیان ہوا کہ حضورِ اقدس صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو علم و حکمت والے رب تعالیٰ کی طرف سے قرآن سکھایا جاتا ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ حضرت جبریل عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے استاد نہیں بلکہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے قرآن اللہ تعالیٰ سے سیکھا ہے جبکہ حضرت جبریل عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام خادم اور قاصد بن کر تشریف لاتے رہے۔ یہ بھی پتہ لگا کہ حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی طرح قرآن کوئی نہیں سمجھ سکتا کیوں کہ سب لوگ مخلوق سے قرآن سیکھتے ہیں اور حضور انور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے خالق سے سیکھا ہے۔

کامل ایمان والوں کے تین اوصاف

آخرت پر ایمان نہ لانے والوں کا حال و انجام

حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو بارگاہِ الٰہی سے تعلیمِ قرآن

www.dawateislami.net

مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ عَلِيْمٍ ۝٦ اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِاَهْلِهٖٓ اِنِّيْٓ

مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ عَلِيْمٍ ۝٦	اِذْ	قَالَ	مُوْسٰى	لِاَهْلِهٖٓ (1)	اِنِّيْٓ
حکمت والے، علم والے کی طرف سے	جب	کہا	موسیٰ (نے)	اپنی گھر والی سے	بیشک میں

حکمت والے، علم والے کی طرف سے ○ (یاد کرو) جب موسیٰ نے اپنی گھر والی سے کہا: میں نے

اٰنَسْتُ نَارًا ؕ سَاٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ

اٰنَسْتُ	نَارًا	سَاٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ	اَوْ
میں نے دیکھی ہے	آگ	عنقریب میں لاتا ہوں تمہارے پاس اس سے کوئی خبر	یا

ایک آگ دیکھی ہے (تو میں جاتا ہوں اور) عنقریب میں تمہارے پاس اس کی کوئی خبر لاتا ہوں یا

اٰتِيْكُمْ بِشِهَابٍ قَبَسٍ لَّعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ۝٧ فَلَمَّا

اٰتِيْكُمْ بِشِهَابٍ قَبَسٍ	لَّعَلَّكُمْ	تَصْطَلُوْنَ ۝٧	فَلَمَّا
میں لاؤں گا تمہارے پاس کوئی چمکتی ہوئی چنگاری	تاکہ تم	گرمی حاصل کرو	پھر جب

کوئی چمکتی ہوئی چنگاری لاؤں گا تاکہ تم گرمی حاصل کرو ○ پھر جب

جَآءَهَا نُوْدِيَ اَنْۢ بُوْرِكَ مَنْ فِي النَّارِ

جَآءَهَا	نُوْدِيَ	اَنْۢ	بُوْرِكَ	مَنْ	فِي النَّارِ (2)
وہ آیا اس کے پاس	(تو) ندا دی گئی	کہ	برکت دی گئی	(موسیٰ کو) جو	آگ (کی جلوہ گاہ) میں (ہے)

موسیٰ آگ کے پاس آئے تو (انہیں) ندا کی گئی کہ اُس (موسیٰ) کو جو اس آگ کی جلوہ گاہ میں ہے

وَمَنْ حَوْلَهَا ؕ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝٨

وَ	مَنْ	حَوْلَهَا	وَ	سُبْحٰنَ اللّٰهِ	رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝٨
اور	جو (فرشتے)	اس (آگ) کے آس پاس (ہیں)	اور	اللہ پاک ہے	(جو) تمام جہانوں کا رب (ہے)

اور جو اس (آگ) کے آس پاس (فرشتے) ہیں انہیں برکت دی گئی اور اللہ پاک ہے جو سارے جہانوں کا رب ہے ○

1 ..... اس واقعہ کا خلاصہ یہ ہے کہ مدین سے مصر کی طرف سفر کے دوران حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام راستہ بھول گئے اور رات آگئی، یہ سردیوں کا موسم تھا، آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو دور سے آگ کا شعلہ نظر آیا تو اپنی زوجہ کو وہیں ٹھہرا کر اس آگ کی طرف چل دیئے تاکہ وہاں سے راستے کی سمت معلوم ہو سکے یا سردی سے بچنے کے لئے آگ کا کوئی انگارہ لا سکیں۔ جب وہاں پہنچے تو انہیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ندا کی گئی جس کا ذکر اگلی آیت میں ہے۔ 2 ..... جو آگ میں ہے اس سے مراد حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام ہیں اور آگ میں ہونے سے فی نفسہٖ آگ میں ہونا نہیں بلکہ آگ کے قریب ہونا مراد ہے۔

www.dawateislami.net

يٰمُوْسٰۤى اِنَّهٗۤ اَنَا اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۙ﴿۹﴾ وَ اَلْقِ

يٰمُوْسٰى	اِنَّهٗ	اَنَا	اللّٰهُ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ ﴿۹﴾	وَ	اَلْقِ
اے موسیٰ	بیشک	میں (ہی ہوں)	اللہ	عزت والا	حکمت والا	اور	(زمین پر) ڈال دو

اے موسیٰ! بات یہ ہے کہ میں ہی اللہ ہوں جو عزت والا حکمت والا ہے ○ اور اپنا عصا

عَصَاكَ ؕ فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَآنٌّ وَّلّٰى

عَصَاكَ	فَلَمَّا	رَاٰهَا	تَهْتَزُّ ﴿۱﴾	كَاَنَّهَا	جَآنٌّ	وَّلّٰى
اپنا عصا	تو جب	(موسیٰ نے) دیکھا اسے	لہراتے ہوئے	گویا کہ وہ	سانپ (ہے)	(تو موسیٰ) چل پڑا

(زمین پر) ڈال دو تو جب آپ نے اسے لہراتے ہوئے دیکھا کہ گویا سانپ ہے تو پیٹھ پھیر کر

مُدْبِرًا وَّلَمْ يُعَقِّبْ ؕ يٰمُوْسٰى لَا تَخَفْ ۫ قف

مُدْبِرًا	وَّ	لَمْ يُعَقِّبْ	يٰمُوْسٰى	لَا تَخَفْ
پیٹھ پھیرتے ہوئے	اور	اس نے پیچھے مڑ کر نہ دیکھا	(ہم نے فرمایا) اے موسیٰ	تم ڈرو نہیں

چلے اور مڑ کر نہ دیکھا۔ (ہم نے فرمایا) اے موسیٰ! ڈرو نہیں،

اِنِّيْ لَا يَخَافُ لَدَيَّ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۱۰﴾ صلے اِلَّا مَنْ

اِنِّيْ	لَا يَخَافُ	لَدَيَّ	الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۱۰﴾	اِلَّا	مَنْ
بیشک میں (وہ ہوں کہ)	نہیں ڈرتے	میری بارگاہ میں	رسول	البتہ	جس شخص نے

بیشک میری بارگاہ میں رسول ڈرتے نہیں ○ لیکن جس شخص نے

ظَلَمَ ثُمَّ بَدَّلَ حُسْنًۢا بَعْدَ سُوْٓءٍ فَاِنِّيْ غَفُوْرٌ

ظَلَمَ	ثُمَّ	بَدَّلَ	حُسْنًۢا	بَعْدَ سُوْٓءٍ	فَاِنِّيْ	غَفُوْرٌ
زیادتی کی	پھر	اس نے بدل دیا (اپنا عمل)	نیکی (سے)	برائی کے بعد	تو بیشک میں	بخشنے والا

کوئی زیادتی کی پھر برائی کے بعد (اپنے عمل کو) نیکی سے بدل دیا تو بیشک میں بخشنے والا

1 ..... جب حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے سانپ کو لہراتے ہوئے دیکھا تو خوف کی وجہ سے پیٹھ پھیر کر چلے اور مڑ کر نہ دیکھا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے موسیٰ! ڈرو نہیں، بیشک میری بارگاہ میں رسول ڈرتے نہیں، جب میں انہیں امن دوں تو پھر کسی چیز کا کیا اندیشہ ہے، لیکن جس شخص نے کوئی زیادتی کی اس کو ڈر ہو گا الّا یہ کہ وہ توبہ کرلے اور برائی کے بعد اپنے عمل کو نیکی سے بدل دے تو بیشک میں بخشنے والا مہربان ہوں، توبہ قبول فرماتا ہوں اور بخش دیتا ہوں۔

www.dawateislami.net

رَّحِيْمٌ ﴿١١﴾ وَ اَدْخِلْ يَدَكَ فِيْ جَيْبِكَ تَخْرُجْ بَيْضَآءَ

رَّحِيْمٌ ﴿١١﴾	وَ	اَدْخِلْ	يَدَكَ	فِيْ جَيْبِكَ	تَخْرُجْ	بَيْضَآءَ
مہربان (ہوں)	اور	داخل کرو	اپنا ہاتھ	اپنے گریبان میں	وہ نکلے گا	سفید، چمکتا ہوا

مہربان ہوں ○ اور اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں ڈالو تو وہ بغیر کسی عیب کے

مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ ؕ فِيْ تِسْعِ اٰيٰتٍ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَ قَوْمِهٖ ؕ اِنَّهُمْ

مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ	فِيْ تِسْعِ اٰيٰتٍ[1]	اِلٰى فِرْعَوْنَ وَ قَوْمِهٖ	اِنَّهُمْ
کسی عیب کے بغیر	(یہ) نو نشانیوں میں (شامل ہے)	فرعون اور اس کی قوم کی طرف	بیشک وہ (فرعونی)

سفید چمکتا ہوا نکلے گا، (یہ بھی) فرعون اور اس کی قوم کی طرف نو نشانیوں میں سے ہے، بیشک وہ (فرعونی)

كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿١٢﴾ فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ اٰيٰتُنَا مُبْصِرَةً

كَانُوْا	قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿١٢﴾	فَلَمَّا	جَآءَتْهُمْ	اٰيٰتُنَا	مُبْصِرَةً
تھے	نافرمان لوگ	پھر جب	آئیں ان کے پاس	ہماری نشانیاں	آنکھیں کھولنے والی

نافرمان لوگ تھے ○ پھر جب ان کے پاس آنکھیں کھولتی ہوئی ہماری نشانیاں آئیں

قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿١٣﴾ وَ جَحَدُوْا بِهَا وَ

قَالُوْا	هٰذَا	سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿١٣﴾	وَ	جَحَدُوْا	بِهَا	وَ
(تو) وہ کہنے لگے	یہ	کھلا جادو (ہے)	اور	انہوں نے انکار کیا	ان (نشانیوں) کا	اور (حالانکہ)

تو وہ کہنے لگے: یہ تو کھلا جادو ہے ○ اور انہوں نے ظلم اور تکبر کی وجہ سے

اسْتَيْقَنَتْهَآ اَنْفُسُهُمْ ظُلْمًا وَّ عُلُوًّا ؕ فَانْظُرْ كَيْفَ

اسْتَيْقَنَتْهَآ	اَنْفُسُهُمْ	ظُلْمًا	وَّ	عُلُوًّا	فَانْظُرْ	كَيْفَ
یقین کر چکے تھے ان کا	ان کے دل	ظلم	اور	تکبر (کی وجہ سے انکار کیا)	تو دیکھو	کیسا

ان نشانیوں کا انکار کیا حالانکہ ان کے دل ان نشانیوں کا یقین کر چکے تھے تو دیکھو

فرعونیوں کا معجزات کو جادو قرار دینا

معجزاتِ موسیٰ کے انکار کا اصل سبب

[1] ..... حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو یہ نو نشانیاں عطا کی گئی تھیں: (1) عصا۔ (2) یدِ بیضا۔ (3) بولنے میں دقت کا خاتمہ جو حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی زبان مبارک میں پہلے تھی۔ (4) دریا کا پھٹنا اور اس میں رستے بننا۔ (5) طوفان۔ (6) ٹڈی۔ (7) گھن۔ (8) مینڈک۔ (9) خون۔ (خازن، الاسراء، تحت الآیۃ: ۱۰۱، ۳/۱۹۴) ان میں سے اکثر نشانیوں کا مفصل بیان نویں پارے کے چھٹے رکوع میں گزر چکا ہے۔

www.dawateislami.net

حضرت داؤد و سلیمان علیہما الصلوٰۃ والسلام کو عطا ہونے والے علم اور ان کی حمد الٰہی

كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿١٤﴾ ع وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ

كَانَ	عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿١٤﴾	وَ	لَقَدْ	اٰتَيْنَا	دَاوٗدَ	وَ	سُلَيْمٰنَ
ہوا	فساد کرنے والوں کا انجام	اور	ضرور بیشک	ہم نے عطا کیا	داؤد	اور	سلیمان (کو)

فساد کرنے والوں کا انجام کیسا ہوا؟ ○ اور بیشک ہم نے داؤد اور سلیمان کو بڑا علم

عِلْمًا ۚ وَقَالَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ فَضَّلَنَا

عِلْمًا	وَ	قَالَا	الْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِيْ	فَضَّلَنَا
علم	اور	ان دونوں نے کہا	تمام تعریفیں	اللہ کے لئے	جس نے	فضیلت دی ہمیں

عطا فرمایا اور دونوں نے کہا: تمام تعریفیں اس اللہ کیلئے ہیں جس نے ہمیں

حضرت سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام پر فضل الٰہی

عَلٰى كَثِيْرٍ مِّنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٥﴾ وَوَرِثَ سُلَيْمٰنُ دَاوٗدَ

عَلٰى كَثِيْرٍ	مِّنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٥﴾	وَ	وَرِثَ (1)	سُلَيْمٰنُ	دَاوٗدَ
بہت سے (لوگوں) پر	اپنے ایمان والے بندوں میں سے	اور	جانشین بنا	سلیمان	داؤد (کا)

اپنے بہت سے ایمان والے بندوں پر فضیلت بخشی ○ اور سلیمان داؤد کے جانشین بنے

وَقَالَ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ عُلِّمْنَا مَنْطِقَ الطَّيْرِ وَاُوْتِيْنَا

وَ	قَالَ	يٰۤاَيُّهَا	النَّاسُ	عُلِّمْنَا	مَنْطِقَ الطَّيْرِ	وَ	اُوْتِيْنَا
اور	فرمایا	اے	لوگو	ہمیں سکھائی گئی ہے	پرندوں کی بولی	اور	ہمیں عطا کیا گیا

اور فرمایا: اے لوگو! ہمیں پرندوں کی بولی سکھائی گئی ہے اور ہر چیز میں سے

حضرت سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لشکر

مِنْ كُلِّ شَيْءٍ ؕ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَضْلُ الْمُبِيْنُ ﴿١٦﴾ وَحُشِرَ

مِنْ كُلِّ شَيْءٍ	اِنَّ	هٰذَا	لَهُوَ	الْفَضْلُ الْمُبِيْنُ ﴿١٦﴾	وَ	حُشِرَ
ہر چیز میں سے	بیشک	یہی	ضرور وہ	(اللہ کا) کھلا فضل (ہے)	اور	جمع کر دیئے گئے

ہم کو عطا ہوا، بیشک یہی (اللہ کا) کھلا فضل ہے ○ اور سلیمان کے لیے

(1) ..... یہاں آیت میں وراثت سے نبوت، علم اور ملک میں جانشینی مراد ہے مال کی وراثت مراد نہیں۔ انبیاءِ کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کسی کو مال کا وارث نہیں بناتے جیسا کہ حدیثِ پاک میں ہے: ”انبیاءِ کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے کسی کو دینار و درہم کا وارث نہ بنایا بلکہ انہوں نے صرف علم کا وارث بنایا تو جس نے علم اختیار کیا اس نے پورا حصہ لیا۔ (ترمذی، ۴/۳۱۲، الحدیث: ۲۶۹۱)۔ لہٰذا یہ آیت اس بات کی دلیل نہیں بن سکتی کہ نبی عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی اولاد نبی عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے مال کی وارث بنتی ہے۔

www.dawateislami.net

لِسُلَيْمٰنَ جُنُوْدُهٗ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالطَّيْرِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ﴿۱۷﴾

لِسُلَيْمٰنَ	جُنُوْدُهٗ	مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالطَّيْرِ	فَهُمْ	يُوْزَعُوْنَ ﴿۱۷﴾
سلیمان کے لیے	اس کے لشکر	جنوں اور انسانوں اور پرندوں میں سے	تو وہ	روکے جاتے تھے

جنوں اور انسانوں اور پرندوں سے اس کے لشکر جمع کر دیئے گئے تو وہ روکے جاتے تھے ○

ملکہ کا دوسری چیونٹیوں کو حکم

حَتّٰۤى اِذَاۤ اَتَوْا عَلٰى وَادِ النَّمْلِ ۙ قَالَتْ نَمْلَةٌ يّٰۤاَيُّهَا

حَتّٰى	اِذَآ	اَتَوْا	عَلٰى وَادِ النَّمْلِ	قَالَتْ	نَمْلَةٌ	يّٰۤاَيُّهَا
یہاں تک کہ	جب	وہ آئے	چیونٹیوں کی وادی پر	(تو) کہا	ایک چیونٹی (نے)	اے

یہاں تک کہ جب وہ چیونٹیوں کی وادی پر آئے تو ایک چیونٹی نے کہا: اے

النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ ۚ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ ۙ وَ

النَّمْلُ	ادْخُلُوْا	مَسٰكِنَكُمْ	لَا يَحْطِمَنَّكُمْ	سُلَيْمٰنُ	وَ	جُنُوْدُهٗ	وَ
چیونٹیو	داخل ہو جاؤ	اپنے گھروں میں	کچل نہ ڈالیں تمہیں	سلیمان	اور	اس کے لشکر	اور

چیونٹیو! اپنے گھروں میں داخل ہو جاؤ، کہیں سلیمان اور ان کے لشکر بے خبری میں

چیونٹی کی بات سن کر حضرت سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مسکراہٹ اور دعا

هُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۸﴾ فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا مِّنْ قَوْلِهَا وَقَالَ

هُمْ	لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۸﴾	فَتَبَسَّمَ (1)	ضَاحِكًا	مِّنْ قَوْلِهَا (2)	وَ	قَالَ
وہ	(اس سے) بے خبر ہوں	تو (سلیمان) مسکرایا	ہنستے ہوئے	اس کی بات سے	اور	عرض کی

تمہیں کچل نہ ڈالیں ○ تو سلیمان اس کی بات پر مسکرا کر ہنس پڑے اور عرض کی:

رَبِّ اَوْزِعْنِيْۤ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْۤ اَنْعَمْتَ

رَبِّ	اَوْزِعْنِيْۤ	اَنْ	اَشْكُرَ	نِعْمَتَكَ	الَّتِيْۤ	اَنْعَمْتَ
اے میرے رب	توفیق دے مجھے	کہ	میں شکر ادا کروں	تیرے احسان (کا)	وہ جو	تو نے کیا

اے میرے رب! مجھے توفیق دے کہ میں تیرے اس احسان کا شکر ادا کروں جو تو نے

(1) ..... انبیاءِ کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کا ہنسنا تبسم اور ضحک ہی ہوتا ہے وہ حضرات قہقہہ مار کر نہیں ہنستے۔ حضرت عائشہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا فرماتی ہیں کہ میں نے حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو کبھی پورا ہنستے نہ دیکھا حتی کہ میں آپ کے تالو دیکھ لیتی۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم صرف مسکرایا کرتے تھے۔ (بخاری، ۴/۱۲۵، الحدیث: ۶۰۹۲) ضحک یعنی اتنی آواز سے ہنسنا کہ دوسرے تک آواز نہ جائے، یہ بھی حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے ثابت ہے البتہ قہقہہ ثابت نہیں ہے۔ (2) ..... منقول ہے کہ حضرت سلیمان عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے تین میل دور ملکہ چیونٹی کی آواز سنی اور یہ آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کا معجزہ ہے۔

www.dawateislami.net

عَلَیَّ وَ عَلٰى وَالِدَیَّ وَ اَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ

عَلَیَّ	وَ	عَلٰى وَالِدَیَّ	وَ	اَنْ	اَعْمَلَ	صَالِحًا	تَرْضٰىهُ
مجھ پر	اور	میرے ماں باپ پر	اور	یہ کہ	میں عمل کروں	نیک	جس پر تو راضی ہو

مجھ پر اور میرے ماں باپ پر کیا اور (مجھے توفیق دے) کہ میں وہ نیک کام کروں جس پر تو راضی ہو

وَ اَدْخِلْنِیْ بِرَحْمَتِكَ فِیْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۹﴾ وَ

وَ	اَدْخِلْنِیْ	بِرَحْمَتِكَ	فِیْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۹﴾	وَ
اور	داخل کر دے مجھے	اپنی رحمت سے	اپنے نیک بندوں میں	اور

اور مجھے اپنی رحمت سے اپنے ان بندوں میں شامل کر جو تیرے خاص قرب کے لائق ہیں ○ اور

ہدہد کو غیر حاضر پا کر اسے سزا دینے کا ارادہ

تَفَقَّدَ الطَّیْرَ فَقَالَ مَالِیَ لَاۤ اَرَى الْهُدْهُدَ

تَفَقَّدَ	الطَّیْرَ	فَقَالَ	مَا	لِیَ	لَاۤ اَرَى	الْهُدْهُدَ
(سلیمان نے) جائزہ لیا	پرندوں (کا)	تو فرمایا	کیا ہوا	مجھے	میں نہیں دیکھ رہا	ہُدہُد (کو)

سلیمان نے پرندوں کا جائزہ لیا تو فرمایا: مجھے کیا ہوا کہ میں ہُدہُد کو نہیں دیکھ رہا

اَمْ كَانَ مِنَ الْغَآىِٕبِیْنَ ﴿۲۰﴾ لَاُعَذِّبَنَّهٗ عَذَابًا شَدِیْدًا اَوْ

اَمْ	كَانَ	مِنَ الْغَآىِٕبِیْنَ ﴿۲۰﴾	لَاُعَذِّبَنَّهٗ	عَذَابًا شَدِیْدًا[1]	اَوْ
یا	وہ ہے	غیر حاضروں میں سے	میں ضرور ضرور سزا دوں گا اسے	سخت سزا	یا

یا وہ واقعی غیر حاضروں میں سے ہے ○ میں ضرور ضرور اسے سخت سزا دوں گا یا

ہدہد کی دربارِ سلیمان میں حاضری اور ملکِ سبا کی خبر

لَاَاْذْبَحَنَّهٗۤ اَوْ لَیَاْتِیَنِّیْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِیْنٍ ﴿۲۱﴾ فَمَكَثَ غَیْرَ بَعِیْدٍ

لَاَاْذْبَحَنَّهٗۤ	اَوْ	لَیَاْتِیَنِّیْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِیْنٍ ﴿۲۱﴾	فَمَكَثَ	غَیْرَ بَعِیْدٍ
ضرور میں ذبح کر دوں گا اسے	یا	ضرور وہ لائے میرے پاس کوئی واضح دلیل	تو (ہدہد) ٹھہرا	تھوڑی دیر

اسے ذبح کر دوں گا یا وہ کوئی واضح دلیل میرے پاس لائے ○ تو ہدہد کچھ زیادہ دیر نہ ٹھہرا

1 ..... سخت سزا سے مراد پرندے کی مناسبت سخت سزا ہے۔ ہُدہُد کو مصلحت کے مطابق سزا دینا حضرت سلیمان عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے لئے حلال تھا اور جب پرندے آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے لئے مسخر کر دیئے گئے تھے تو تادیب و سیاست اس تسخیر کا تقاضا ہے کہ اس کے بغیر تسخیر مکمل نہیں ہوتی۔

www.dawateislami.net

فَقَالَ اَحَطْتُّ بِمَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ

فَقَالَ	اَحَطْتُّ	بِمَا	لَمْ تُحِطْ	بِهٖ
تو (آکر) عرض کی	میں نے احاطہ کیا (مطلع ہوا)	(اس چیز) کا جو	آپ نے احاطہ نہیں کیا (مطلع نہ ہوئے)	اس کا

اور آکر عرض کی: کہ میں وہ بات دیکھ کر آیا ہوں جو آپ نے نہ دیکھی

وَ جِئْتُكَ مِنْ سَبَاٍۭ بِنَبَاٍ يَّقِيْنٍ ﴿٢٢﴾ اِنِّيْ وَجَدْتُّ

وَ	جِئْتُكَ	مِنْ سَبَاٍ	بِنَبَاٍ يَّقِيْنٍ ﴿٢٢﴾	اِنِّيْ	وَجَدْتُّ
اور	میں آیا ہوں آپ کے پاس	ملکِ سبا سے	یقینی خبر کے ساتھ	بیشک میں	میں نے پائی

اور میں ملکِ سبا سے آپ کے پاس ایک یقینی خبر لایا ہوں ○ میں نے ایک عورت

اِمْرَاَةً تَمْلِكُهُمْ وَ اُوْتِيَتْ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ وَّ لَهَا

اِمْرَاَةً (1)	تَمْلِكُهُمْ	وَ	اُوْتِيَتْ	مِنْ كُلِّ شَيْءٍ (2)	وَّ	لَهَا
ایک عورت	وہ بادشاہی کر رہی ہے لوگوں پر	اور	اسے ملا ہے	ہر چیز میں سے	اور	اس کا

دیکھی جو لوگوں پر بادشاہی کر رہی ہے اور اسے ہر چیز میں سے ملا ہے اور اس کا

عَرْشٌ عَظِيْمٌ ﴿٢٣﴾ وَجَدْتُّهَا وَ قَوْمَهَا يَسْجُدُوْنَ لِلشَّمْسِ

عَرْشٌ عَظِيْمٌ ﴿٢٣﴾ (3)	وَجَدْتُّهَا	وَ	قَوْمَهَا	يَسْجُدُوْنَ	لِلشَّمْسِ
ایک بہت بڑا تخت (ہے)	میں نے پایا اسے	اور	اس کی قوم (کو)	وہ سجدہ کرتے ہیں	سورج کو

ایک بہت بڑا تخت ہے ○ میں نے اسے اور اس کی قوم کو پایا کہ اللہ کو چھوڑ کر

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	وَ	زَيَّنَ	لَهُمُ	الشَّيْطٰنُ	اَعْمَالَهُمْ	فَصَدَّهُمْ
اللہ کے سوا	اور	اچھے بنا دیئے	ان کے لئے	شیطان (نے)	ان کے اعمال	تو روک دیا انہیں

سورج کو سجدہ کرتے ہیں اور شیطان نے ان کے اعمال ان کی نگاہ میں اچھے بنا دیئے تو انہیں

1 ..... اس عورت کا نام بلقیس تھا اور یہ ملکِ سبا کی حکمران تھی۔

2 ..... ہر چیز ملنے سے مراد یہ ہے کہ اس عورت کو ہر اس چیز میں سے وافر حصہ ملا ہے جو بادشاہوں کے لئے شایان ہوتا ہے۔

3 ..... تختِ بلقیس کی لمبائی 80 گز، چوڑائی 40 گز اور اونچائی 30 گز تھی۔ نیز وہ سونے اور چاندی کا بنا ہوا اور اس میں جواہرات لگے ہوئے تھے۔

www.dawateislami.net

عَنِ السَّبِيْلِ فَهُمْ لَا يَهْتَدُوْنَ ﴿٢٤﴾ اَلَّا يَسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِيْ يُخْرِجُ

عَنِ السَّبِيْلِ	فَهُمْ	لَا يَهْتَدُوْنَ ﴿٢٤﴾	اَلَّا يَسْجُدُوْا (1)	لِلّٰهِ	الَّذِيْ	يُخْرِجُ
(سیدھی) راہ سے	تو وہ	راہ نہیں پاتے	تاکہ وہ سجدہ نہ کریں	اللہ کو	جو	نکالتا ہے

سیدھی راہ سے روک دیا تو وہ سیدھا راستہ نہیں پاتے ○ (شیطان نے انہیں روک دیا) تاکہ وہ اس اللہ کو سجدہ نہ کریں

الْخَبْءَ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُخْفُوْنَ وَمَا

الْخَبْءَ	فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	وَ	يَعْلَمُ	مَا	تُخْفُوْنَ	وَ	مَا
چھپی ہوئی چیزیں	آسمانوں اور زمین میں	اور	وہ جانتا ہے	جو کچھ	تم چھپاتے ہو	اور	جو کچھ

جو آسمانوں اور زمین میں چھپی ہوئی چیزوں کو نکالتا ہے اور جو کچھ تم چھپاتے ہو اور جو

تُعْلِنُوْنَ ﴿٢٥﴾ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿٢٦﴾ السجدة

تُعْلِنُوْنَ ﴿٢٥﴾	اَللّٰهُ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا	هُوَ	رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿٢٦﴾
تم ظاہر کرتے ہو	اللہ	نہیں	کوئی معبود	مگر	وہ	(وہ) عرشِ عظیم کا مالک (ہے)

ظاہر کرتے ہو سب کو جانتا ہے ○ اللہ وہ ہے کہ اس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں وہ عرشِ عظیم کا مالک ہے ○

قَالَ سَنَنْظُرُ اَصَدَقْتَ اَمْ كُنْتَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿٢٧﴾

قَالَ	سَنَنْظُرُ	اَصَدَقْتَ	اَمْ	كُنْتَ	مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿٢٧﴾
(سلیمان نے) فرمایا	ابھی ہم دیکھتے ہیں	کیا تو نے سچ کہا	یا	تو ہے	جھوٹوں میں سے

سلیمان نے فرمایا: ہم ابھی دیکھتے ہیں کہ تو نے سچ کہا یا تو جھوٹوں میں سے ہے ○

اِذْهَبْ بِّكِتٰبِيْ هٰذَا فَاَلْقِهْ اِلَيْهِمْ ثُمَّ تَوَلَّ عَنْهُمْ فَانْظُرْ

اِذْهَبْ بِّكِتٰبِيْ هٰذَا	فَاَلْقِهْ	اِلَيْهِمْ	ثُمَّ	تَوَلَّ	عَنْهُمْ	فَانْظُرْ
لے جاؤ میرا یہ فرمان	تو تم ڈال دو اسے	ان کی طرف	پھر	الگ ہٹ جاؤ	ان سے	پھر دیکھو

میرا یہ فرمان لے جاؤ اور اسے ان کی طرف ڈال دو پھر ان سے الگ ہٹ کر دیکھنا کہ

1 ..... یہ آیت اور اس کے بعد والی آیت پڑھنے اور سننے والے پر سجدۂ تلاوت کرنا واجب ہو جاتا ہے۔

حضرت سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ملکہ سبا کی طرف خط

السجدة ٨

www.dawateislami.net

ملکہ کا سرداروں کے سامنے خط پڑھنا

مَاذَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۸﴾ قَالَتْ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا اِنِّيْۤ اُلْقِيَ

مَاذَا	يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۸﴾	قَالَتْ	يٰۤاَيُّهَا	الْمَلَؤُا	اِنِّيْۤ	اُلْقِيَ
کیا	وہ جواب دیتے ہیں	(عورت نے) کہا	اے	سردارو	بیشک میں	ڈالا گیا ہے

وہ کیا جواب دیتے ہیں ○ عورت نے کہا: اے سردارو! بیشک میری طرف ایک عزت والا خط

اِلَيَّ كِتٰبٌ كَرِيْمٌ ﴿۲۹﴾ اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَ اِنَّهٗ

اِلَيَّ	كِتٰبٌ كَرِيْمٌ ﴿۲۹﴾ (1)	اِنَّهٗ	مِنْ سُلَيْمٰنَ	وَ	اِنَّهٗ
میری طرف	ایک عزت والا خط	بیشک وہ	سلیمان کی طرف سے (ہے)	اور	بیشک وہ

ڈالا گیا ہے ○ بیشک وہ سلیمان کی طرف سے ہے اور بیشک وہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿۳۰﴾ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ

بِسْمِ اللّٰهِ (2)	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ ﴿۳۰﴾	اَلَّا تَعْلُوْا	عَلَيَّ
اللہ کے نام سے (ہے)	(جو) نہایت مہربان	رحم والا (ہے)	یہ کہ بلندی نہ چاہو	مجھ پر

اللہ کے نام سے ہے جو نہایت مہربان رحم والا ہے ○ یہ کہ میرے مقابلے میں بلندی نہ چاہو

ملکہ کا سرداروں سے مشورے کا مطالبہ

وَ اْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ﴿۳۱﴾ ع قَالَتْ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَفْتُوْنِيْ

وَ اْتُوْنِيْ	مُسْلِمِيْنَ ﴿۳۱﴾	قَالَتْ	يٰۤاَيُّهَا	الْمَلَؤُا	اَفْتُوْنِيْ
اور حاضر ہو جاؤ میرے پاس	فرمانبردار بنتے ہوئے	(عورت نے) کہا	اے	سردارو	رائے دو مجھے

اور میرے پاس فرمانبردار بنتے ہوئے حاضر ہو جاؤ ○ ملکہ نے کہا: اے سردارو! میرے اس معاملے میں

فِيْۤ اَمْرِيْ ۚ مَا كُنْتُ قَاطِعَةً اَمْرًا حَتّٰى

فِيْۤ اَمْرِيْ	مَا كُنْتُ	قَاطِعَةً	اَمْرًا	حَتّٰى
میرے معاملے میں	میں نہیں ہوں	قطعی فیصلہ کرنے والی	کسی معاملے (کا)	یہاں تک کہ

مجھے رائے دو میں کسی معاملے میں کوئی قطعی فیصلہ نہیں کرتی جب تک

ع ۲ ۱۷ ۱۷

1 ..... بلقیس نے اس خط کو عزت والا اس لئے کہا کہ اس پر مہر لگی ہوئی تھی، اس سے اس نے جانا کہ مکتوب بھیجنے والا جلیل القدر بادشاہ ہے یا اس لئے عزت والا کہا کہ اس مکتوب کی ابتداء اللہ تعالیٰ کے نام پاک سے تھی۔

2 ..... یہاں جو "بسم اللہ" لکھی ہوئی ہے یہ اس آیت کا ایک حصہ ہے اور جو "بسم اللہ" ہر سورت کے شروع میں لکھی ہے، وہ سورت کے شروع کی آیت نہیں بلکہ پورے قرآن کی ایک آیت ہے جسے ہر سورت کے شروع میں لکھ دیا گیا تاکہ دو سورتوں کے درمیان فاصلہ ہو جائے۔

www.dawateislami.net

سرداروں کی رائے اور ملکہ کا جواب

تَشْهَدُوْنِ ﴿۳۲﴾ قَالُوْا نَحْنُ اُولُوْا قُوَّةٍ وَّ اُولُوْا بَاْسٍ شَدِيْدٍ (1)

تَشْهَدُوْنِ ﴿۳۲﴾	قَالُوْا	نَحْنُ	اُولُوْا قُوَّةٍ	وَّ	اُولُوْا بَاْسٍ شَدِيْدٍ (1)
تم موجود ہو میرے پاس	انہوں نے کہا	ہم	قوت والے	اور	بڑی سخت لڑائی والے (ہیں)

تم میرے پاس موجود نہ ہو ○ انہوں نے کہا: ہم قوت والے اور بڑی سخت لڑائی والے ہیں

وَّالْاَمْرُ اِلَيْكِ فَانْظُرِيْ مَاذَا تَاْمُرِيْنَ ﴿۳۳﴾ قَالَتْ اِنَّ

وَّ	الْاَمْرُ	اِلَيْكِ	فَانْظُرِيْ	مَاذَا	تَاْمُرِيْنَ ﴿۳۳﴾	قَالَتْ (2)	اِنَّ
اور	اختیار	تمہارے ہی پاس (ہے)	تو تم غور کر لو	کیا	تم حکم دیتی ہو	اس نے کہا	بیشک

اور اختیار تو تمہارے ہی پاس ہے تو تم غور کر لو کہ تم کیا حکم دیتی ہو؟ ○ اس نے کہا: بیشک

الْمُلُوْكَ اِذَا دَخَلُوْا قَرْيَةً اَفْسَدُوْهَا وَجَعَلُوْٓا

الْمُلُوْكَ	اِذَا	دَخَلُوْا	قَرْيَةً	اَفْسَدُوْهَا	وَ	جَعَلُوْٓا
بادشاہ	جب	داخل ہوتے ہیں	کسی بستی (میں)	(تو) وہ تباہ کر دیتے ہیں اسے	اور	کر دیتے ہیں

بادشاہ جب کسی بستی میں داخل ہوتے ہیں تو اسے تباہ کر دیتے ہیں اور اس کے عزت والوں کو

ملکہ کی طرف سے بارگاہِ سلیمان میں تحائف کی روانگی

اَعِزَّةَ اَهْلِهَآ اَذِلَّةً ۚ وَ كَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ﴿۳۴﴾ وَاِنِّيْ

اَعِزَّةَ اَهْلِهَآ	اَذِلَّةً	وَ	كَذٰلِكَ	يَفْعَلُوْنَ ﴿۳۴﴾	وَ	اِنِّيْ
اس کے عزت والوں (کو)	ذلیل	اور	ایسا ہی	وہ کرتے ہیں	اور	بیشک میں

ذلیل کر دیتے ہیں اور وہ ایسا ہی کرتے ہیں ○ اور میں

مُرْسِلَةٌ اِلَيْهِمْ بِهَدِيَّةٍ فَنٰظِرَةٌۢ بِمَ يَرْجِعُ

مُرْسِلَةٌ	اِلَيْهِمْ	بِهَدِيَّةٍ	فَنٰظِرَةٌۢ	بِمَ	يَرْجِعُ
بھیجنے والی ہوں	ان کی طرف	ایک تحفہ	پھر دیکھتی ہوں	کس (جواب) کے ساتھ	لوٹتے ہیں

ان کی طرف ایک تحفہ بھیجنے والی ہوں پھر دیکھوں گی کہ قاصد کیا جواب لے کر

(1) ..... اس سے سرداروں کی مراد یہ تھی کہ اگر تیری رائے جنگ کی ہو تو ہم لوگ اس کے لئے تیار ہیں کیونکہ ہم بہادر اور شجاع ہیں، قوت و توانائی والے ہیں، کثیر فوجیں رکھتے ہیں اور جنگ آزما ہیں۔ (2) ..... جب بلقیس نے دیکھا کہ یہ لوگ جنگ کی طرف مائل ہیں تو اس نے انہیں اُن کی رائے کی خطا پر آگاہ کیا اور جنگ کے نتائج سامنے رکھتے ہوئے کہا کہ ”جب بادشاہ کسی بستی میں اپنی قوت اور طاقت سے داخل ہوتے ہیں تو اسے تباہ کر دیتے ہیں اور اس کے عزت والوں کو قتل کر کے، قیدی بنا کر اور ان کی توہین کر کے انہیں ذلیل کر دیتے ہیں یہی بادشاہوں کا طریقہ ہے۔

www.dawateislami.net

قاصد کو حضرت سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام کا جواب

الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۳۵﴾ فَلَمَّا جَآءَ سُلَیْمٰنَ قَالَ

الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۳۵﴾	فَلَمَّا	جَآءَ (۱)	سُلَیْمٰنَ	قَالَ
بھیجے ہوئے (قاصد)	پھر جب	(قاصد) آیا	سلیمان (کے پاس)	(تو سلیمان نے) فرمایا

لوٹتے ہیں؟ ○ پھر جب قاصد سلیمان کے پاس آیا تو سلیمان نے فرمایا:

اَتُمِدُّوْنَنِ بِمَالٍ فَمَآ اٰتٰىنِۦَ اللّٰهُ خَیْرٌ

اَتُمِدُّوْنَنِ	بِمَالٍ	فَمَآ	اٰتٰىنِۦَ اللّٰهُ	خَیْرٌ
کیا تم مدد کرتے ہو میری	مال کے ذریعے	تو جو کچھ	عطا کیا مجھے اللہ (نے)	(وہ) بہتر (ہے)

کیا تم مال کے ذریعے میری مدد کرتے ہو؟ تو اللہ نے جو کچھ مجھے عطا فرما رکھا ہے وہ اُس سے

مِّمَّآ اٰتٰىكُمْ ۚ بَلْ اَنْتُمْ بِهَدِیَّتِكُمْ تَفْرَحُوْنَ ﴿۳۶﴾ اِرْجِعْ

مِّمَّآ	اٰتٰىكُمْ	بَلْ	اَنْتُمْ	بِهَدِیَّتِكُمْ	تَفْرَحُوْنَ ﴿۳۶﴾	اِرْجِعْ
(اس) سے جو	اس نے عطا کیا تمہیں	بلکہ	تم (ہی)	اپنے تحفے پر	خوش ہوتے ہو	تم لوٹ جاؤ

بہتر ہے جو اس نے تمہیں دیا ہے بلکہ تم ہی اپنے تحفہ پر خوش ہوتے ہو ○ ان لوگوں کی طرف

اِلَیْهِمْ فَلَنَاْتِیَنَّهُمْ بِجُنُوْدٍ لَّا قِبَلَ لَهُمْ

اِلَیْهِمْ	فَلَنَاْتِیَنَّهُمْ بِجُنُوْدٍ	لَّا	قِبَلَ	لَهُمْ
ان کی طرف	تو ہم ضرور لائیں گے ان پر لشکر	نہ (ہوگی)	مقابلے کی طاقت	ان کو

لوٹ جاؤ تو ضرور ہم ان پر ایسے لشکر لائیں گے جن کے مقابلے کی

بِهَا وَلَنُخْرِجَنَّهُمْ مِّنْهَآ اَذِلَّةً وَّهُمْ

بِهَا	وَ	لَنُخْرِجَنَّهُمْ	مِّنْهَآ	اَذِلَّةً	وَّ	هُمْ
ان (لشکروں) سے	اور	ضرور ہم نکال دیں گے انہیں	اس (شہر سبا) سے	ذلیل (کر کے)	اور	وہ

انہیں طاقت نہ ہوگی اور ضرور ہم ان کو اس شہر سے ذلیل کر کے نکال دیں گے اور وہ

(۱) ..... جب بلقیس کا قاصد تحائف لے کر حضرت سلیمان عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے پاس آیا تو آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے اس سے فرمایا: ”کیا تم مال کے ذریعے میری مدد کرتے ہو؟ اللہ تعالیٰ نے جو کچھ مجھے علم، نبوت اور بادشاہت کی صورت میں عطا فرما رکھا ہے وہ اس دنیاوی مال واسباب سے بہتر ہے جو اس نے تمہیں دیا ہے، تم فخر کرنے والے لوگ ہو، مالِ دنیا کی وجہ سے ایک دوسرے پر بڑائی جتاتے ہو اور ایک دوسرے کے تحفے پر خوش ہوتے ہو، مجھے نہ دنیا سے خوشی ہوتی ہے نہ اس کی حاجت، اللہ تعالیٰ نے مجھے اتنا کثیر عطا فرمایا کہ اُتنا اوروں کو نہ دیا اور اس کے ساتھ ساتھ مجھے دین اور نبوت سے بھی مشرف کیا۔

www.dawateislami.net

صٰغِرُوْنَ ﴿۳۷﴾ قَالَ یٰۤاَیُّهَا الْمَلَؤُا اَیُّكُمْ

صٰغِرُوْنَ ﴿۳۷﴾	قَالَ	یٰۤاَیُّهَا	الْمَلَؤُا	اَیُّكُمْ
رسوا ہوں گے	(سلیمان نے) فرمایا	اے	درباریو	تم میں کون

رسوا ہوں گے ○ سلیمان نے فرمایا: اے درباریو! تم میں کون ہے

یَّاْتِیْنِیْ بِعَرْشِهَا قَبْلَ اَنْ یَّاْتُوْنِیْ

یَّاْتِیْنِیْ بِعَرْشِهَا (1)	قَبْلَ	اَنْ	یَّاْتُوْنِیْ
لے آئے گا میرے پاس اس (ملکہ) کا تخت	(اس سے) پہلے	کہ	وہ لوگ آئیں میرے پاس

جو ان کے میرے پاس فرمانبردار ہو کر آنے سے پہلے اس کا تخت

مُسْلِمِیْنَ ﴿۳۸﴾ قَالَ عِفْرِیْتٌ مِّنَ الْجِنِّ اَنَا

مُسْلِمِیْنَ ﴿۳۸﴾	قَالَ	عِفْرِیْتٌ (2)	مِّنَ الْجِنِّ	اَنَا
فرمانبردار ہو کر	بولا	ایک بڑا سرکش، بڑا خبیث	جنوں میں سے	میں

میرے پاس لے آئے ○ ایک بڑا خبیث جن بولا کہ میں

اٰتِیْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِكَ ۚ وَ

اٰتِیْكَ بِهٖ	قَبْلَ	اَنْ	تَقُوْمَ	مِنْ مَّقَامِكَ	وَ
میں لے آؤں گا تمہارے پاس اسے	(اس سے) پہلے	کہ	تم کھڑے ہو	اپنی جگہ سے	اور

وہ تخت آپ کی خدمت میں آپ کے اس مقام سے کھڑے ہونے سے پہلے حاضر کر دوں گا اور

اِنِّیْ عَلَیْهِ لَقَوِیٌّ اَمِیْنٌ ﴿۳۹﴾ قَالَ الَّذِیْ عِنْدَهٗ

اِنِّیْ	عَلَیْهِ	لَقَوِیٌّ	اَمِیْنٌ ﴿۳۹﴾	قَالَ	الَّذِیْ عِنْدَهٗ
بیشک میں	اس پر	ضرور قوت رکھنے والا	امانتدار (ہوں)	اس نے عرض کی	جس کے پاس

میں بیشک اس پر قوت رکھنے والا، امانتدار ہوں ○ اس نے عرض کی جس کے پاس

1 ..... بلقیس کا تخت منگوانے سے حضرت سلیمان عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کا مقصود یہ تھا کہ تخت حاضر کر کے اسے اللہ تعالیٰ کی قدرت اور اپنی نبوت پر دلالت کرنے والا معجزہ دکھا دیں۔ یا یہ مقصود تھا کہ بلقیس کے آنے سے پہلے اس تخت کی وضع بدل دیں اور اس سے اس کی عقل کا امتحان فرمائیں کہ وہ اپنا تخت پہچان سکتی ہے یا نہیں۔ 2 ..... جن وہ چھپی ہوئی مخلوق ہے جسے اللہ تعالیٰ نے آگ سے پیدا فرمایا ہے اور جنوں میں سے بہت بڑے، قوی ہیکل دیو اور بڑے خبیث جن کو عفریت کہتے ہیں۔

www.dawateislami.net

عِلْمٌ مِّنَ الْكِتٰبِ اَنَا اٰتِیْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ

عِلْمٌ(۱)	مِّنَ الْكِتٰبِ	اَنَا	اٰتِیْكَ بِهٖ	قَبْلَ	اَنْ
علم (تھا)	کتاب سے	میں	لے آؤں گا تمہارے پاس اسے	(اس سے) پہلے	کہ

کتاب کا علم تھا کہ میں اسے آپ کی بارگاہ میں آپ کے

یَّرْتَدَّ اِلَیْكَ طَرْفُكَ ؕ فَلَمَّا رَاٰهُ

یَّرْتَدَّ	اِلَیْكَ	طَرْفُكَ	فَلَمَّا	رَاٰهُ
لوٹ آئے	تمہاری طرف	تمہاری پلک	پھر جب	(سلیمان نے) دیکھا اسے

پلک جھپکنے سے پہلے لے آؤں گا (چنانچہ) پھر جب سلیمان نے اس تخت کو

مُسْتَقِرًّا عِنْدَهٗ قَالَ هٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّیْ ۫ قف صلے

مُسْتَقِرًّا	عِنْدَهٗ	قَالَ	هٰذَا	مِنْ فَضْلِ رَبِّیْ
رکھا ہوا	اپنے پاس	(تو) فرمایا	یہ	میرے رب کے فضل سے (ہے)

اپنے پاس رکھا ہوا دیکھا تو فرمایا: یہ میرے رب کے فضل سے ہے

لِیَبْلُوَنِیْۤ ءَاَشْكُرُ اَمْ اَكْفُرُ ؕ وَ مَنْ

لِیَبْلُوَنِیْۤ	ءَاَشْكُرُ	اَمْ	اَكْفُرُ	وَ	مَنْ
تاکہ وہ آزمائے مجھے	کیا میں شکر کرتا ہوں	یا	ناشکری کرتا ہوں	اور	جس نے

تاکہ وہ مجھے آزمائے کہ میں شکر کرتا ہوں یا ناشکری؟ اور جو

شَكَرَ فَاِنَّمَا یَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَ مَنْ كَفَرَ

شَكَرَ	فَاِنَّمَا	یَشْكُرُ	لِنَفْسِهٖ	وَ	مَنْ	كَفَرَ
شکر کیا	تو صرف	وہ شکر کرتا ہے	اپنی ذات کے لئے	اور	جس نے	ناشکری کی

شکر کرے تو وہ اپنی ذات کیلئے ہی شکر کرتا ہے اور جو ناشکری کرتا ہے

(۱)..... راجح اور جمہور مفسرین کے مختار قول کے مطابق کتاب کا علم رکھنے والے سے مراد حضرت سلیمان عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے وزیر حضرت آصف بن برخیا رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہیں، یہ اللہ تعالیٰ کا اسمِ اعظم جانتے تھے۔ انہوں نے عرض کی کہ میں آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی بارگاہ میں اس تخت کو آپ کے پلک جھپکنے سے پہلے لے آؤں گا۔ چنانچہ اجازت ملنے پر حضرت آصف بن برخیا رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے توجہ کی تو اسی وقت تخت حضرت سلیمان عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے سامنے نمودار ہو گیا۔ یہ آیتِ مبارکہ اولیاء کرام سے کرامات ظاہر ہونے کی دلیل ہے۔

www.dawateislami.net

تخت میں تبدیلی کے ذریعے ملکہ کی آزمائش

فَاِنَّ رَبِّیْ غَنِیٌّ كَرِیْمٌ ﴿۴۰﴾ قَالَ نَكِّرُوْا

فَاِنَّ	رَبِّیْ	غَنِیٌّ	كَرِیْمٌ ﴿۴۰﴾	قَالَ	نَكِّرُوْا
تو بیشک	میرا رب	بے پرواہ	کرم فرمانے والا (ہے)	(سلیمان نے) فرمایا	ناقابل پہچان کر دو

تو میرا رب بے پرواہ، کرم فرمانے والا ہے ○ حضرت سلیمان نے حکم دیا: اس ملکہ کیلئے

لَهَا عَرْشُهَا نَنْظُرْ اَتَهْتَدِیْۤ اَمْ تَكُوْنُ

لَهَا	عَرْشُهَا	نَنْظُرْ	اَتَهْتَدِیْۤ	اَمْ	تَكُوْنُ
اس (ملکہ) کے لئے	اس کا تخت	(تاکہ) ہم دیکھیں	کیا وہ راہ پاتی ہے	یا	ہوتی ہے

اس کے تخت کو تبدیل کر دو تاکہ ہم دیکھیں کہ وہ راہ پاتی ہے یا

ملکہ کی فراست

مِنَ الَّذِیْنَ لَا یَهْتَدُوْنَ ﴿۴۱﴾ فَلَمَّا جَآءَتْ قِیْلَ

مِنَ الَّذِیْنَ	لَا یَهْتَدُوْنَ ﴿۴۱﴾	فَلَمَّا	جَآءَتْ	قِیْلَ
ان لوگوں میں سے جو	راہ نہیں پاتے	پھر جب	وہ آئی	(تو) اس سے کہا گیا

راہ نہ پانے والوں میں سے ہوتی ہے ○ پھر جب وہ آئی تو اس سے کہا گیا:

اَهٰكَذَا عَرْشُكِ ؕ قَالَتْ كَاَنَّهٗ هُوَ ۚ وَ اُوْتِیْنَا الْعِلْمَ

اَهٰكَذَا	عَرْشُكِ	قَالَتْ	كَاَنَّهٗ	هُوَ	وَ	اُوْتِیْنَا	الْعِلْمَ
کیا ایسا ہی (ہے)	تیرا تخت	اس نے کہا	گویا کہ یہ	وہی (ہے)	اور	ہمیں دے دیا گیا	علم

کیا تیرا تخت ایسا ہی ہے؟ اس نے جواب دیا: گویا یہ وہی ہے اور ہم کو اس واقعہ سے پہلے

ملکہ سلیمان کی تھی

مِنْ قَبْلِهَا وَ كُنَّا مُسْلِمِیْنَ ﴿۴۲﴾ وَ صَدَّهَا

مِنْ قَبْلِهَا	وَ	كُنَّا	مُسْلِمِیْنَ ﴿۴۲﴾	وَ	صَدَّهَا (۱)
اس (واقعہ) سے پہلے	اور	ہم ہوئے	فرمانبرداری کرنے والے	اور	روک رکھا تھا اسے

خبر مل چکی اور ہم فرمانبردار ہوئے ○ اور اسے اُس چیز نے روک رکھا تھا

(۱) ..... یعنی بلقیس کو اللہ تعالیٰ کی عبادت اور اس کی وحدانیت کا اقرار کرنے سے یا قبولِ اسلام کی طرف سبقت کرنے سے سورج کی پوجا نے روک رکھا تھا۔ بلقیس کا تعلق اس قوم سے تھا جو سورج کی پجاری تھی اور وہ چونکہ انہیں میں پلی بڑھی تھی اس لئے اسے صرف سورج کی عبادت کرنا ہی آتا تھا۔

www.dawateislami.net

مَا كَانَتْ تَّعْبُدُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهَا كَانَتْ

مَا	كَانَتْ تَّعْبُدُ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	اِنَّهَا	كَانَتْ
(اس چیز نے) جس کی	وہ عبادت کرتی تھی	اللہ کے سوا	بیشک وہ	تھی

جس کی وہ اللہ کے سوا عبادت کرتی تھی۔ بیشک وہ

مِنْ قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ﴿۴۳﴾ قِيْلَ لَهَا ادْخُلِي الصَّرْحَ ۚ فَلَمَّا رَاَتْهُ

مِنْ قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ﴿۴۳﴾	قِيْلَ	لَهَا	ادْخُلِي	الصَّرْحَ	فَلَمَّا	رَاَتْهُ
کافر قوم میں سے	کہا گیا	اس سے	داخل ہو جاؤ	صحن (میں)	تو جب	اس نے دیکھا اسے

کافر قوم میں سے تھی ○ اس سے کہا گیا: صحن میں داخل ہو جاؤ تو جب اس نے اس صحن کو دیکھا

حَسِبَتْهُ لُجَّةً وَّ كَشَفَتْ عَنْ سَاقَيْهَا ؕ قَالَ اِنَّهٗ

حَسِبَتْهُ	لُجَّةً (1)	وَّ	كَشَفَتْ	عَنْ سَاقَيْهَا	قَالَ	اِنَّهٗ
وہ سمجھی اسے	گہرا پانی	اور	اس نے (کپڑا) اٹھا دیا	اپنی پنڈلیوں سے	(سلیمان نے) فرمایا	بیشک وہ

تو اسے گہرا پانی سمجھی اور اپنی پنڈلیوں سے (کپڑا) اٹھا دیا، سلیمان نے فرمایا: یہ تو

صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ مِّنْ قَوَارِيْرَ ؕ قَالَتْ رَبِّ اِنِّيْ

صَرْحٌ	مُّمَرَّدٌ مِّنْ قَوَارِيْرَ	قَالَتْ	رَبِّ	اِنِّيْ
ایک ملائم صحن (ہے)	شیشوں سے جڑاؤ کیا ہوا	اس نے کہا	اے میرے رب	بیشک میں

شیشوں سے جڑاؤ کیا ہوا ایک ملائم صحن ہے۔ اس نے عرض کی: اے میرے رب! میں نے

ظَلَمْتُ نَفْسِيْ وَ اَسْلَمْتُ مَعَ سُلَيْمٰنَ

ظَلَمْتُ	نَفْسِيْ	وَ	اَسْلَمْتُ	مَعَ سُلَيْمٰنَ
میں نے ظلم کیا	اپنی جان (پر)	اور	میں نے گردن رکھی	سلیمان کے ساتھ

اپنی جان پر ظلم کیا اور میں سلیمان کے ساتھ اس اللہ کے حضور گردن رکھتی ہوں

(1) ..... اس آیت میں جو واقعہ بیان کیا گیا کہ شیشے سے بنے ہوئے صحن کو دیکھ کر ملکہ اسے گہرا پانی سمجھی، اس سے یہ سمجھانا بھی مقصود ہو سکتا ہے کہ اشیاء جیسے نظر آئیں حقیقت میں ویسے ہونا ضروری نہیں لہٰذا سورج کی پوجا کو ملکہ بلقیس جیسے درست سمجھتی آرہی تھی وہ حقیقت میں ویسی درست نہیں بلکہ مکمل طور پر خلافِ حقیقت اور خلافِ حق تھی۔

ملکہ کی بارگاہِ سلیمان میں حاضری اور قبولِ اسلام

www.dawateislami.net

ع ٢ ١٣ ١٨

حضرت صالح عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَام کی قوم کو تبلیغ اور قوم کا حال

لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٤٤﴾ ع وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰى ثَمُوْدَ

لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٤٤﴾	وَ	لَقَدْ	اَرْسَلْنَآ	اِلٰى ثَمُوْدَ
تمام جہانوں کے رب اللہ کے حضور	اور	ضرور بیشک	ہم نے بھیجا	ثمود کی طرف

جو سارے جہان کا رب ہے ○ اور بیشک ہم نے ثمود کی طرف

اَخَاهُمْ صٰلِحًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ فَاِذَا هُمْ فَرِيْقٰنِ

اَخَاهُمْ	صٰلِحًا	اَنِ اعْبُدُوا	اللّٰهَ	فَاِذَا	هُمْ	فَرِيْقٰنِ
ان کے (قومی) بھائی	صالح (کو)	کہ تم عبادت کرو	اللہ (کی)	تو اسی وقت	وہ	دو گروہ (بن گئے)

ان کے ہم قوم صالح کو بھیجا کہ (اے لوگو!) اللہ کی عبادت کرو تو اسی وقت وہ جھگڑا کرتے ہوئے

نزول عذاب کے مطالبے پر قوم کو نصیحت

يَخْتَصِمُوْنَ ﴿٤٥﴾ قَالَ يٰقَوْمِ لِمَ تَسْتَعْجِلُوْنَ بِالسَّيِّئَةِ

يَخْتَصِمُوْنَ ﴿٤٥﴾	قَالَ	يٰقَوْمِ	لِمَ	تَسْتَعْجِلُوْنَ	بِالسَّيِّئَةِ
جھگڑا کرتے ہوئے	(صالح نے) فرمایا	اے میری قوم	کیوں	تم جلدی مانگتے ہو	برائی (یعنی عذاب) کو

دو گروہ بن گئے ○ صالح نے فرمایا: اے میری قوم! بھلائی سے پہلے برائی کی جلدی

قَبْلَ الْحَسَنَةِ ۚ لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿٤٦﴾

قَبْلَ الْحَسَنَةِ	لَوْلَا	تَسْتَغْفِرُوْنَ	اللّٰهَ	لَعَلَّكُمْ	تُرْحَمُوْنَ ﴿٤٦﴾
بھلائی سے پہلے	کیوں نہیں	تم بخشش مانگتے	اللہ (سے)	تاکہ تم	تم پر رحم کیا جائے

کیوں کرتے ہو؟ تم اللہ سے بخشش کیوں نہیں مانگتے؟ ہو سکتا ہے تم پر رحم کیا جائے ○

قوم کو بدشگونی لینے پر حضرت صالح عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَام کی نصیحت

قَالُوا اطَّيَّرْنَا بِكَ وَبِمَنْ مَّعَكَ ؕ

قَالُوا اطَّيَّرْنَا (1)	بِكَ	وَ	بِمَنْ	مَّعَكَ
انہوں نے کہا ہم نے برا شگون لیا	تم سے	اور	(ان) سے جو	تمہارے ساتھ (ہیں)

انہوں نے کہا: ہم نے تم سے اور تمہارے ساتھیوں سے برا شگون لیا۔

1 ..... حضرت صالح عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَام کو جھٹلانے کی وجہ سے بارش رک گئی، یوں وہ لوگ قحط میں مبتلا ہو گئے اور بھوکے مرنے لگے۔ ان مصائب کو انہوں نے آپ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَام کی تشریف آوری کی طرف منسوب کیا اور اسے بدشگونی سمجھتے ہوئے کہا کہ (معاذاللہ) ہم تمہیں اور تمہارے ساتھیوں کو منحوس سمجھتے ہیں۔

www.dawateislami.net

قَالَ طٰٓىِٕرُكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ

قَالَ	طٰٓىِٕرُكُمْ	عِنْدَ اللّٰهِ(1)	بَلْ	اَنْتُمْ	قَوْمٌ
(صالح نے) فرمایا	تمہاری بدشگونی	اللہ کے پاس (ہے)	بلکہ	تم	(ایسی) قوم (ہو کہ)

صالح نے فرمایا: تمہاری بدشگونی اللہ کے پاس ہے بلکہ تم ایک ایسی قوم ہو کہ

تُفْتَنُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَكَانَ فِي الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُّفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ

تُفْتَنُوْنَ ﴿۴۷﴾	وَ	كَانَ	فِي الْمَدِيْنَةِ	تِسْعَةُ رَهْطٍ	يُّفْسِدُوْنَ	فِي الْاَرْضِ
تمہیں آزمایا جارہا ہے	اور	تھے	شہر میں	نو شخص	وہ فساد کرتے تھے	زمین میں

تمہیں آزمایا جارہا ہے ○ اور شہر میں نو شخص تھے جو زمین میں فساد کرتے تھے

وَلَا يُصْلِحُوْنَ ﴿۴۸﴾ قَالُوْا تَقَاسَمُوْا بِاللّٰهِ

وَ	لَا يُصْلِحُوْنَ ﴿۴۸﴾	قَالُوْا	تَقَاسَمُوْا	بِاللّٰهِ
اور	اصلاح نہیں کرتے تھے	انہوں نے کہا	آپس میں قسمیں کھاتے ہوئے	اللہ کی

اور اصلاح نہیں کرتے تھے ○ انہوں نے آپس میں اللہ کی قسمیں کھا کر کہا:

لَنُبَيِّتَنَّهٗ وَاَهْلَهٗ ثُمَّ لَنَقُوْلَنَّ

لَنُبَيِّتَنَّهٗ	وَ	اَهْلَهٗ	ثُمَّ	لَنَقُوْلَنَّ
ضرور ہم رات کو چھاپا ماریں گے اس (صالح) پر	اور	اس کے گھر والوں (پر)	پھر	ضرور ہم کہیں گے

ہم رات کے وقت ضرور صالح اور اس کے گھر والوں پر چھاپا ماریں گے پھر اس کے وارث سے

لِوَلِيِّهٖ مَا شَهِدْنَا مَهْلِكَ اَهْلِهٖ وَاِنَّا

لِوَلِيِّهٖ	مَا شَهِدْنَا	مَهْلِكَ اَهْلِهٖ	وَ	اِنَّا
اس کے وارث سے	ہم حاضر نہ تھے	اس کے گھر والوں کے قتل کے وقت	اور	بیشک ہم

کہیں گے کہ اس گھر والوں کے قتل کے وقت ہم حاضر نہ تھے اور بیشک ہم

وفسادیوں کا ناپاک ارادہ

1 ..... اس کا معنی یہ ہے کہ تمہیں جو بھلائی اور برائی پہنچتی ہے وہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے ہے اور وہ تمہاری تقدیر میں لکھی ہوئی ہے۔ یا یہ معنی ہے کہ تمہارے پاس جو بدشگونی آئی یہ تمہارے کفر کے سبب اللہ تعالیٰ کی طرف سے آئی ہے۔ یاد رہے کہ بندے کو پہنچنے والی مصیبتیں اس کی تقدیر میں لکھی ہوئی ہیں اور کوئی مصیبت اللہ تعالیٰ کے حکم کے بغیر نہیں آتی اور مصیبتیں آنے کا عمومی سبب بندے کے اپنے برے اعمال ہیں، جب ایسا ہے تو کسی چیز سے بدشگونی لینا اور اپنے اوپر آنے والی مصیبت کو اس کی نحوست جاننا درست نہیں حدیث پاک میں ہے: بدشگونی شرک (یعنی مشرکوں کا سا کام) ہے اور ہمارے ساتھ اس کا کوئی تعلق نہیں، (ابوداؤد، کتاب الطب، باب فی الطیرۃ، ۴/۱۷، حدیث: ۳۹۱۰)

www.dawateislami.net

فسادیوں کی سازش اور اللہ تعالیٰ کی خفیہ تدبیر

لَصٰدِقُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَمَكَرُوْا مَكْرًا وَّمَكَرْنَا مَكْرًا

لَصٰدِقُوْنَ ﴿۴۹﴾	وَ	مَكَرُوْا (1)	مَكْرًا	وَّ	مَكَرْنَا	مَكْرًا
ضرور سچے (ہیں)	اور	انہوں نے سازش کی	سازش کرنا	اور	ہم نے خفیہ تدبیر فرمائی	خفیہ تدبیر کرنا

سچے ہیں ○ اور انہوں نے سازش کی اور ہم نے اپنی خفیہ تدبیر فرمائی

فسادیوں کی سازش کا انجام

وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۵۰﴾ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ مَكْرِهِمْ ۙ اَنَّا

وَّ	هُمْ	لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۵۰﴾	فَانْظُرْ	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ مَكْرِهِمْ	اَنَّا
اور	وہ	بے خبر تھے	تو دیکھو	کیسا	ہوا	ان کی سازش کا انجام	بیشک ہم

اور وہ غافل رہے ○ تو دیکھو کہ ان کی سازش کا کیسا انجام ہوا؟ ہم نے

ہلاکت کے بعد قوم صالح کے گھروں کا حال

دَمَّرْنٰهُمْ وَقَوْمَهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۵۱﴾ فَتِلْكَ بُيُوْتُهُمْ

دَمَّرْنٰهُمْ	وَ	قَوْمَهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۵۱﴾	فَتِلْكَ	بُيُوْتُهُمْ
ہم نے ہلاک کر دیا انہیں	اور	ان کی ساری قوم (کو)	تو یہ	ان کے گھر

انہیں اور ان کی ساری قوم کو ہلاک کر دیا ○ تو یہ ان کے گھر

خَاوِيَةً بِمَا ظَلَمُوْا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

خَاوِيَةً	بِمَا	ظَلَمُوْا	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ
ویران، گرے پڑے (ہیں)	(اس کے) سبب جو	انہوں نے ظلم کیا	بیشک	اس میں

ان کے ظلم کے سبب ویران پڑے ہیں، بیشک اس میں

اہل ایمان کی نجات

لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَاَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ

لَاٰيَةً	لِّقَوْمٍ	يَّعْلَمُوْنَ ﴿۵۲﴾	وَ	اَنْجَيْنَا	الَّذِيْنَ
ضرور نشانی (ہے)	(ان) لوگوں کے لئے	(جو) جانتے ہیں	اور	ہم نے بچالیا	ان لوگوں کو جو

جاننے والوں کیلئے (عبرت کی) نشانی ہے ○ اور ہم نے ان لوگوں کو بچالیا

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) اللہ تعالیٰ اسے توکل کے ذریعے دور کر دیتا ہے۔ (ابو داؤد، ۴/۲۳، الحدیث: ۳۹۱۰)

1 ..... یعنی ان لوگوں نے حضرت صالح عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام اور ان کے گھر والوں پر شب خون مارنے کی سازش تیار کی اور ہم نے ان کی سازش کی سزا یہ دی کہ ان کے عذاب میں جلدی فرمائی اور وہ ہماری خفیہ تدبیر سے غافل رہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ اپنے خاص بندوں کا حافظ و ناصر ہے اور انہیں لوگوں کے خفیہ شر سے بچاتا ہے۔

www.dawateislami.net

اٰمَنُوْا وَ كَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿۵۳﴾ وَ لُوْطًا اِذْ قَالَ

اٰمَنُوْا	وَ	كَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿۵۳﴾	وَ	لُوْطًا	اِذْ	قَالَ
ایمان لائے	اور	وہ ڈرتے تھے	اور	لوط (کو یاد کرو)	جب	اس نے کہا

جو ایمان لائے اور ڈرتے تھے ○ اور لوط کو یاد کرو جب اس نے اپنی قوم سے

لِقَوْمِهٖۤ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ وَ اَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ﴿۵۴﴾

لِقَوْمِهٖۤ	اَتَاْتُوْنَ	الْفَاحِشَةَ	وَ	اَنْتُمْ	تُبْصِرُوْنَ ﴿۵۴﴾ (1)
اپنی قوم سے	کیا تم کرتے ہو	بے حیائی کا کام	اور (حالانکہ)	تم	دیکھ رہے ہو

فرمایا: کیا تم بے حیائی کا کام کرتے ہو حالانکہ تم دیکھ رہے ہو ○

اَئِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ؕ

اَئِنَّكُمْ	لَتَاْتُوْنَ	الرِّجَالَ	شَهْوَةً	مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ
کیا بیشک تم	ضرور آتے ہو	مردوں (کے پاس)	شہوت (سے)	عورتوں کی بجائے

کیا تم عورتوں کو چھوڑ کر مردوں کے پاس شہوت سے جاتے ہو

بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ﴿۵۵﴾ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖۤ اِلَّاۤ

بَلْ	اَنْتُمْ	قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ﴿۵۵﴾ (2)	فَمَا كَانَ	جَوَابَ قَوْمِهٖۤ	اِلَّاۤ
بلکہ	تم	جاہل لوگ ہو	تو نہ تھا	اس کی قوم کا جواب	مگر

بلکہ تم جاہل لوگ ہو ○ تو اس کی قوم کا اس کے سوا کچھ جواب نہ تھا

اَنْ قَالُوْۤا اَخْرِجُوْۤا اٰلَ لُوْطٍ مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ۚ

اَنْ	قَالُوْۤا	اَخْرِجُوْۤا	اٰلَ لُوْطٍ	مِّنْ قَرْيَتِكُمْ
یہ کہ	انہوں نے کہا	نکال دو	لوط کے گھر والوں (کو)	اپنی بستی سے

کہ کہنے لگے کہ لوط کے گھر والوں کو اپنی بستی سے نکال دو،

1 .....اس قول کا معنی یہ ہے کہ کیا تم بدفعلی پر اتر آئے ہو حالانکہ تم اس فعل کی قباحت جانتے ہو۔ یا یہ معنی ہے کہ کیا تم بے حیائی پر اتر آئے ہو اور تم ایک دوسرے کے سامنے بے پردہ ہو کر اعلانیہ بدفعلی کا ارتکاب کرتے ہو۔ یا یہ معنی ہے کہ تم اپنے سے پہلے نافرمانی کرنے والوں کی تباہی اور اُن کے عذاب کے آثار دیکھتے ہو پھر بھی اس بدعملی میں مبتلا ہو۔ 2 .....مردوں کے فطری تقاضے کی تسکین کے لئے عورتیں بنائی گئی ہیں اور ان سے شرعی احکام کے مطابق شہوت پوری کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔ جبکہ ہم جنس پرستی، کھلے عام جانوروں کی طرح زناکاری فطرت سے بغاوت ہے، اس بغاوت کا نتیجہ کسی صاحبِ نظر سے پوشیدہ نہیں۔

www.dawateislami.net

قوم لوط پر پتھر برسا کر خدا نے انہیں

اِنَّهُمْ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ ﴿٥٦﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَ

اِنَّهُمْ	اُنَاسٌ	يَّتَطَهَّرُوْنَ ﴿٥٦﴾ (1)	فَاَنْجَيْنٰهُ	وَ
بیشک وہ	لوگ	بڑے پاک صاف بنتے ہیں	تو ہم نے نجات دی اس (لوط) کو	اور

بیشک یہ ایسے لوگ ہیں جو بڑے پاک صاف بنتے ہیں ○ تو ہم نے اسے اور

اَهْلَهٗۤ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۫ قَدَّرْنٰهَا مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿٥٧﴾

اَهْلَهٗۤ	اِلَّا	امْرَاَتَهٗ	قَدَّرْنٰهَا	مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿٥٧﴾
اس کے گھر والوں (کو)	مگر	اس کی بیوی	ہم نے مقرر کر دیا تھا اسے	پیچھے رہ جانے والوں میں سے

اس کے گھر والوں کو نجات دی مگر اس کی عورت کو، ہم نے اسے پیچھے رہ جانے والوں میں سے مقرر کر دیا تھا ○

وَ اَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿٥٨﴾ ع ١٤/٩

وَ	اَمْطَرْنَا	عَلَيْهِمْ	مَّطَرًا	فَسَآءَ	مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿٥٨﴾
اور	ہم نے برسائی	ان پر	بارش	تو کتنی بری (تھی)	ڈرائے جانے والوں کی بارش

اور ہم نے ان پر ایک بارش برسائی تو ڈرائے جانے والوں کی بارش کتنی بری تھی ○

حمد الٰہی اور چنے ہوئے بندوں پر سلام کی تاکید

قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ سَلٰمٌ عَلٰى عِبَادِهِ

قُلِ	الْحَمْدُ	لِلّٰهِ	وَ	سَلٰمٌ	عَلٰى عِبَادِهِ
تم کہو	تمام تعریفیں	اللہ کے لئے (ہیں)	اور	سلام (ہو)	اس کے بندوں پر

تم کہو: تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں اور ان بندوں پر سلام ہو

الَّذِيْنَ اصْطَفٰى ؕ آٰللّٰهُ خَيْرٌ اَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٥٩﴾

الَّذِيْنَ	اصْطَفٰى	آٰللّٰهُ	خَيْرٌ	اَمَّا	يُشْرِكُوْنَ ﴿٥٩﴾
وہ لوگ جنہیں	اس نے چن لیا	کیا اللہ	بہتر (ہے)	یا جنہیں	وہ شریک ٹھہراتے ہیں

جنہیں اللہ نے چن لیا ہے۔ کیا اللہ بہتر یا ان کے خود ساختہ شریک؟ ○

1 ..... قوم لوط کا یہ قول بد باطنی کی انتہا ہے کہ اپنی خبیث حرکتوں کو برا سمجھنے اور ان سے باز آنے کی بجائے حضرت لوط عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام اور ان کے ساتھیوں کا مذاق اڑا رہے ہیں کہ یہ بڑے پاکباز بنتے پھرتے ہیں۔ ہمارا معاشرہ بھی ایسی کئی شناعتوں کا مرتکب ہو چکا ہے کہ یہاں فساق و فجار تو اپنے افعال پر فخر کرتے ہیں جبکہ مذہب، مذہبی لوگوں اور ان کے مذہبی افعال کا مذاق اڑایا جاتا ہے۔

www.dawateislami.net